کہا جاتا ہے کہ ایک بندر نے بڑھئی کو لکڑی چیرتے ہوئے دیکھا وہ اس (لکڑی) پر سوار تھا اور جب بھی وہ اس کو ایک ہاتھ کاٹ لیتا تو اس میں ایک کیل داخل کر دیتا پس بندر کھڑا اس کو دیکھ رہا تھا۔ اور اس کو یہ (منظر) پسند آیا پھر بڑھئی اپنے کسی کام کے لئے گیا پس بندر لکڑی پر سوار ہو گیا اس کا چہرہ کیل کی طرف تھا اور اسکی دم لکڑی کی طرف تھی۔ پس اس کی دم سوراخ میں لٹک گئی اس نے کیل کھینچا پس چیر اس پر (دم پر) مل گیا۔ وہ تکلیف کی وجہ سے بیہوش ہونے کے قریب ہی تھا۔

پھر بڑھئی لوٹا اور اسے اس حالت میں پایا تو اس کو مارنے کے لئے آگے بڑھا پس جو تکلیف اس کو بڑھئی سے پہنچی تھی وہ اس تکلیف سے زیادہ تھی جو اس کو لکڑی سے پہنچی تھی۔

٣۔ اَلثَّعْلَبُ وَالطَّبْلُ

لومڑ اور ڈھول

حُكِيَ أَنَّ ثَعْلَبًا أَتٰى أَجَمَةً فِيهَا طَبْلٌ مُعَلَّقٌ عَلٰى شَجَرَةٍ وَكُلَّمَا هَبَّتِ الرِّيحُ عَلٰى قُضْبَانِ تِلْكَ الشَّجَرَةِ حَرَّكَتْهَا فَضَرَبَتِ الطَّبْلَ فَسُمِعَ لَهُ صَوْتٌ عَظِيمٌ بَاهِرٌ۔

حکایت بیان کی جاتی ہے کہ ایک لومڑ جنگل میں آیا تو اس نے ایک درخت پر ایک ڈھول لٹکا ہوا دیکھا جب کبھی ہوا اس درخت کی شاخوں پر چلتی تو اس کو ہلانے لگتی اور ڈھول بجنے لگتا اور اس سے بہت شاندار آوازیں سنائی دینے لگتیں۔

فَتَوَجَّهَ الثَّعْلَبُ نَحْوَهُ لِأَجْلِ مَاسَمِعَ مِنْ عَظِيمِ صَوْتِهِ فَلَمَّا أَتَاهُ وَجَدَهُ ضَخْمًا فَأَيْقَنَ فِي نَفْسِهِ بِكَثْرَةِ الشَّحْمِ وَاللَّحْمِ۔

پس اس نے اس پر حملہ کر دیا یہاں تک کہ اس کو پھاڑ ڈالا پس جب اس نے اسکو خالی دیکھا تو کہا میں نہیں جانتا تھا کہ کھوکھلی اشیاء خالی پیٹ اور بڑے جسم والی ہوتی ہیں۔

فَعَالَجَه، حَتّٰى شَقَّه، فَلَمَّا رَآهُ أَجْوَفَ لَاشَيْءَ فِيهِ قَالَ: لَاأَدْرِيْ لَعَلَّ أَفْشَلَ لْأَشْيَاءَ أَجْهَرُها صَوْتًا وَّأَعْظَمُهَاجُثَّةً۔

لومڑ اس عظیم آواز کو سننے کے لئے اس کی طرف متوجہ ہوا جب وہ آیا تو اس نے اسکو (ڈھول) بھاری پایا اور اپنے دل میں اس نے اسکو بہت چربی اور گوشت والا سمجھا

اَلتَّمَارِيْنُ

س 1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ مَاذَا اشْتَدَّ عَلَى الرَّجُلِ وَهُوَ يَمْشِيْ بِالطَّرِيْقِ؟

آدمی جب راستے پر چل رہا تھا تو اس پر کس چیز نے شدت کی؟

اِشْتَدَّ عَلَيْهِ الْعَطْشُ

۲۔ مَاذَا قَالَ الرَّجُلُ فِيْ نَفْسِهِ حِيْنَ رَأٰى كَلْبًا يَلْهَثُ؟

آدمی نے اپنے دل میں کیا سوچا جب اس نے کتے کو ہانپتے ہوئے دیکھا؟

قَالَ : لَقَدْ بَلَغَ هٰذَا مِثْلَ الَّذِيْ بَلَغْتُ

۳۔ كَيْفَ سَقَى الرَّجُلُ الْكَلْبَ مِنْ مَّاءِ الْبِئْرِ؟

آدمی نے کتے کو کنوئیں کا پانی کیسے پلایا؟

نَزَلَ فِي الْبِئْرِ فَمَلَأَ خُفَّهُ مَاءً ثُمَّ أَمْسَكَهُ بِفِيْهِ حَتّٰى رَقِيَ فَسَقَى الْكَلْبَ

٤۔ مَاذَا كَانَ النَّجَّارُ يَعْمَلُ حِيْنَ رَآهُ الْقِرْدُ؟

جب بندر نے بڑھئی کو دیکھا تو بڑھئی کیا کر رہا تھا؟

اِنَّ قِرْدًا رَأٰى نَجَّارًا يَّشُقُّ خَشَبَةً

٥۔ كَيْفَ كَانَ صَوْتُ الطَّبْلِ يُسْمَعُ مِنْ بَعِيْدٍ؟

دور سے ڈھول کی آواز کیسی سنائی دیتی تھی؟

يُسْمَعُ مِنْ بَعِيْدٍ صَوْتُ عَظِيْمٌ بَاهِرٌ۔

س 2۔ صَحِّحِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو درست کریں:

۱۔ كَانَتِ الْكَلْبُ عَطْشَانٌ يَأْكُلُ الثَّرٰى وَتَلْهَثُ۔

كَانَ الْكَلْبُ عَطْشَانٌ يَأْكُلُ الثَّرٰى وَيَلْهَثُ

۲۔ أَحَسَّ الرَّجُلُ بِالْعَطَشِ قَدِ اشْتَدَّتْ وَهُوَ يَمْشِیْ بِطَرِيْقٍ۔

أَحَسَّ الرَّجُلُ بِالْعَطَشِ قَدِ اشْتَدَّ وَهُوَ يَمْشِیْ بِطَرِيْقٍ۔

۳۔ كَانَ النَّجَّارُ تَشُقُّ الْخَشَبَةَ وَهُوَ رَاكِبٌ عَلَيْهِ۔

كَانَ النَّجَّارُ يَشُقُّ الْخَشَبَةَ وَهُوَ رَاكِبٌ عَلَيْهَا

س3۔ هَاتِ الْجَمْعَ لِلْمُفْرَدَاتِ الْآتِيَةِ:

نیچے دیئے ہوئے مفردات کی جمع لکھیں۔

مفرد	جمع	مفرد	جمع
رَجُلٌ	رِجَالٌ	مِثْلٌ	اَمْثَالٌ
طَرِيْقٌ	طُرُقٌ	فَمٌ	اَفْوَاهٌ
بِئْرٌ	آبَارٌ	خُفٌّ	اَخْفَافٌ
كَلْبٌ	كِلَابٌ	كَبِدٌ	اَكْبَادٌ
		أَجْرٌ	أُجُوْرٌ
		قِرْدٌ	قُرُوْدٌ

س4۔ تَرْجِمْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

آدمی کو سخت پیاس لگی	اِشْتَدَّ الْعَطَشُ عَلَى الرَّجُلِ
اس نے کنوئیں میں اتر کر پانی پیا	نَزَلَ فِی الْبِئْرِ وَشَرِبَ الْمَاءَ
بندر کو منظر پسند آیا	أَعْجَبَ الْقِرْدُ الْمَنْظَرُ
بندر کی دم سوراخ میں پھنس گئی۔	تَدَلّٰى ذَنَبُ الْقِرْدِ فِی الشَّقِّ
بڑھئی نے بندر کو بہت مارا۔	ضَرَبَ النَّجَّارُ قِرْدًا بِشِدَّةٍ

......☆......

اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ عَشَرَ (گیارھواں سبق)

نبوت کی ہدایات میں سے (۲)

رَسُوْلُ اللّٰہِ یَأْمُرُنَا بِالْأَخْلَاقِ الْحَسَنَۃِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اخلاق حسنہ کا حکم دیتے ہیں

لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ سَیِّدُنَا	ہمارے سردار	۲۔ أَحْسَنُ	سب سے بہترین
۳۔ أَکْرَمُ	سب سے زیادہ کریم	٤۔ خُلُقٌ	اخلاق
۵۔ أَغْرَاضٌ	مقاصد	٦۔ بُعِثْتُ	مجھے بھیجا گیا
۷۔ أَخْبَرَ	خبر دی	۸۔ أُتَمِّمُ	مکمل۔ تکمیل
۹۔ مَکَارِمُ	بلند۔ اچھے۔ اعلیٰ	۱۰۔ أَمَرَ	اس نے حکم دیا
۱۱۔ أُمُوْر	کام	۱۲۔ أَوْسَطُ	میانہ روی
۱۳۔ خِیَارٌ	بہت۔ اچھا	١٤۔ نِسَاءٌ	عورتیں
۱۵۔ تَوَاضَعَ	اس نے عاجزی کی	١٦۔ وَضَعَ	اس نے گرا دیا
۱۷۔ خَرَجَ	وہ نکلا	۱۸۔ یَرْجِعُ	وہ لوٹتا ہے
۱۹۔ یُرِدُ	وہ چاہتا ہے	۲۰۔ خَیْرٌ	بھلائی
۲۱۔ یُقْبَلُ	قبول کیا جاتا ہے	۲۲۔ طُوْبیٰ	خوشخبری دو
۲۳۔ عَلِمَ	سکھایا گیا	٢٤۔ کَسْبٌ	کمائی
۲۵۔ یَدَیٔ	دونوں ہاتھ	٢٦۔ عَامِلٌ	کام کرنے والا
۲۷۔ نَصَحَ	وہ خیر خواہی کرے	۲۸۔ نِصْفُ	آدھا
۲۹۔ اَلطَّاعِمُ	کھانے والا	۳۰۔ صَائِمٌ	روزہ رکھنے والا
۳۱۔ رِفْقٌ	نرمی	۳۲۔ ذَانَ	اس نے زینت دی
۳۳۔ یُنْزَعُ	چھین لی جاتی ہے	٣٤۔ شَانَ	برا بنا دیا

۳۵۔ أَوْلٰی	سب سے زیادہ قریب	۳۶۔ اَلْمُتَّقُوْنَ	پرہیزگار (جمع)
۳۷۔ حَیْثُ	جہاں کہیں	۳۸۔ تَفَکَّرُوْا	تم غور و فکر کرو
۳۹۔ تُقَدِّرُوْا	تم اندازہ لگاؤ	۴۰۔ قُدْرَۃٌ	قدرت

اردو ترجمہ

كَانَ سَيِّدُنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ أَحْسَنَ النَّاسِ وَ أَكْرَمَهُمْ خُلُقًا وَهُوَمِنْ أَغْرَاضِ بِعْثَتِهٖ كَمَا أَخْبَرَنَا بِهٖ فَقَالَ: إِنَّمَا بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْأَخْلَاقِ وَمَحَاسِنَ الْأَعْمَالِ۔ وَقَدْ أَمَرَ اُمَّتَهٗ بِحُسْنِ الْخُلُقِ فَمِنْ ذٰلِكَ مَاقَالَ:

ہمارے سردار اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں میں سب سے زیادہ اچھے اور اخلاق میں سب سے زیادہ کریم تھے اور یہی آپکے مبعوث کیے جانے کی غرض تھی جیسا کہ آپ نے ہمیں اسکے بارے میں خبر دی تھی پس آپ نے فرمایا "بے شک مجھے بلند اخلاق اور اچھے اعمال کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہے" آپ ﷺ نے اپنی امت کو حسن اخلاق کا حکم دیا پس اس میں سے ہے جو آپ ﷺ نے فرمایا:

۱۔ **خَيْرُ الْأُمُوْرِ أَوْسَطُهَا۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)**

۱۔ بہترین کام میانہ روی ہے۔

۲۔ **أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ إِيْمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَّخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَآئِهِمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)**

۲۔ لوگوں میں کامل ایمان والا وہ ہے جو ان میں اخلاق کے لحاظ سے اچھا ہے اور تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنی عورتوں کے لئے بہتر ہے۔

۳۔ **مَنْ تَوَاضَعَ لِأَخِيْهِ الْمُسْلِمِ رَفَعَهُ اللّٰهُ وَمَنِ ارْتَفَعَ عَلَيْهِ وَضَعَهُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ الطَّبْرَنِيُّ)**

۳۔ جو کوئی اپنے مسلمان بھائی کے لئے عاجزی کرتا ہے۔ اللہ اسکا مرتبہ بلند کرتا ہے اور جو کوئی اس پر غرور کرتا ہے اللہ اس کو گرا دیتا ہے۔

۴۔ **مَنْ خَرَجَ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَرْجِعَ۔**

۴۔ جو طلب علم کے لئے نکلا وہ اللہ کی راہ میں ہے یہاں تک کہ وہ لوٹ آئے۔

۵۔ مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ۔

۵۔ اللہ جس کے ساتھ بھلائی کرنا چاہتا ہے اس کو دین میں سمجھ دیتا ہے۔

٦۔ لَایُقْبَلُ إِیْمَانٌ بِلَا عَمَلٍ وَلَا عَمَلٌ بِلَا إِیْمَانٍ۔

۶۔ عمل کے بغیر ایمان اور ایمان کے بغیر عمل قبول نہیں کیا جاتا۔

٧۔ طُوْبٰی لِمَنْ عَلِمَ بِعِلْمٍ۔

۷۔ خوشخبری سنا دیجیے اسے جس نے علم کے ذریعے سیکھا۔

٨۔ خَیْرُ الْکَسْبِ کَسْبُ یَدَیْ عَامِلٍ إِذَا نَصَحَ

۸۔ بہترین کمائی کام کرنے والے کی ہاتھ کی کمائی ہے۔ جب وہ خیر خواہی کر رہا ہو۔

٩۔ لَاإِیْمَانَ لِمَنْ لَّا أَمَانَۃَ لَہٗ وَلَا دِیْنَ لِمَنْ لَّا عَھْدَلَہٗ

۹۔ صبر نصف ایمان ہے اور یقین مکمل ایمان ہے۔

١٠۔ اَلصَّبْرُ نِصْفُ الْإِیْمَانِ وَالْیَقِیْنُ اَلْإِ یْمَانُ کُلُّہٗ۔

۱۰۔ کھا کر شکر ادا کرنے والا روزے دار صابر کی طرح ہے۔

١١۔ اَلطَّاعِمُ الشَّاکِرُ کَالصَّائِمِ الصَّابِرِ۔

۱۱۔ بے شک نرمی جس چیز میں ہو اس کو خوبصورتی بخشتی ہے اور جس چیز سے نکال لی جائے اسے بدصورت بنا دیتی ہے۔

١٢۔ إِنَّ الرِّفْقَ لَا یَکُوْنُ فِیْ شَیْءٍ إِلَّا زَانَہٗ وَلَا یُنْزَعُ مِنْ شَیْءٍ إِلَّاشَانَہٗ۔

۱۲۔ بے شک لوگوں میں سے میرے سب سے زیادہ قریب متقی ہے وہ جو کوئی بھی ہو اور جہاں کہیں بھی ہو۔

١٣۔ إِنَّ أَوْلَی النَّاسِ بِیَ الْمُتَّقُوْنَ مَنْ کَانُوْا وَحَیْثُ کَانُوْا۔

۱۳۔ اللہ کی مخلوق پر غور کرو اللہ پر غور نہ کرو۔

١٤۔ تَفَکَّرُوْا فِیْ خَلْقِ اللّٰہِ وَلَاتَتَفَکَّرُوْا فِی اللّٰہِ فَإِنَّکُمْ لَنْ تَقْدِرُوْا قَدْرَہٗ۔

۱۴۔ پس بے شک تم اس کی قدرت کا اندازہ نہیں لگا سکتے۔ کیونکہ تم اس کی عظمت کے بارے میں غور مت کرو۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ اِحْفَظِ الْحَدِيْثَ النَّبَوِيَّ:

حدیث نبوی کو یاد کرو:

"اِنَّمَا بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ مَكَارِمَ الْأَخْلَاقِ وَمَحَاسِنَ الْأَعْمَالِ"

س2۔ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِيْ مِنَ الْأَسْئِلَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیجیے:

١۔ مَنْ هُوَ أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ إِيْمَانًا؟

مومنوں میں سے کامل ترین ایمان والا کون ہے؟

اَلَّذِيْ أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

٢۔ كَيْفَ يُعَرِّفُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الصَّبْرَ وَالرِّفْقَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبر اور نرمی کی تعریف کیسے کرتے ہیں؟

اَلرِّفْقُ زِيْنَةٌ وَالصَّبْرُ نِصْفُ الْإِيْمَانِ

٣۔ قَدْ ذُكِرَ التَّوَاضُعُ وَالتَّرَفُّعُ فِيْ حَدِيْثٍ وَّاحِدٍ مِّنْ هٰذَا الدَّرْسِ فَمَا هُوَ الْحَدِيْثُ؟

تواضع اور تکبر کا ذکر اس سبق کی ایک حدیث میں کیا گیا ہے وہ کونسی حدیث ہے۔

مَنْ تَوَاضَعَ لِأَخِيْهِ الْمُسْلِمِ رَفَعَهُ اللّٰهُ وَمَنِ ارْتَفَعَ عَلَيْهِ وَضَعَهُ اللّٰهُ

س3۔ أَكْمِلِ الْجُمَلَ التَّالِيَةَ بِكَلِمَةٍ مُّنَاسِبَةٍ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں:

١۔ مَنِ ارْتَفَعَ عَلٰى أَخِيْهِ الْمُسْلِمِ وَضَعَهُ اللّٰهُ۔

٢۔ لَا يُقْبَلُ اِيْمَانٌ بِلَا عَمَلٍ وَّلَا عَمَلٌ بِلَا إِيْمَانٍ۔

٣۔ وَلَادِيْنَ لِمَنْ لَّا عَهْدَ لَهٗ

س4۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو اعراب لگائیں:

١۔ طوبى لمن علم بعلم

طُوْبٰى لِمَنْ عَلِمَ بِعِلْمٍ

۲۔ من اولی برسول الله صلی الله علیه و آله وسلم؟

مَنْ اَوْلٰی بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ؟

۳۔ هل الیقین نصف الایمان

هَلِ الْیَقِیْنُ نِصْفُ الْاِیْمَانِ۔

س5۔ **خُذْ عَشَرَةَ أَسْمَاءٍ مِنَ الدَّرْسِ ثُمَّ اکْتُبْهَا جَمْعًا وَّ مُفْرَدًا:**

سبق سے دس اسم لیں پھران کی واحد اور جمع لکھیں:

واحد	جمع	واحد	جمع
اَلدَّرْسُ	اَلدُّرُوْسُ	اَلْخُلُقُ	اَلْاَخلَاقُ
غَرَضٌ	أَغْرَاضٌ	حُسْنٌ	مَحَاسِنُ
اَلْعِلْمُ	اَلْعُلُوْمُ	اَلشَّاکِرُ	اَلشَّاکِرُوْنَ
عَمَلٌ	أَعْمَالٌ	اَلْمُتَّقِی	اَلْمُتَّقُوْنَ
إِمْرَأَۃٌ	نِسَاءٌ	خَیْرٌ	خِیَارٌ
دِیْنٌ	اَدْیَانٌ	اَمْرٌ	أُمُوْرٌ

س6۔ **تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّةِ:**

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ میانہ روی اختیار کرو۔

تَعَوَّدُوا الْاِعْتِدَالَ

۲۔ ہاتھ سے روزی کماؤ

اِکْتَسِبُوْا بِاَیْدِیْکُمْ

۳۔ اخلاص سے ایمان مضبوط ہوتا ہے۔

اَلْاِخْلَاصُ یُقَوِّی الْاِیْمَانَ

۴۔ نرمی اچھی چیز ہے۔

اَلرِّفْقُ جَیِّدٌ

۵۔ اللہ کا شکر ادا کرو۔

اُشْکُرُوا اللّٰهَ

OOOOOOOOOO

اَلدَّرْسُ الثَّانِیْ عَشَرَ (بارھواں سبق)

منتخب اشعار (۲)

شِعْرُ الْمَدَائِحِ النَّبَوِیَّۃِ

مدح نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے اشعار

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ یَجْلُوْا	وہ دور کرتا ہے	۲۔ یُوْحٰی	وحی کی جاتی ہے
۳۔ یَقُوْلُ	وہ کہتا ہے	٤۔ یَهْدِیْنَا	وہ ہمیں ہدایت دیتا ہے
۵۔ نَخْشٰی	ہم ڈرتے ہیں	٦۔ ضَلَالٌ	گمراہی
۷۔ یَخُوْنُ	وہ خیانت کرتا ہے	۸۔ یُخَبِّرُنَا	وہ ہمیں خبر دیتا ہے
۹۔ یَخُوْنُ	وہ خیانت کرتا ہے	۱۰۔ یَحُوْلُ	وہ دھوکہ دیتا ہے
۱۱۔ نَرٰی	ہم دیکھتے ہیں	۱۲۔ عَدِیْلٌ	ہم پلہ۔ برابر
۱۳۔ تَرَقَطُّ	کبھی نہ دیکھا	١٤۔ عَیْنٌ	آنکھ
۱۵۔ خُلِقْتَ	پیدا کیا گیا	١٦۔ مُبَرَّأً	بے عیب
۱۷۔ تَشَاءُ	تو چاہے	۱۸۔ شَهِدَتْ	اس عورت نے گواہی دی
۱۹۔ مَوْلُوْدٌ	پیدا شدہ بچہ	۲۰۔ عَمَّتْ	چھا گئے
۲۱۔ عِبَادٌ	بندے	۲۲۔ بَرِیَّۃٌ	مخلوق
۲۳۔ ضَوْءٌ	روشنی	۲٤۔ قَمَرٌ	چاند
۲۵۔ مُبَیِّنَۃٌ	واضح۔ روشن	۲٦۔ آیَاتٌ	نشانیاں
۲۷۔ بَدِیْهَۃٌ	چہرہ۔ ظاہری خدوخال	۲۸۔ أَتَیْنَا	ہم آئے
۲۹۔ زَحْفٌ	لشکر	۳۰۔ یُحِیْطُ	وہ گھیراؤ کرتا ہے

٣١۔ سُوَرٌ	دیواریں	٣٢۔ حِصْنٌ	قلعہ
٣٣۔ صُفُوْفٌ	صفیں	٣٤۔ رَئِیْسٌ	سردار
٣٥۔ صُلْبٌ	خالص نسب	٣٦۔ نَقِیٌّ	پاکیزہ
٣٧۔ رَشِیْدُ الْأَمْرِ	کام کو بہتر چلانے والا	٣٨۔ عَزُوْفٌ	کنارہ کشی کرنے والا
٣٩۔ حِلْمٌ	نرمی	٤٢۔ نَزِقٌ	کمتر
٤٣۔ حَفِیْفٌ	بہتر	٤٤۔ نُطِیْعُ	ہم اطاعت کرتے ہیں
٤٥۔ رَؤُفٌ	شفیق	٤٦۔ أُنْبِئْتُ	مجھے بتایا گیا
٣٧۔ اَوْعَدَنِی	مجھے دھمکی دی	٣٨۔ عَفُوٌ	معافی۔عفو
٣٩۔ مَأْمُوْلٌ	امید کی جاتی ہے	٥٠۔ اَتَیْتُ	میں آیا
٥١۔ عُذْرٌ	عذر۔معافی	٥٢۔ مَقْبُوْلٌ	قبول کی گئی

اردو ترجمہ

ابوسفیان بن حارث رضی اللہ عنہ نے کہا

نَبِیٌّ کَانَ یَجْلُو الشَّكَ عَنَّا
بِمَا یُوحٰی إِلَیْهِ وَمَا یَقُولُ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے نبی ہیں جو اپنی وحی اور فرمان سے شک کو دور کر دیتے ہیں۔

وَیَهْدِیْنَا فَلَا نَخْشٰی ضَلَالًا
عَلَیْنَا وَالرَّسُوْلُ لَنَا دَلِیْلُ

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں ہدایت دے رہے ہیں پس ہمیں گمراہ ہو جانے کا کوئی ڈر نہیں جبکہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے رہنما ہیں۔

یُخْبِرُنَا بِظَهْرِ الْغَیْبِ عَمَّا
یَکُوْنُ فَلَا یَخُوْنُ وَلَا یَحُوْلُ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم بن دیکھے واقع ہونے والی چیزوں کے بارے میں خبر دیتے ہیں

وَالْعُذْرُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَقْبُوْلُ

پس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس معذرت طلب کرنے آیا ہوں اور حضور ﷺ کے پاس معذرت قبول کر لی جاتی ہے۔

ا۔ ”ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب“

شاعر کا تعارف:۔

ابوسفیان بن عبدالمطلب قریش میں سے تھے۔ شروع میں اسلام کا بدترین دشمن تھا لیکن بعد میں اسلام لایا۔ حضور ﷺ اکرم کو ابوسفیان کے ایمان لانے سے بہت خوشی ہوئی۔ حضور ﷺ نے اسکو عزت بخشی۔ یہ قریشی سرداروں میں سے تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر اسے معاف کر دیا۔ اس کے گھر کو دارالامن (امن کی جگہ) قرار دیا۔ اسلام لانے کے بعد آپ حضور اکرم ﷺ کی مدح میں لگے رہتے تھے۔

شعر 1:

نَبِیٌّ کَانَ یَجْلُوا الشَّکَّ عَنَّا
بِمَا یُوْحٰی اِلَیْہِ وَمَا یَقُوْلُ

ترجمہ:

آپ ایسے پیغمبر ہیں جو وحی اور اپنے فرمان سے ہم سے شک دور کرتے ہیں۔

تشریح:

حضور ﷺ اپنی تعلیمات سے ہمیں ہدایت دیتے ہیں۔ دنیا کا کوئی بھی معاملہ ہو اس میں آپ ﷺ کی احادیث سے رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ دنیا میں پیش آنے والے تمام مسائل کا حل قرآن اور احادیث رسول سے مل جاتا ہے۔ حضور ﷺ ہم سے شک و شبہ دور کر دیتے ہیں۔ یعنی ایسے تمام مسائل جن میں انسانی عقل کام کرنا چھوڑ دیتی ہے اور سچائی اور برائی میں تمیز نہیں ہوسکتی۔ ایسے موقع پر احادیث رسول ﷺ ہماری رہنمائی کرتی ہیں۔ کیونکہ احادیث رسول ﷺ قرآن کی عملی تفسیر ہیں۔ حضور ﷺ کی ہر بات وحی ہوتی تھی۔ جو ان پر کی جاتی تھی۔ احادیث رسول کے بارے میں سورۃ اسراء کی آیت نمبر 39 میں ارشاد ہے۔

”یہ وہ باتیں ہیں جو تمہارے رب نے حکمت میں سے تم پر وحی کی ہیں“

شعر2:

وَیَھْدِیْنَا فَلَا نَخْشیٰ ضَلَالًا
عَلَیْنَا وَالرَّسُوْلُ لَنَا دَلِیْلُ

ترجمہ:

اور آپ ہمیں ہدایت دیتے ہیں پس اب ہمیں گمراہ ہونے کا کوئی خطرہ نہیں جبکہ رسول ہمارے رہنما ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر ابوسفیان کہتا ہے کہ رسول ﷺ ہمارے ہادی اور رہنما ہیں وہ زندگی کی تاریکیوں میں ہمیں ہدایت دینے والے ہیں۔ جب ہمارے ہادی اور رہنما حضور ﷺ ہیں تو ہمیں کسی چیز کا ڈر اور خوف نہیں ہے۔ ہم گمراہ نہیں ہو سکتے کیونکہ آپکے ارشادات ہماری رہنمائی کررہے ہیں۔ حضور ﷺ کی اعلیٰ خصوصیت امت مسلمہ کا ہادی اور رہنما ہونا ہے۔ اللہ نے آپکو ہادی عالم بنا کر بھیجا۔ ہدایت یافتہ لوگوں کے بارے میں سورۃ نحل کی آیت 125 میں ارشاد ہے۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ

ترجمہ:

"بے شک تمہارا رب جانتا ہے کہ کون اسکے راستے (دین) سے گمراہ ہوا اور وہ ہدایت یافتہ لوگوں کو اچھی طرح جانتا ہے۔" شاعر کہتا ہے کہ جب حضور ﷺ ہمارے امیر قافلہ (قافلے کے سردار) ہیں تو ہمیں گمراہی یا راستے سے بھٹکنے کا کوئی خوف نہیں۔

شعر نمبر3:

یُخَبِّرُنَا بِظَهْرِ الْغَیْبِ عَمَّا
یَکُوْنُ فَلَا یَخُوْنُ وَلَا یَحُوْلُ

ترجمہ:

آپ ﷺ بن دیکھے ہونے والی چیز کا ہمیں بتا دیتے ہیں۔ نہ تو آپ ﷺ خیانت کرتے ہیں اور نہ دھوکہ دیتے ہیں۔

تشریح:

شاعر ابوسفیان چونکہ حضور ﷺ کی زندگی کے بارے میں سب کچھ جانتا تھا۔ اس لئے اس نے حضور ﷺ کی مدح میں شاندار قصیدہ کہا ہے۔ اس شعر میں ابوسفیان کہتا ہے۔ حضور ﷺ غیب کا علم رکھتے ہیں۔ وہ بن دیکھے غیب کی باتوں کے بارے میں بتا دیتے ہیں۔ اسکی واضح مثال غزوہ بدر کے ہونے سے پہلے اس کی فتح کے بارے میں اللہ کا کامیابی کی وحی دینا ہے۔ تاریخ شاہد ہے جب اللہ نے مسلمانوں کی جماعت کی تائید کرنے کا جو وعدہ کیا تھا۔ وہ غزوہ بدر میں پورا کیا۔ اس بات کا علم اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی حضور ﷺ پر بھیجا تھا۔ آپ ﷺ اللہ کے تمام پیغامات کو بغیر کسی ردو بدل کے لوگوں تک پہنچا دیتے ہیں۔ آج تک قرآن پاک بغیر کسی ردو بدل کے ہمارے پاس موجود ہے۔ حضور ﷺ کو تمام باتوں کے بارے میں علم یقینی ہوتا ہے۔ صحابہ کرام اکثر آپ ﷺ سے مستقبل کے بارے میں سوال کرتے جہاں ضروری ہوتا آپ ﷺ جواب دیتے ورنہ مصلحت خداوندی کے تحت خاموش رہتے تھے۔

شعر نمبر4:

فَلَمْ نَرَ مِثْلَهٗ فِی النَّاسِ حَیًّا
وَلَیْسَ لَهٗ مِنَ الْمَوْتٰی عَدِیْلُ

ترجمہ:

پس ہم نے انسانوں میں آپکی مثال نہیں دیکھی اور نہ ہی مرنے والوں میں آپ ﷺ کا کوئی ہم پلہ ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر آپکی صفات سے مشابہ کسی اور شخص کے وجود کا انکار کرتا ہے کہ میں نے بلکہ کسی نے بھی اس دنیا میں آپ جیسی صفات والا شخص نہیں دیکھا اور نہ ہی سابقہ نبیوں میں سے کوئی آپکا ہم پلہ ہے۔ پہلے تمام انبیاء اپنی خاص قوم خاص علاقے میں بھیجے جاتے تھے جو وہاں کے ماحول کے مطابق اور ان کی ضروریات کے مطابق تعلیمات اسلامیہ کی تبلیغ کرتے تھے مگر حضور ﷺ کی تبلیغ کا دائرہ تمام امت اسلامیہ پر محیط ہے۔ اس لئے شاعر کہتا ہے کہ نہ زندہ لوگوں میں سے کوئی شخص آپ کا ہم پلہ ہے اور نہ ہی مردوں میں سے اس میں خدا کی ایک مصلحت بھی ہے۔ اللہ نے نبی آخر الزمان کو جب پیدا کیا تو اسکے

بعد کوئی نبی بعد میں اور نہ بھیجا۔ پہلے انبیاء کی تمام تعلیمات کو اکٹھا کر کے آپ کی شخصیت میں جمع کر دیا۔ آپ کے بعد بھی کوئی ایسا شخص (نبی) نہیں آئے گا جو کہ اعلیٰ صفات میں آپ سے آگے ہو۔ انسانی الفاظ حضور ﷺ کی خصوصیات کو بیان کرنے کیلئے کم پڑ جائیں گے۔ مگر صفات ختم نہ ہوں گی۔

۲۔ حسان بن ثابت

شاعر کا تعارف:

حسان بن ثابت النجاری ان معمر لوگوں میں سے تھے۔ جنھوں نے زمانہ جاہلیت اور اسلام دونوں زمانوں کو دیکھا تھا۔ انہوں نے 120 سال عمر پائی۔ 60 سال زمانہ جاہلیت میں اور 60 سال زمانہ اسلام میں گزارے۔ اسلام سے پہلے حسان، غسان خیرہ (ملکوں کے نام) کے بادشاہوں کی مدح کیا کرتے تھے اور دشمنان اسلام کی ہجو گوئی (مذمت) کیا کرتے تھے۔ جب قریش نے حضور ﷺ پر تکالیف بڑھا دیں اور ہجو گوئی میں آگے نکل گئے تو حضور ﷺ نے صحابہ سے کہا کہ قریش کی ہجو اپنی زبان سے کریں اس کام کیلئے حسان نے اپنی خدمات پیش کیں۔ حضور ﷺ نے اس سے پوچھا کہ تم قریش کی ہجو کس طرح کرو گے۔ جبکہ میں بھی ان میں سے ہوں۔ حسان نے کہا "میں آپ کو ان میں سے اس طرح نکال دوں گا جیسے آٹے میں سے بال نکالتے ہیں۔" حسان نے تمام عمر اسلام کا زبان سے دفاع کیا۔ گویا آپ نے جہاد باللِّسان (زبان سے جہاد) کیا۔

شعر نمبر 1:

وَأَحْسَنُ مِنْكَ لَمْ تَرَقَطُّ عَيْنِي
وَأَجْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَاءُ

ترجمہ:

آپ سے زیادہ خوبصورت میری آنکھ نے ہرگز نہیں دیکھا اور آپ سے زیادہ حسین عورتوں نے نہیں جنا۔

تشریح:

اس میں شاعر حسان بن ثابت آپکے ظاہری حسن و خوبصورتی کو بیان کر رہا ہے۔ بے شک آپ کے حسن و خوبصورتی سے بڑھ کر آپ کی تعلیمات اور آپکا سیرت و اخلاق ہے۔ لیکن

شاعر حسان بن ثابت حضور ﷺ کے اسوۂ حسنہ کے ساتھ آپ کے حسن کو بھی ثابت کرنا چاہتا ہے۔ گویا حسان اپنی محبت کا اظہار کر رہا ہے۔ اسکے لئے اس نے مادی الفاظ کا سہارا لیا ہے۔ چونکہ محبت میں سب جائز ہے۔ اس لئے حضور اکرم ﷺ کی تعریف ظاہری حسن وخوب صورتی کا اظہار کر کے شاعر اپنی محبت کو ظاہر کر رہا ہے۔ جیسا کہ وہ واقعہ جب ایک چرواہا اللہ کو یاد کر رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ "اے اللہ اگر تو مجھے مل جائے تو میں تجھے نہلاؤں، کپڑے پہناؤں، کنگھی کروں، تیل لگاؤں" یہ سب باتیں موسیٰؑ نے سن لیں۔ اللہ سے آپ (موسیٰؑ) نے یہ واقعہ گوش گزار کیا اور ساتھ ہی موسیٰؑ نے اپنی ناراضگی کا اظہار کیا کہ خدا کے شایانِ شان یہ کلمات نہیں ہیں۔ مگر اللہ نے اس سے کہا چرواہے کو مجھ سے محبت ہے۔ مجھے اس کی نیت پسند آئی اس لئے اس پر کوئی گناہ نہیں۔ اسی طرح شاعر حسان نے آپکی مجسم صورت کو سامنے رکھا اور آپکی تعریف کی گویا کفار کے سامنے آپ ﷺ کی سیرت وصورت میں سب سے برتر ثابت کیا ہے۔

شعر نمبر2:

خُلِقْتَ مُبَرَّءً امِنْ كُلِّ عَيْبٍ
كَأَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَاءُ

ترجمه:

آپ کو ہر عیب سے پاک پیدا کیا گیا گویا جیسا آپ چاہتے تھے ویسا آپ ﷺ کو پیدا کیا گیا۔

تشریح:

حضور ﷺ احسن الناس (سب انسانوں سے بہتر) ہیں۔ آپکی ﷺ نبوت سے چالیس سال پہلے کی زندگی آپ ﷺ کی شخصیت کی آئینہ دار ہے۔ آپ ﷺ اس معاشرے میں پیدا ہوئے۔ جو برائیوں سے بھرا پڑا تھا۔ لیکن آپ ﷺ ان سے دور رہتے تھے۔ آپ ﷺ پیدا ہوئے تو آپ ﷺ پاک وصاف تھے۔ آپ ﷺ کو ہر عیب سے پاک پیدا کیا گیا۔ کیونکہ نبی ایک مکمل نمونہ ہوتا ہے۔ آپ ﷺ نے اپنی ذات کو اس معیار پر بہتر ثابت کیا۔ حضور اکرم ﷺ خود بھی چاہتے تھے کہ وہ تمام عیوب سے پاک ہوں۔ ہر برائی آپ سے کوسوں دور تھی۔ آپ ﷺ سے جب جاہل لوگ مخاطب ہوتے تو آپ ان کو سلام کہہ کر کنارہ کشی اختیار کر لیتے۔ جب لوگوں کی بُرائیوں سے زیادہ دل گھبراتا تو آپ

لوگوں سے منقطع ہو کر کنارہ کشی اختیار کر لیتے۔ اور غار حرا میں جا کر اللہ کی عبادت میں مصروف ہو جاتے۔

عبداللہ بن رواحہؓ

شاعر کا تعارف:

نبوت کے بارھویں سال مدینے کے جن ستر انصار نے عقبہ ثانیہ کی بیعت میں شرکت کی۔ ان میں سے عبداللہ بن رواحہ ایک تھا۔ رسول ﷺ کی رائے عبداللہ بن رواحہ کے بارے میں بہت اچھی تھی۔ آپ کاتب رسولؐ تھے۔ رسول ﷺ ان کی شاعرانہ صلاحیت کی قدر کیا کرتے تھے۔ شاعری میں حسان اور کعب کے ہم پلہ تھے۔ ان کی شاعری کافروں کے کفر پر لعن طعن کرنے پر ہوتی تھی۔ اب صرف انکے پچاس اشعار محفوظ ہیں۔

شعر نمبر1:

رُوحِي الْفِدَاءُ لِمَنْ أَخْلَاقُهُ شَهِدَتْ
بِأَنَّهُ خَيْرُ مَوْلُودٍ مِنَ الْبَشَرِ

ترجمہ:

میری جان ان پر قربان جنکے اخلاق گواہی دیتے ہیں کہ وہ تمام انسانوں سے بہتر پیدا کیے گئے ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر رسول ﷺ کے اس اخلاق کے بارے میں کہتا ہے جس کے بارے میں ارشاد خداوندی ہے۔ "اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيمٍ" بے شک آپ اخلاق کے بلند درجے پر فائز ہیں۔ آپکے اخلاق کی گواہی خود اللہ نے دی ہے۔ ایک بار حضرت عائشہ صدیقہؓ سے جب رسول ﷺ کے اخلاق کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے انکو کہا کہ "کیا تم قرآن نہیں پڑھتے۔" یعنی حضور ﷺ کا ہر عمل قرآن کے مطابق ہوتا تھا۔ اس شعر میں شاعر حضور ﷺ پر اپنی جان نثار کرنے کو کہتا ہے۔ حضور ﷺ تمام انسانوں سے افضل ترین ہیں۔ تمام انبیاء میں آپکا مقام اعلیٰ ہے۔ دنیا کی تمام مخلوقات میں سے بہترین مقام آپکو عطا ہے۔ حضور ﷺ کا اخلاق خود اسکا کھلا ثبوت ہے کہ آپ تمام انسانوں سے بہترین ہیں۔ جتنے بھی نیک لوگ دنیا میں آئے اور جتنے بھی لوگوں کو داد و

تحسین سے نوازا گیا ان میں سے حضور ﷺ کا اعلیٰ مقام ہے یعنی جو خوبیاں حضور ﷺ میں موجود ہیں وہ کسی اور میں نہیں ہو سکتیں۔ اس بات کا ثبوت آپ کا اخلاق ہے کہ آپ ﷺ پیدا کیے گئے ہیں۔ انسانوں میں سے بہتر

شعر نمبر2:

عَمَّتْ فَضَائِلُهُ كُلَّ الْعِبَادِ كَمَا
عَمَّ الْبَرِيَّةَ ضَوْءُ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ

ترجمہ:

آپ کے فضائل تمام انسانوں پر اس طرح پھیل گئے ہیں جس طرح سورج اور چاند کی روشنی کائنات پر پھیل جاتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کہتا ہے ہم رسول ﷺ کے سایہ رحمت تلے پروان چڑھ رہے ہیں۔ انکی شفقت کا سایہ ہم پر چھایا ہوا ہے۔ ہمیں دینا کی تکالیف اور مصائب سے بچائے ہوئے ہے۔ آپکی تمام تعلیمات دنیا کے گوشے گوشے میں پہنچ چکی ہیں۔ اور ہر شخص ان سے بہرہ مند ہو رہا ہے۔ آپ کی تعلیمات کی وسعت کو شاعر نے سورج چاند کی روشنی سے تشبیہ دی ہے اور کہتا ہے کہ جس طرح روشنی کو کوئی روک نہیں سکتا اور کائنات کے اندر ہر شے کو روشنی منور کر دیتی ہے۔ اسی طرح حضور ﷺ کی تعلیمات اس روشنی کی مانند ہے جو تمام لوگوں تک پہنچتی ہے۔

شعر نمبر 3:

لَوْلَمْ يَكُنْ فِيهِ آيَاتٌ مُبَيِّنَةٌ
كَانَتْ بَدِيهَتُهُ تُغْنِيْ عَنِ الْخَبَرِ

ترجمہ:

اگر آپ ﷺ میں روشن معجزات نہ بھی ہوتے تو آپ ﷺ کا چہرہ مبارک نبوت کی خبر دینے کے لئے کافی ہوتا۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر رسول اکرم ﷺ سے عقیدت و محبت کا اظہار کرتے ہوئے کہتا ہے کہ رسول ﷺ کی بعثت کے بارے میں روشن نشانیاں نہ بھی ہوتیں تو رسول ﷺ کے چہرے

سے پتہ چل جاتا کہ آپ ہی نبی ﷺ ہیں۔ وہ آپ ﷺ کے روشن معجزات کا ذکر کر رہا ہے۔ روشن معجزات سے مراد آپ ﷺ کی پیدائش سے لے کر آپ ﷺ کی بعثت و نبوت تک کے واقعات ہیں۔ یعنی حضور ﷺ کی پیدائش عام طریقے سے نہیں ہوئی۔ جب حضور ﷺ پیدا ہوئے تو آپ تمام قسم کی آلائشوں سے پاک تھے۔ آپ ﷺ کی ناف کٹی ہوئی تھی۔ آپ ﷺ کا بچپن عام بچوں کا سا نہ تھا۔ نہ ہی آپ ﷺ چھوٹے ہوتے رویا کرتے تھے۔ جوانی میں پہنچے تو اپنے خاندان کے برعکس نیک کاموں میں مشغول ہو گئے۔ علاوہ ازیں حضرت ابراہیمؑ کو بھی آپ ﷺ کی بعثت کے بارے میں خبر دی گئی تھی۔ گزشتہ تمام انبیاء کو آپ ﷺ کی بعثت پر یقین تھا۔ شاعر کہنا چاہتا ہے کہ آپ ﷺ کا چہرہ مبارک آپ ﷺ کی حرکات و سکنات ہر ایک ادا ظاہر کرتی تھی کہ آپ ﷺ میں نبی ﷺ ہونے کی نشانیاں موجود تھیں۔ اس کی واضح مثال شام کے عیسائی راہب نے جب حضور ﷺ کو ان کے چچا ابو طالب کے ساتھ دیکھا تو ان سے کہا کہ اسے واپس لے جاؤ ورنہ کافر اسے زندہ نہیں چھوڑیں گے۔ یہ نبی ہونے کی نشانی تھی۔ جو راہب نے آپ ﷺ کے چہرے پر دیکھی تھی۔

۳۔ کعب بن مالکؓ

شاعر کا تعارف:

مدینہ منورہ میں بنو خزرج کے قبیلہ مسلمہ سے تھے وہ عہد جاہلیت میں مدینے کی خونریز قبائلی جنگوں میں حصہ لینے کے بعد ہجرت سے پہلے اسلام لے آئے تھے کعب شاعر تھے اور حسان اور عبداللہ بن رواحہ کی طرح نبی کی فرمائش پر مسلمانوں کے جنگی کارناموں کا ذکر کرتے اور دشمنوں کے معاندانہ اشعار کے جواب میں شعر کہتے ہیں وہ غزوہ بدر میں شریک نہیں ہو سکے۔ لیکن دوسرے متعدد غزوات میں حصہ لیا چنانچہ غزوہ احد میں باوجود اس کے انھیں زخم لگ گئے تھے انھوں نے آنحضرت ﷺ جن کے بارے میں خیال تھا کہ زخمی ہو کر شہید ہو گئے تلاش کر لیا گیا غزوہ تبوک میں شرکت نہ کی تو سخت ندامت ہوئی سخت آزمائش کے بعد انھیں معاف کر دیا گیا۔

وَاِنَّا قَدْ اَتَيْنَا هُمْ بِزَحْفٍ يُحِيطُ بِسُوْرِ حِصْنِهِمْ صُفُوْفَا

ترجمہ:

اور وہ ہم پر ایسے لشکر جرار سے حملہ آور ہوئے جس نے صفیں باندھ کر ان کے قلعے کی دیواروں کا محاصرہ کرلیا۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کعب بن مالک ؓ مسلمانوں کی جنگی قوت کی تعریف کر رہا ہے اور کہتا ہے۔ کہ مسلمانوں نے حضور ﷺ کی قیادت و رہنمائی میں دشمن کے قلعوں کا محاصرہ کرلیا ہے یہ محاصرہ فتح کی صورت میں بدل جائے گا کیونکہ اس کی رہنمائی حضور ﷺ کر رہے ہیں جو بہترین سپہ سالار ہیں فاتح عالم ہیں دنیا میں ہر جگہ آپؐ کو فتح نصیب ہوئی آپؐ نے دلوں کی فتح کے ساتھ مکہ کی عظیم مملکت کو بھی فتح کیا۔ حضور ﷺ نے جتنے غزوات لڑے ان تمام میں پہل دشمنوں نے کی آپ تمام کائنات کے لیے امن وسلامتی کا پیغام لے کر آئے تھے۔ دشمن سے صرف اُس وقت لڑے جب وہ اسلام یا اہل اسلام کو اپنے ظلم کا نشانہ بناتے۔

رَئِيسُهُمُ النَّبِيُّ وَكَانَ صُلْبًا
نَقِيَّ الْقَلْبِ مُصْطَبِرًا عَزُوفًا

ترجمہ:

ان کے سردار ایک پیغمبر ﷺ ہیں جو خالص النسب، پاکیزہ دل، صابر، اور لہو لعب سے کنارہ کشی کرنیوالے ہیں۔

تشریح:

شاعر اس شعر میں لشکر جرار کے سردار کی تعریف کر رہا ہے اور کہتا ہے کہ ایک سردار کے لیے جن خوبیوں سے متصف ہونا ضروری ہے وہ تمام خوبیاں حضور ﷺ میں موجود تھیں تمام سرداروں میں آپ کو بلند مقام حاصل تھا کیونکہ آپ خالص نسب والے تھے یعنی آپ کے باپ دادا کی قبیلہ قریش میں بڑی عزت تھی اللہ نے آپ ﷺ کو بہترین حسب ونسب دے کر بھیجا دوسری صفت آپ ﷺ دشمن کی تکالیف پر صبر کرنیوالے تھے حضور ﷺ کی مکی زندگی کے دس سالوں میں آپ ﷺ جنگ وجدل میں مصروف رہے دشمن نے آپ ﷺ کو شروع سے لے کر آخر تک چین سے نہ بیٹھنے دیا۔ پھر بھی آپ ﷺ صبر کرتے رہے اور دوسروں کو صبر کی تلقین کرتے رہے اور دنیا کے اندر عیش وطرب

سے دور رہے آپ جاہلوں سے صرف سلام کہہ کر کنارہ کش ہو جاتے یعنی ان کے ساتھ زیادہ گھلتے ملتے نہیں تھے جس نبی میں اتنی بے شمار خصوصیات ہوں تو پھر اس کی فتح وکامرانی لازمی ہے۔

رَشِیْدَ الْأَمْرِ ذَا حُکْمٍ وَّ عِلْمٍ
وَحِلْمٍ لَمْ یَکُنْ نَزِقًا خَفِیْفًا

ترجمہ:

آپ کام کو بہتر چلانے والے، حکومت کرنیوالے، علم والے، حلم والے ہیں آپ ﷺ کمتر اور کہتر نہیں ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر حضور ﷺ کے اخلاق اعمال کی خوبیاں گنوار ہا ہے فرداً فرداً ہر خوبی کی اہمیت واضح کرنا چاہتا ہے شاعر حضور ﷺ کے ہر عمل کی تعریف کر رہا ہے اور کہتا ہے کہ حضور ﷺ ہر کام کو بہترین طریقے سے کرنے والے ہیں بہترین معاشرہ مدینے میں قائم کیا اور اس معاشرے کو اسلامی بنیادوں پر استوار کر کے اسے علم وترقی کی راہ پر گامزن کر دیا حضور ﷺ اگرچہ امی پیدا ہوئے تھے مگر حضور ﷺ کو بہترین علم دیا گیا آپکو بہترین معلم قرار دیا گیا آپ ساری کائنات کے معلم ٹھہرائے گئے آپ ﷺ کے حلم اور عفو ودر گزر کی مثالیں بے شمار ہیں آپ ﷺ نے اپنے بڑے سے بڑے دشمن کو فتح مکہ کے موقع پر معاف کر دیا آپ دنیا میں کسی بھی لحاظ سے کمتر نہیں ہیں بلکہ تمام انسانوں سے بلند درجے پر تھے۔

نُطِیْعُ نَبِیَّنَا وَ نُطِیْعُ رَبًّا
ھُوَ الرَّحْمٰنُ کَانَ بِنَا رَؤُفًا

ترجمہ:

ہم اپنے نبی کی اطاعت کرتے ہیں اور اپنے رب کی اطاعت کرتے ہیں وہ رحم کرنیوالا ہم پر شفیق ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اطاعت اللہ اور اطاعت رسولؐ کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے کہ حضور ﷺ چونکہ تمام دنیا سے افضل ترین ہیں آپ کے اخلاق وعادات کا کوئی ہم پلہ نہیں

ہے اس لیے ہم اپنے اللہ اور رسول ﷺ دونوں کی اطاعت کرتے ہیں ارشاد خداوندی ہے۔

وَمَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ

ترجمه:

جس نے رسول کی اطاعت کی گویا اس نے اللہ کی اطاعت کی شاعر کہتا ہے مسلمان حضور ﷺ کے حکم کی نافرمانی نہیں کرتے بلکہ آپ کے اشارے پر اپنی جان بھی دینے کو تیار ہیں آل عمران کی آیت نمبر 31 میں ارشاد ہوتا ہے۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْلَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ

ترجمه:

''اے رسول کہہ دیجیے اگر تم اللہ کے ساتھ محبت رکھتے ہو تو میری فرماں برداری کرو اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمھارے گناہوں کو معاف کردے گا وہ بہت غفور اور رحیم ہے۔''

۴۔ کعب بن زہیر

کعب بن زہیر ؓ کے بھائی بجیر نے ہجرت کے 7 سات سال پہلے اسلام قبول کرلیا تھا۔ مگر بجیر (شاعر کا نام) نے اسلام قبول نہیں کیا بلکہ اپنے بھائی اور حضور ﷺ کی اپنے اشعار کے ذریعے ہجو (مذمت) کی حضور ﷺ نے جب اس کے ہجو یہ اشعار (مذمت سے بھرے ہوئے اشعار) سنے تو حضور ﷺ نے اس کا قتل کرنا مسلمانوں پر جائز کردیا مسلمانوں نے کعب کو تلاش کرنا شروع کردیا کعب نے جب یہ صورتحال دیکھی تو اسلام قبول کرنے کا ارادہ کرلیا ہجرت کے نویں سال میں حضرت ابوبکر کے ساتھ مسجد نبوی میں فجر کی نماز کے وقت آیا اور جب حضور ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو کعب نے اپنے منہ کو چادر سے چھپا کر کہا کہ ایک آدمی آپ کی خدمت میں اسلام قبول کرنے آیا ہے کعب نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا حضور ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی اور اپنے چہرے سے پردہ ہٹالیا اور کہا آپ پر میرے ماں باپ فدا ہوں یا رسول اللہ میں کعب بن زہیر ہوں۔'' حضور ﷺ نے اسے معاف کردیا پھر کعب نے اپنا مشہور قصیدہ حضور ﷺ کی مداح میں کہا اور تمام عمر مدح کرتا رہا کعب ان شعراء میں سے تھا جن کا کلام حضور ﷺ نے سنا اور پسندیدگی کا اظہار کیا۔

أُنبِئْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ اَوْعَدَنِيْ
وَالْعَفْوُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَأْمُوْلُ

ترجمہ:

مجھے بتایا گیا ہے کہ حضور ﷺ نے مجھے دھمکی دی ہے جبکہ حضور ﷺ سے تو معافی کی امید رکھی جاتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کعب بن زہیر جو اسلام قبول کرنے سے پہلے منکرین میں سے تھا اسلام اور مسلمانوں کے خلاف پراپیگنڈے کیا کرتا تھا۔ اور حضور ﷺ اور صحابہؓ کے خلاف ہجو یہ اشعار کہا کرتا تھا اللہ نے بزور شمشیر کفار کو اسلام کی مذاحمت سے روک دیا تھا مگر اسلام کے منکرین اپنی زبان سے بھی مسلمانوں کے خلاف بول رہے تھے ایسے میں حضور ﷺ نے کعب کے قتل کو واجب قرار دیا کعب کو جب اس حکم کا معلوم ہوا تو وہ حضور ﷺ کے رعب میں آ گیا اور فوراً حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام قبول کر لیا اسلام قبول کرنے سے پہلے اس نے اپنا چہرہ چھپا رکھا تھا اور پھر جب اس نے حضور ﷺ کے سامنے معافی کی درخواست شاعرانہ انداز میں کی۔ اس وقت تک کعب نے اپنا منہ چھپا رکھا تھا حضور ﷺ سے ہم کلام ہو کر کعب نے کہا کہ مجھے خبر ملی ہے کہ حضور ﷺ نے مجھے قتل کی دھمکی دی ہے

فَقَدْ أَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ مُعْتَذِرًا
وَالْعُذْرُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مَقْبُوْلُ

ترجمہ:

پس میں اللہ کے رسول سے معذرت چاہنے آیا ہوں اور اللہ کے رسول معذرت قبول فرماتے ہیں۔

تشریح:

شاعر نے حضور سے معافی طلب کرنے کے لیے تمہید باندھی ہے تا کہ حضور ﷺ سے اپنی معافی کی درخواست کر سکے۔ حضور ﷺ کی مدح کر رہا ہے کہ میں بھی حضور ﷺ سے معذرت کرنے آیا ہوں میں اپنے کیے پر شرمندہ ہوں شاعر مزید تعریف کے انداز میں کہتا ہے کہ حضور ﷺ تو لوگوں کی معذرت قبول کر لیتے ہیں دشمن آپ کو ستاتے مگر حضور

ان کو معاف کر دیتے۔ حضور علیہ السلام نے کعب کو بھی معاف کر دیا کیونکہ آپ کسی سے بدلہ نہ لیتے حتیٰ کہ دشمن خود آپکی خدمت میں حاضر ہو کر آپ سے معافی مانگتے انھی لوگوں میں سے کعب ایک تھا۔ جو مشرف بہ اسلام ہوا۔

اَلتَّمَارِیْنُ

س1۔ اِحفَظِ الْبَیْتَینِ الْأَوَّلَینِ مِنَ الْقِطْعَةِ الْأُولٰی واکْتُبهُمَا بِخَطٍّ جَیِّدٍ۔

پہلے بند کے دو اشعار یاد کرو اور ان کو خوشخط لکھیں۔

نَبِیٌّ کَانَ یَجْلُو الشَّكَّ عَنَّا
بِمَا یُوحٰی اِلَیْهِ وَمَا یَقُوْلُ
وَیَهْدِیْنَا فَلَا نَخْشٰی ضَلَالاً
عَلَیْنَا وَالرَّسُوْلُ لَنَا دَلِیْلُ

س2۔ تَعَلَّمِ الْكَلِمَاتِ الْآتِیَةَ وَاسْتَخْدِمْهَا فِی جُمَلٍ مُّفِیْدَةٍ:

درج ذیل کلمات سیکھو اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

الفاظ	معنی	جملے
یَجْلُو	دور کرتا ہے	نَبِیٌّ کَانَ یَجْلُو الشَّكَّ عَنَّا نبی علیہ السلام ہم سے شک کو دور کر دیتے ہیں۔
یُوحٰی	وحی کیا جاتا ہے	نَبِیٌّ کَانَ یَجْلُو الشَّكَّ عَنَّا بِمَایُوحٰی اِلَیْهِ نبی اپنی وحی سے ہم سے شک دور کر دیتے ہیں۔
ضَلَالٌ	گمراہی	اَلْكُفْرُ ضَلَالٌ مُّبِیْنٌ کفر کھلی گمراہی ہے۔
دَلِیْلٌ	رہنما	اَلنَّبِیُّ لَنَا دَلِیْلٌ
ظَهْرُ الْغَیْبِ	غیب کی خبریں	هُوَ یُخَبِّرُنَا بِظَهْرِ الْغَیْبِ۔ وہ ہمیں غیب کی خبریں بتاتا ہے۔
یَحُوْلُ	وہ دھوکا دیتا ہے	اَلنَّبِیُّ لَا یَخُوْنُ وَلَا یَحُوْلُ نبی نہ خیانت کرتا ہے اور نہ دھوکا دیتا ہے۔

عَدِیْلٌ	ہم پلہ۔ برابر	لَیْسَ النَّبِیُّ عَدِیْلَ کوئی نبی علیہ صلی اللہ کا ہم پلہ نہیں ہے۔
حَیًّا	زندہ	لَمْ نَرمِثْلَ النَّبِیُّ فِی النَّاسِ حَیًّا ہم نے زندہ انسانوں میں کوئی نبی کا ہم پلہ نہیں دیکھا۔
ضَوْءٌ	روشنی	اَلْعِلْمُ ضَوْءٌ وَّضِیَاءٌ علم روشنی اور نور ہے۔
أَوْعَدَ	دھمکی دی	اَوْعَدَنَا عَدُوُّنَا ہمارے دشمن نے ہمیں دھمکایا ہے۔

س3۔ ھَاتِ الْمَاضِیَ لِمَا یَأْتِیْ مِنَ الْأَفْعَالِ:

نیچے دیئے ہوئے افعال مضارع کے ماضی بنائیں۔

مضارع	ماضی	مضارع	ماضی
یَجْلُوْ	جلَا	یُوْحی	اُوْحی
یَهْدِیْ	هدٰی	یَخْشَی	خَشِیَ
یُخَبِّرُ	خَبَّرَ	یَخُوْنُ	خَانَ
یَحُوْلُ	خَالَ	یَرٰی	رَاٰی
یَلِدُ	وَلَدَ	یَجُوْدُ	جَادَ

س4 اِسْتَخْرِجْ عَشَرَةً مِنَ الْأَسْمَاءِ واکْتُبْ لَهَا جُمُوْعَهَا وَمُفْرَادَاتِهَا

سبق سے 10 اسم جمع لیں اور انکے واحد جمع لکھیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
شِعْرٌ	اَشْعَارٌ	اٰیَۃٌ	آیَاتٌ
شَكٌّ	شُكُوْكٌ	خَبَرٌ	اَخْبَارٌ
رَسُوْلٌ	رُسُلٌ	قَمَرٌ	اَقْمَارٌ
عَیْنٌ	عُیُوْنٌ	غَیْبٌ	غُیُوْبٌ

عَبْدٌ	عِبَادٌ	مَدْحٌ	مَدَاحٌ
خُلُقٌ	اَخْلَاقٌ		

س5 خُذْ خَمْسَةً مِنَ التَّرَاكِيْبِ التَّوْصِيْفِيَّةِ مِنَ الدَّرْسِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ۔

سبق سے 5 تراکیب توصیفی لیں اور انہیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

مرکبات توصیفی	جملے
آيَاتٌ مُبَيِّنَةٌ	آيَاتُ الْقُرآنِ يَكُوْنُ مُبَيِّنَةً قرآنی آیات واضح ہوتی ہیں۔
اَلْمَدَائِحُ النَّبَوِيَّةُ	كَتَبْتُ اَبْيَاتُ فِي الْمَدَائِحِ النَّبَوِيَّةِ میں نے نبی کی تعریف میں اشعار لکھے۔
نَقِيُّ الْقَلْبِ	اَلنَّبِيُّ هُوَ نَقِيُّ الْقَلْبِ نبی ﷺ پاکیزہ دل ہیں۔
رَشِيْدُ الْأَمْرِ	اَلنَّبِيُّ رَشِيْدُ الْأَمْرِ نبی ﷺ کام کو بہتر چلانے والے ہیں۔
رَئِيْسُهُمُ النَّبِيُّ	هُوَ رَئِيْسُهُمُ النَّبِيُّ انکے نبی سردار ہیں۔

س6۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ عَمَّاذَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يُخْبِرُهُمْ بِظَهْرِ الْغَيْبِ؟

نبی ﷺ بغیر دیکھے کن چیزوں کی خبر دیتے ہیں؟

عَمَّا يَكُوْنُ فِي الْمُسْتَقْبَلِ

۲۔ مَنْ كَانَ رَشِيْدَ الْأَمْرِ؟

کام کو بہتر طریقے سے چلانے والے کون ہیں؟

كَانَ النَّبِيُّ رَشِيْدَ الْأَمْرِ۔

۳۔ مَاذَا كَانَ الشَّاعِرُ يَأْمُلُ فِيهِ مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ۔

شاعر حضور ﷺ سے کس چیز کی امید رکھتا ہے؟

يَأْمُلُ الشَّاعِرُ الْعُذْرَ مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ۔

س7۔ شَكِّلْ مَايَأْتِي مِنَ الْجُمَلِ:

درج ذیل جملوں کو اعراب لگائیں۔

۱۔ كان النبي صلى الله عليه وسلم يخبر هم بظهر الغيب عما يكون

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَبِّرُ هُمْ بِظَهْرِ الْغَيْبِ عَمَّ يَكُوْنُ۔

۲۔ الله سبحانه و تعالى تخير النبي صلى الله عليه وسلم

اَللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى تَخَيَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۳۔ كان النبي صلى الله عليه وسلم رشيد الامرو ذا علم و حلم و حكم

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَشِيْدَ الْأَمْرِ وَذَا عِلْمٍ وَحِلْمٍ وَ حُكْمٍ۔

س8۔ تَرْجِمْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ

عربی ترجمہ کریں۔

۱۔ رسول ﷺ ہمارے رہنما ہیں۔	رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَلِيْلٌ لَنَا
۲۔ زندوں یا مردوں میں سے کوئی آپکا ہم پلہ نہیں	لَمْ يَكُنْ مِثْلَهُ فِي الْأَحْيَاءِ وَالْأَمْوَاتِ۔
۳۔ اللہ نے نبی کو چنا۔	تَخَيَّرَ اللّٰهُ النَّبِيُّ۔
۴۔ آپ کے اخلاق نے گواہی دی۔	شَهِدَتْ اَخْلَاقُهٗ
۵۔ آپ ﷺ کی مہربانیاں سب پر ہیں۔	عَمَّتْ فَضَائِلُهٗ كُلَّ الْعِبَادِ
۶۔ آپ سب سے افضل ہیں۔	هُوَ اَفْضَلُ النَّاسِ

......☆......

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ عَشَرَ (تیرھواں سبق)

ہمارا وطن (۱)

جُمْهُوْرِيَّةُ بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةُ

اسلامی جمہوریہ پاکستان

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ طَاهِرٌ	پاکیزہ۔پاک	۲۔ يُقْصَدُ	مراد لیا جاتا ہے
۳۔ أَرْضٌ	زمین	٤۔ دَوْلَةٌ	ملک
٥۔ اِسْمٌ	نام	٦۔ رَسْمِيٌّ	سرکاری
۷۔ تَحْتَلُّ	مرتبہ حاصل کیے ہوئے ہے	۸۔ مَوْقِعٌ	محل وقوع
۹۔ اِسْتِرَاتِيجِيٌّ	دفاعی لحاظ سے اہم	۱۰۔ هَامٌّ	اہم
۱۱۔ مِنْطَقَةٌ	علاقہ	۱۲۔ عُرِفَتْ	جانا گیا
۱۳۔ اَخِيْرٌ	موجودہ	١٤۔ تُعْرَفُ	جانا جاتا ہے
۱٥۔ شِبْهُ الْقَارَّةِ	برصغیر	١٦۔ تَتَّصِلُ	ملتی ہیں۔منسلک ہیں
۱۷۔ حُدُوْدٌ	سرحدیں	۱۸۔ عَدَدٌ	کئی
۱۹۔ ظَهَرَتْ	نمودار ہوا	۲۰۔ خَرِيْطَةٌ	نقشہ
۲۱۔ ثَمَرَةٌ	پھل	۲۲۔ ضَحَايَا	قربانیاں
۲۳۔ كِفَاحٌ	جنگ۔جدوجہد	٢٤۔ مَرِيْرٌ	تلخ۔سخت
۲٥۔ خَطِيْرٌ	اہم۔خطرناک	٢٦۔ اِسْتَمَرَّ	جاری ہیں
۲۷۔ سَنَوَاتٌ	سال	۲۸۔ اَلرَّشِيْدَةُ	ہوشمندانہ
۲۹۔ عَاصِمَةٌ	دارالحکومت	۳۰۔ نُقِلَتْ	منتقل کر دیا گیا
۳۱۔ خَضْرَاءُ	سرسبز	۳۲۔ جَنَاحَانِ	دو بازو۔دو حصے

٣٣۔ أَحَدُهُمَا	دونوں میں سے ایک	٣٤۔ اِنْفَصَلَ	جدا ہو گیا
٣٥۔ مُؤَامِرَةٌ	سازش	٣٦۔ اَلْغَاشِمُ	ظالمانہ۔ غاصب
٣٧۔ تَضُمُّ	مشتمل ہے	٣٨۔ اَلْآنَ	اب۔ موجودہ
٣٩۔ أَقَالِيمُ	صوبے	٤٠۔ مُتَمِّمٌ	لازمی۔ ممکن
٤١۔ دُسْتُوْرٌ	قانون	٤٢۔ رَئِيسٌ	سربراہ۔ سردار
٤٣۔ رَئِيسُ الْوُزَرَاءِ	وزیر اعظم	٤٤۔ بَرْلَمَانٌ	پارلیمنٹ
٤٥۔ اَلْمُبَاشِرُ	براہ راست	٤٦۔ مَجْلِسُ الْأَعْيَانِ	سینٹ
٤٧۔ يُعْتَبَرُ	تصور کیا جاتا ہے	٤٨۔ كَبِيرُ الْوُزَرَاءِ	وزیر اعلیٰ
٤٩۔ مَنَاطِقُ	علاقے	٥٠۔ مُتَكَامِلَةٌ	تکمیل کرنے والے
٥١۔ مُتَكَافِلَةٌ	کفالت کرنے والے	٥٢۔ يَعْتَمِدُ	اعتماد کرتے ہیں۔
٥٣۔ مُبَادِئُ	اصول	٥٤۔ اَلْغَرَّاءُ	روشن
٥٥۔ تَضْمَنُ	ضامن ہے	٥٦۔ يَتَحَدَّثُ	بولتے ہیں
٥٧۔ سُكَّانٌ	باشندے	٥٨۔ عَدِيْدٌ	کئی
٥٩۔ اَللُّغَاتُ	زبانیں۔ بولیاں	٦٠۔ بَشْتَوِيَّةٌ	پشتو زبان
٦١۔ تُكْتَبُ	لکھی جاتی ہے	٦٢۔ خَطِّ الْعَرَبِيِّ	عربی رسم الخط
٦٣۔ سِتِّيْنَ	ساٹھ	٦٤۔ ثَمَانِيْنَ	اسی
٦٥۔ مِائَةٌ	سو		

اردو ترجمہ

بَاكِسْتَانُ مَعْنَاهَا: اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ وَيُقْصَدُ بِهَا أَرْضُ الْإِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَهِيَ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ وَّاسْمُهَا الرَّسْمِيُّ: جُمْهُوْرِيَّة

بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةُ وَتَحْتَلُّ بَاكِسْتَانُ مَوْقِعًا جُغْرَافِيًّا وَّاسْتِرَاتِيجِيًّا هَامًّا جِدًّا فِي مِنْطَقَةٍ عُرِفَتْ أَخِيرًا بِجَنُوبِ آسِيَا وَكَانَتْ تُعْرَفُ بِشِبْهِ الْقَارَةِ قَبْلَ ذٰلِكَ وَتَتَّصِلُ حُدُودُ بَاكِسْتَانَ بِعَدَدٍ مِّنَ الدُّوَلِ وَمِنْهَا الْهِنْدُ وَالصِّيْنُ وَدُوَلُ آسِيَا الْمَرْكَزِيَّةِ وَأَفْغَانِسْتَانُ وَإِيْرَانُ

پاکستان کے معنی ہیں پاک سرزمین اور اس سے مراد اسلام اور مسلمانوں کی سرزمین ہے اور یہ ایک اسلامی ملک ہے۔ اس کا سرکاری نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔ پاکستان اس خطے میں جو پہلے برصغیر کے نام سے جانا جاتا تھا۔ اور اب جنوبی ایشیا کے نام سے جانا جاتا ہے۔ جغرافیائی اور دفاعی لحاظ سے بہت اہمیت رکھتا ہے اور پاکستان کی سرحدیں کئی ممالک سے ملتی ہیں۔ ان میں ہندوستان، چین، وسطی ایشیا کے ممالک اور افغانستان اور ایران ہیں۔

وَظَهَرَتْ بَاكِسْتَانُ عَلٰى خَرِيْطَةِ الْعَالَمِ فِي الرَّابِعَ عَشَرَ مِنْ أُغُسْطُسَ سَنَةَ ١٩٤٧م (٢٧ رَمَضَانَ /١٣٦٥ هج) وَكَانَتْ ثَمَرَةً لِضَحَايَا عَظِيْمَةٍ وَكِفَاحٍ مَّرِيْرٍ خَطِيْرٍ إِسْتَمَرَّ عَشَرَ سَنَوَاتٍ تَحْتَ الْقِيَادَةِ الْمُخْلِصَةِ الرَّشِيْدَةِ لِلْقَائِدِ الْأَعْظَمِ مُحَمَّد عَلِي جِنَاح وَكَانَتْ كَرَاتَشِي عَاصِمَتَهَا الْأُوْلٰى ثُمَّ نُقِلَتْ إِلٰى عَاصِمَتِهَا الْجَدِيْدَةِ الْجَمِيْلَةِ الْخَضْرَاءِ مَدِيْنَةِ إِسْلَام آبَاد

پاکستان 14 اگست 1947 بمطابق 27 رمضان 1365ھ کو دنیا کے نقشے پر ظاہر ہوا یہ ان عظیم قربانیوں اور سخت جدوجہد کا نتیجہ تھا جو دس سال تک قائداعظم کی مخلصانہ اور ہوشمندانہ قیادت کے تحت جاری رہیں۔ کراچی اس کا پہلا دارالخلافہ تھا۔ پھر یہ نئے خوبصورت شہر اسلام آباد کی طرف منتقل ہو گیا۔

وَكَانَ لِبَاكِسْتَانَ جَنَاحَانِ أَحَدُهُمَا بَاكِسْتَانُ الشَّرْقِيَّةُ وَالثَّانِي بَاكِسْتَانُ الْغَرْبِيَّةُ إِلَّا أَنَّ الْجَنَاحَ الشَّرْقِيَّ انْفَصَلَ مِنَ الْجَنَاحِ الْغَرْبِيِّ بِسَبَبِ الْمُؤَامَرَةِ الدُّوَلِيَّةِ وَالتَّدَخُّلِ الْهِنْدُوكِيِّ الْغَاشِمِ فِي عَامِ ١٩٧١م وَتَضُمُّ بَاكِسْتَانُ الْآنَ أَرْبَعَةَ أَقَالِيْمٍ وَهِيَ: إِقْلِيْمُ سَرْحَد (اَلْحُدُوْدُ الشَّمَالِيَّةُ الْغَرْبِيَّةُ) وَعَاصِمَتُهَا

بِشَاوَر وَ بَنُجَابُ وَعَاصِمَتُهَا لَاهُوْر وَبَلُوْجِسْتَانُ وَعَاصِمَتُهَا كُوِيته وَالسِّنْدُ وَعَاصِمَتُهَا كَرَاتشِىْ بِالإِضَافَةِ إِلٰى كَشْمِيْرَ الَّتِىْ هِىَ جُزْءٌ مُتَمِّمٌ لِبَاكِسْتَانَ۔

پاکستان کے دو حصے تھے۔ ان میں سے ایک مشرقی پاکستان اور دوسرا مغربی پاکستان تھا مگر 1971ء میں غیر ملکی سازشوں اور ہندوؤں کی غاصبانہ مداخلتوں کی وجہ سے مشرقی حصہ مغربی حصے سے جدا ہو گیا اور اب پاکستان چار صوبوں پر مشتمل ہے اور وہ یہ ہیں۔ صوبہ سرحد (شمال مغربی اور سرحدی صوبہ) اسکا دار الحکومت پشاور، پنجاب کا دار الحکومت لاہور اور بلوچستان کا دار الحکومت کوئٹہ ہے اور سندھ کا دار الحکومت کراچی ہے۔ اس کے علاوہ کشمیر ہے جو کہ پاکستان کا ایک لازمی جزو ہے۔

وَدُسْتُوْرُ بَاكِسْتَانَ دُسْتُوْرٌ جُمْهُوْرِىٌّ إِسْلَامِىٌّ وَرَئِيْسُ الْجُمْهُوْرِيَّةِ رَئِيْسُ الدَّوْلَةِ وَرَئِيْسُ الْوُزَرَاءِ هُوَ رَئِيْسُ الْحُكُوْمَةِ وَلَهَا بَرلَمَانٌ، مُسْتَقِلٌّ يُنْتَخَبُ بِالْإِنْتِخَابِ الْعَامِ الْمُبَاشِرِ وَيَتَكَوَّنُ عَنِ الْمُجْلِسَيْنِ: مَجلِسُ الْأُمَّةِ وَمَجْلِسُ الْأَعْيَانِ وَكَذٰلِكَ لِكُلِّ إِقْلِيْمٍ مَّجلِسٌ نِّيَابِىٌّ مُّنْتَخَبٌ وَالْحَاكِمُ لِكُلِّ إِقْلِيْمٍ يُّعتَبَرُ رَئِيْسُ الْإِقْلِيْمِ كَمَا أَنَّ كَبِيْرَ الْوُزَرَاءِ هُوَ رَئِيْسُ الْحُكُوْمَةِ فِىْ كُلِّ إِقْلِيْمٍ۔

پاکستان کا دستور اسلامی جمہوری دستور ہے اور جمہوریہ کا صدر ملک کا سربراہ ہوتا ہے اور وزیر اعظم حکومت کا سربراہ ہوتا ہے اور اسکی ایک مستقل پارلیمنٹ ہوتی ہے۔ جو براہ راست انتخابات کے ذریعے منتخب کی جاتی ہے اور یہ دو ایوانوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ قومی اسمبلی اور سینٹ اور اس طرح ہر صوبے کی منتخب شدہ صوبائی اسمبلی ہوتی ہے اور ہر صوبے کا گورنر صوبے کا سربراہ ہوتا ہے جیسا کہ وزیر اعلیٰ ہر صوبے کی حکومت کا سربراہ سمجھا جاتا ہے۔

وَأَقَالِيْمُ بَاكِسْتَانَ الْأَرْبَعَةُ وَالْمَنَاطِقُ الشِّمَالِيَّةُ كُلُّهَا أَجْزَاءٌ مُتَكَامِلَةٌ مُّتَكَافِلَةٌ وَّيَعْتَمِدُ بَعْضُهَا عَلَى الْبَعْضِ عَلٰى مَبَادِئِ الْأُخُوَّةِ الْإِسْلَامِيَّةِ وَالشَّرِيْعَةِ لِغَرَّاءِ الَّتِىْ تَضْمَنُ الْكَرَامَةَ لِلْبَشَرِ جَمِيْعًا وَّالْوَحْدَةَ لِأَتْبَاعِهَا الْمُؤْمِنِيْنَ الصَّادِقِيْنَ۔

پاکستان کے چاروں صوبے اور شمالی علاقہ جات سب کے سب ایک دوسرے کی تکمیل اور کفالت کرنے والے اجزاء ہیں۔ یہ ایک دوسرے پر اسلامی اخوت اور اس روشن شریعت کے اصولوں پر اعتماد کرتے ہیں جو انسانوں کی عزت کی ضامن ہے اور اپنے سچے مومن پیروکاروں کے لئے وحدت کا پیغام لیے ہوئے ہے۔

وَيَتَحَدَّثُ سُكَّانُ بَاكِسْتَانَ الْعَدِيْدَ مِنَ اللُّغَاتِ كَالسِّنْدِيَّةِ وَالبَنْجَابِيَّةِ وَالبَشْتَوِيَّةِ وَالبَلُوْتَشِيَّةِ وَالبَرَاهُوِيَّةِ وَالْكَشْمِيْرِيَّةِ وَاللُّغَةُ الْأُرْدِيَّةِ هِيَ لُغَةُ بَاكِسْتَانَ الْقَوْمِيَّةُ وَهٰذِهِ اللُّغَاتُ كُلُّهَا تُكْتَبُ بِالْخَطِّ الْعَرَبِيِّ وَمُفْرَدَاتُهَا اللُّغَوِيَّةُ مِنْ سِتِّيْنَ إِلٰى ثَمَانِيْنَ فِي الْمِائَةِ هِيَ الْعَرَبِيَّةُ۔

پاکستان کے باشندے کئی زبانیں بولتے ہیں جیسا کہ سندھی، پنجابی، بلوچی، پشتو، براہوی، کشمیری اور اردو زبان جو کہ پاکستان کی قومی زبان ہے اور یہ ساری کی ساری زبانیں عربی رسم الخط میں لکھی جاتی ہیں اور ان کے مفردات ساٹھ سے اسی فی صد تک عربی میں ہیں۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

۱۔ مَاهُوَ الْإِسْمُ الرَّسْمِيُّ لِبَاكِسْتَانَ؟

پاکستان کا سرکاری نام کیا ہے؟

جُمْهُوْرِيَّةُ بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةُ

۲۔ مَتٰى ظَهَرَتْ بَاكِسْتَانُ عَلٰى خَرِيْطَةِ الْعَالَمِ؟

پاکستان دنیا کے نقشے پر کب نمودار ہوا؟

فِي الرَّابِعِ عَشَرَ مِنْ أُغُسْطُسْ سَنَةَ ۱۹۴۷م

۳۔ كَمْ سَنَةً اِسْتَمَرَّ الْكِفَاحُ الْإِسْلَامِيُّ لِبَاكِسْتَانَ؟

پاکستان کے لئے اسلامی جدوجہد کتنے سال جاری رہی؟

اِسْتَمَرَّ عَشَرَ سَنَوَاتٍ

۴۔ مَنِ الَّذِيْ قَادَ حَرَكَةَ بَاكِسْتَانَ؟

کس نے تحریک پاکستان کی قیادت کی؟

اَلْقَائِدُ الْأَعْظَمُ مُحَمَّدُ عَلِی جَنَاحُ

س2۔ ضَعْ أَسْئِلَةً تَكُوْنُ الْجُمَلُ الْآتِيَةُ أَجْوِبَةً لَّهَا۔

ایسے سوال بنائیں کہ نیچے دیئے ہوئے جملے ان کے جواب بن جائیں۔

۱۔ كَانَتْ بَاكِسْتَانُ تَضُمُّ جَنَاحَيْنِ

پاکستان دو حصوں پر مشتمل ہے

كَمْ جَنَاحًا كَانَ لِبَاكِسْتَانَ؟

۲۔ اِنْفَصَلَتْ بَاكِسْتَانُ الشَّرْقِيَّةُ بِالْمُؤَامَرَةِ الدُّوَلِيَّةِ وَ التَّدَخُّلِ الْهِنْدُوْكِيِّ۔

مشرقی پاکستان غیر ملکی سازشوں اور ہندوؤں کی غاصبانہ مداخلت کی وجہ سے جدا ہو گیا

كَيْفَ اِنْفَصَلَتْ بَاكِسْتَانُ الشَّرْقِيَّةُ؟

۳۔ عَاصِمَةُ بَاكِسْتَانَ الْجَدِيْدَةُ هِيَ مَدِيْنَةُ اِسْلَامَ آبَاد۔

پاکستان کا نیا دارالحکومت اسلام آباد ہے۔

مَاهِيَ عَاصِمَةُ بَاكِسْتَانَ الْجَدِيْدَةَ؟

س3۔ مَيِّزْ بَيْنَ التَّرَاكِيْبِ الْإِضَافِيَّةِ وَالتَّوْصِيْفِيَّةِ فِيْمَا يَأْتِيْ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ۔

درج ذیل تراکیب میں سے مرکب اضافی اور توصیفی علیحدہ علیحدہ کرو اور انہیں مفید جملوں میں استعمال کرو۔

مرکب اضافی:

اَلْأَرْضُ الْإِسْلَامِ ۔ خَرِيْطَةُ الْعَالَمِ ۔ رَئِيْسُ الدَّوْلَةِ ، مَجْلِسُ الْأَعْيَانِ

مرکب توصیفی:

اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ ، دَوْلَةٌ اِسْلَامِيَّةٌ ، اَلْقِيَادَةُ الْمُخْلِصَةُ

مرکب اضافی	جملے
۱۔ اَلْأَرْضُ الْإِسْلَامِ	بَاكِسْتَانُ مَعْنَاهَا أَرْضُ الْإِسْلَامِ پاکستان کے معنی اسلام کی سرزمین ہے۔

٢۔ خَرِيْطَةُ الْعَالَمِ	ظَهَرَتْ بَاكِسْتَانَ عَلٰى خَرِيْطَةِ الْعَالَمِ فِى الرَّابِعِ عَشَرَ مِنْ أُغُسْطُسْ
٣۔ رَئِيْسُ الدَّوْلَةِ	رَئِيْسُ الْجُمْهُوْرِيَّةِ يَكُوْنُ رَئِيْسَ الدَّوْلَةِ جمہوریہ کا صدر ملک کا سربراہ ہوتا ہے۔
٤۔ مَجْلِسُ الْأَعْيَانِ	قَدْ قَرَّرَ مَجْلِسُ الْاَعْيَانِ؟ سینٹ نے فیصلہ کر دیا ہے۔
مرکب توصیفی	جملے
١۔ اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ	بَاكِسْتَانُ مَعْنَاهَا الْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ پاکستان کے معنی ہیں پاک سرزمین
٢۔ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ	بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے۔
٣۔ اَلْقِيَادَةُ الْمُخْلِصَةُ	إِسْتَمَرَّ الْكِفَاحُ تَحْتَ الْقِيَادَةِ الْمُخْلِصَةِ۔ مخلص قیادت کے تحت جدو جہد جاری ہے۔

س4۔ صَحِّحِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ۔

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو درست کریں۔

١۔ اَلْأَقَالِيْمُ بَاكِسْتَانَ الْأَرْبَعُ تَعْتَمِدُ بَعْضُهَا عَلَى الْبَعْضِ

اَقَالِيْمُ بَاكِسْتَانَ الْأَرْبَعَةَ تَعْتَمِدُ بَعْضُهَا عَلَى الْبَعْضِ

٢۔ قَدْ تَقَدَّمَ بَاكِسْتَانُ صِنَاعَةً۔

قَدْ تَقَدَّمَتْ بَاكِسْتَانُ صِنَاعَةً

٣۔ شَرِيْعَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ يَضْمَنُ وَحَدَةَ الْإِسْلَامِيَّةِ۔

اَلشَّرِيْعَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ تَضْمَنُ الْوَحْدَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ

س5۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْكَلِمٰتِ الْاٰتِيَةِ فِىْ كُلِّ سَطْرٍ:

نیچے دیئے ہوئے ہر سطر کے الفاظ کو ترتیب دے کر جملے بنائیں۔

١۔ اَلطَّاهِرَةُ ، مَعْنَاهَا ، الْأَرْضُ ، بَاكِسْتَانُ

بَاكِسْتَانُ مَعْنَاهَا اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ

٢۔ اَلْإِسْلَامِيَّةُ ، بَاكِسْتَانَ ، جُمْهُوْرِيَّةُ ، الرَّسْمِيُّ ، اِسْمُهَا ، وَ

وَاسْمُهَا الرَّسْمِيُّ: جُمْهُوْرِيَّةُ بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةُ

٣۔ اَلَّتِیْ ، هِیَ ، كَشْمِيْرُ ، لِبَاكِسْتَانَ ، جُزْؤٌ ، مُتَمِّمٌ

كَشْمِيْرُ الَّتِیْ هِیَ جُزْءٌ مُتَمِّمٌ لِبَاكِسْتَانَ

س6۔ اِسْتَخْرِجْ خَمْسَةً مِنَ الْأَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ وَحَوِّلْهَا اِلَى الْمَاضِیْ

پانچ افعال مضارع نکالیں اور پھر انہیں فعل ماضی میں بدلیں۔

مضارع	ماضی	مضارع	ماضی
يُقْصَدُ	قُصِدَ	يُنْتَخَبُ	اُنْتُخِبَ
تَتَّصِلُ	اِتَّصَلَتْ	تَضُمُّ	ضَمَّتْ
يَعْتَمِدُ	اِعْتَمَدَ	تَحْتَلُّ	اِحْتَلَّتْ

س7 خُذْ عَشَرَةَ أَسْمَاءٍ مِنَ الدَّرْسِ وَاكْتُبْهَا بِجُمُوْعِهَا وَمُفْرَادَتِهَا

10 اسم سبق سے لیں اور ان کے واحد اور جمع لکھیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
عَاصِمَةٌ	عَوَاصِمُ	خَرِيْطَةٌ	خَرَائِطُ
مَوْقِعٌ	مَوَاقِعُ	اَقْلِيْمٌ	اَقَالِيْمُ
حَدٌّ	حُدُوْدٌ	مَدِيْنَةٌ	مُدُنٌ
اَرْضٌ	اَرَاضِیٌّ	دَوْلَةٌ	دُوَلٌ
سَنَةٌ	سَنَوَاتٌ	جُزْءٌ	اَجْزَاءٌ
ثَمَرَةٌ	ثَمَرَاتٌ	اَلْجَمِيْلَةُ	اَلْجَمِيْلَاتُ
اِسْمٌ	أَسْمَاءٌ		

س8۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ۔

عربی میں ترجمہ کریں۔

۱۔ پاکستان جنوبی ایشیا میں اہم جغرافیائی محل وقوع رکھتا ہے۔

تَحْتَلُّ بَاكِسْتَانُ مَوْقِعًا جُغْرَافِيًّا هَامًّا جِدًّا بِجَنُوبِ آسِيَا۔

۲۔ پاکستان 14 اگست 1947 کو قائم ہوا۔

اِسْتَقَلَّتْ بَاكِسْتَانَ فِي الرَّابِعَ عَشَرَ مِنْ أَغُسْطُس سَنَةَ ۱۹۴۷

۳۔ قائداعظم ایک مخلص قائد تھے۔

كَانَ الْقَائِدُ الْاَعْظَمُ قَائِدًا مُخْلِصًا

۴۔ صدر جمہوریہ ملک کا سربراہ ہوتا ہے۔

رَئِيسُ الْجُمْهُورِيَّةُ يَكُونُ رَئِيسَ الدَّوْلَةِ۔

۵۔ وزیراعظم سربراہ حکومت ہوتا ہے۔

رَئِيسُ الْوُزَرَاءِ هُوَ رَئِيسُ الْحُكُومَةِ۔

......☆......

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ عَشَرَ: (چودھواں سبق)

زِيَارَةٌ لِّمَدِيْنَةِ لَاهُوْرَ

شہر لاہور کی سیر

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ أَبْنَائِيْ	اے میرے بیٹو!	٢۔ زَارَ	اس نے دیکھا
٣۔ سَيِّدِيْ	اے میرے محترم	٤۔ خِلَالُ	دوران
٥۔ اِجَازَةٌ	چھٹی	٦۔ صَيْفٌ	گرمی
٧۔ مَاضِيَةٌ	گزشتہ۔ پچھلی	٨۔ رَأَيْتَ	تو نے دیکھا
٩۔ جَامِعَاتٌ	یونیورسٹیاں	١٠۔ هِنْدَسَةٌ	انجینئرنگ
١١۔ مَدَارِسُ	مدرسے	١٢۔ حَدَائِقُ	باغات
١٣۔ مَعَاهِدُ	ادارے	١٤۔ لَمْ أَزُرْ	میں نے نہیں دیکھا
١٥۔ اُرِيْدُ	میں چاہتا ہوں	١٦۔ أَعْرِفُ	میں جانتا ہوں
١٧۔ تَسْمَحُ	تو اجازت دیتا ہے	١٨۔ زَمِيْلٌ	کلاس فیلو
١٩۔ يُحَدِّثُ	وہ بات کرتا ہے	٢٠۔ أُخْرٰى	دوسری
٢١۔ طِبٌّ	میڈیکل	٢٢۔ اَمَاكِنُ	جگہیں
٢٣۔ مَبَانِيْ	عمارتیں	٢٤۔ ضَرِيْحٌ	مزار۔ قبر
٢٥۔ سُوْقٌ	بازار	٢٦۔ مَقَرُّ الْحَاكِمِ	گورنر ہاؤس
٢٧۔ اَلْمَجْلِسُ الْاِقْلِيْمِيُّ	صوبائی اسمبلی	٢٨۔ مَقَرُّ سَلْطَةِ تَنْمِيَةِ	واپڈا ہاؤس
٢٩۔ مُتْحَفٌ	عجائب گھر	٣٠۔ وَالْكَهْرُبَاءِ	بجلی
٣١۔ فِيْلٌ	ہاتھی	٣٢۔ اَسَدٌ	شیر
٣٣۔ كَرْكَدَنَ	گینڈا	٣٤۔ فَرَسُ الْمَائِيْ	دریائی گھوڑا

٣٥۔ حَدِيْقَةُ الْحَيَوَانِ	چڑیا گھر	٣٦۔ أَعْجَبَتْنِيْ	مجھے پسند آیا
٣٧۔ نَمِرٌ	چیتا	٣٨۔ حِمَارُ الزَّرَدِ	زیبرا
٣٩۔ بَقَرَةُ الْوَحْشِيْ	نیل گائے	٤٠۔ دُبٌّ	ریچھ
٤١۔ قُرُوْدٌ	بندر (جمع)	٤٢۔ غِزْلَانٌ	ہرن (جمع)
٤٣۔ وَعُوْلٌ	بکرے۔ مینڈھے	٤٤۔ طُيُوْرٌ	پرندے
٤٥۔ طَوَاوِيْسُ	مور	٤٦۔ رَقْصٌ	ناچ
٤٧۔ بَبَغَاوَاتٌ	طوطے	٤٨۔ حَدِيْثٌ	باتیں
٤٩۔ اِنْتَهَتْ	ختم ہوگیا	٥٠۔ حِصَّتُنَا	ہمارا پیریڈ
٥١۔ مُمْتِعٌ	دلچسپ	٥٢۔ اِلَى اللِّقَاءِ	پھر ملاقات ہوگی

اُردو ترجمہ

اَلْأُسْتَاذُ: أَبْنَائِيَ الطَّلَبَةَ! إِنَّ دَرْسَنَا الْيَوْمَ عَنْ مَدِيْنَةِ لَاهُوْرَ فَهَلْ فِيْكُمْ مَّنْ زَارَهَا؟

استاد: اے میرے طالب علم بیٹو! بے شک ہمارا آج کا سبق شہر لاہور کے بارے میں ہے۔ کیا تم میں کوئی ایسا ہے جس نے اسے دیکھا ہے؟

سَلْمَانُ: (يَقِفُ قَائِلًا) سَيِّدِيْ فَقَدْ زُرْتُهَا أَنَا خِلَالَ الْإِجَازَاتِ الصَّيْفِيَّةِ الْمَاضِيَةِ۔

سلمان: (کھڑے ہوتے ہوئے کہتا ہے) محترم میں نے اسے پچھلی گرمی کی چھٹیوں میں دیکھا تھا۔

اَلْأُسْتَاذُ: جَمِيْلٌ جِدًّا، أَخْبِرْنَا عَمَّا رَأَيْتَ فِيْ لَاهُوْرَ۔

استاد: بہت اچھی بات ہے۔ آپ نے جو کچھ لاہور میں دیکھا ہمیں بتائیں۔

سَلْمَانُ: يَا أُسْتَاذَنَا الْمُحْتَرَمَ! فِيْهَا ثَلَاثُ جَامِعَاتٍ، جَامِعَةُ بَنْجَاب وَجَامِعَةُ الْهَنْدَسَةِ وَالتِّكْنَالُوْجِيَا بِالْإِضَافَةِ إِلَى كُلِّيَاتٍ وَّ مَدَارِسَ وَحَدَائِقَ وَمَسَاجِدَ كَثِيْرَةٍ۔

سلمان: اے ہمارے استاد محترم! اس میں تین یونیورسٹیاں ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی، انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی اور ادارتی علوم کی یونیورسٹی، اس کے علاوہ بہت سے کالج، سکول، باغات اور مساجد ہیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: وَلِذٰلِكَ تُسَمّٰى لَاهُوْرُ مَدِيْنَةَ الْمَسَاجِدِ وَالْأَوْلِيَاءِ وَالْحَدَائِقِ وَالْمَعَاهِدِ الْعِلْمِيَّةِ۔

استاد: اس لئے لاہور مسجدوں، اولیا، باغات اور علمی اداروں کا شہر کہلاتا ہے۔

أَحْمَدُ: أَنَا لَمْ أَزُرْ لَاهُوْرَ وَأُرِيْدُ أَنْ أَعْرِفَ عَنْهَا كَثِيْرًا فَهَلْ تَسْمَحُ لِزَمِيْلِنَا سَلْمَانَ أَنْ يُحَدِّثَنَا عَنْ بَعْضِ مَا رَآهُ مِنَ الْأَشْيَاءِ الْأُخْرٰى بِلَاهُوْرَ؟

احمد: میں نے لاہور نہیں دیکھا اور میں اس کے بارے میں زیادہ جاننا چاہتا ہوں کیا آپ ہمارے کلاس فیلو سلمان کو اجازت دیں گے کہ وہ ہمیں لاہور کی دوسری چیزوں کے بارے میں بتائے جو اس نے وہاں دیکھیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: نَعَمْ، مَاهِيَ مَعَاهِدُ لَاهُوْرَ الْعِلْمِيَّةُ الَّتِيْ زُرْتَهَا يَا سَلْمَانُ؟

استاد: جی ہاں اے سلمان وہ کونسے تعلیمی ادارے ہیں جو آپ نے لاہور میں دیکھے۔

سَلْمَانُ: لَقَدْ زُرْتُ الْكُلِّيَّةَ الْحُكُوْمِيَّةَ وَالْكُلِّيَّةَ الْإِسْلَامِيَّةَ وَكُلِّيَّةَ الْمَلِكِ إِدْوَارْدْ لِلطِّبِّ وَكُلِّيَّةَ الْعَلَّامَةِ إِقْبَالَ لِلطِّبِّ وَكُلِّيَّةَ فَاطِمَةِ جِنَاح الطِّبِّيَّةَ۔

سلمان: میں نے گورنمنٹ کالج، اسلامیہ کالج، کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج، علامہ اقبال میڈیکل کالج اور فاطمہ جناح میڈیکل کالج دیکھے

اَلْأُسْتَاذُ: وَمَا هِيَ الْأَمَاكِنُ وَالْمَبَانِي التَّارِيْخِيَّةُ الَّتِيْ زُرْتَهَا أَنْتَ يَاسَلْمَانُ!

استاد: وہ کونسی جگہیں اور تاریخی عمارتیں ہیں جو آپ نے اے سلمان دیکھیں۔

سَلْمَانُ: أُسْتَاذِيَ الْكَرِيْمَ! قَدْ رَأَيْتُ هُنَاكَ الْمَسْجِدَ الْمَلَكِيَّ وَمَسْجِدَ وَزِيْرِ خَانْ وَالْقَلْعَةَ الْمَلَكِيَّةَ وَضَرِيْحَ سَيِّدِنَا (دَاتَا) وَمَسْجِدَهُ، وَمَقْبَرَةَ الْمَلِكِ جَهَانْكِيْرِ وَضَرِيْحَ الْعَلَّامَةِ إِقْبَالِ وَسُوْقَ أَنَارْ كَلِيْ وَمَقَرَّ الْحَاكِمِ وَمَقَرَّ الْمَجْلِسِ الْإِقْلِيْمِيِّ وَمَقَرَّ سُلْطَةِ تَنْمِيَةِ

الْمِيَاهِ وَالْكَهْرَبَاءِ وَالْمُتْحَفُ وَحَدِيقَةُ الْحَيَوَانِ۔ وَقَدْ أَعْجَبَتْنِي حَدِيقَةُ الْحَيَوَانِ بِكَثِيرٍ فَلَقَدْ رَأَيْتُ فِيهَا الْفِيلَ وَالْأَسَدَ وَالنَّمِرَ وَالنَّعَامَةَ وَحِمَارَ الزَّرَدِ وَالزَّرَافَةَ وَالْبَقَرَ الْوَحْشِيَّ وَالْكَرْكَدَّنَ وَالْفَرَسَ الْمَائِيَّ۔

سلمان: میرے استاد محترم! میں نے وہاں بادشاہی مسجد، مسجد وزیر خان، شاہی قلعہ، داتا صاحب کا مزار اور انکی مسجد، مقبرہ بادشاہ جہانگیر، علامہ اقبال کا مزار، انار کلی بازار، گورنر ہاؤس، صوبائی اسمبلی ہاؤس، واپڈا ہاؤس، عجائب گھر اور چڑیا گھر دیکھا اور مجھے چڑیا گھر بہت پسند آیا۔ پس میں نے ہاتھی، شیر، چیتا، شتر مرغ، زیبرا، زرافہ، نیل گائے، گینڈا اور دریائی گھوڑا دیکھا۔

اَلْأُسْتَاذُ: أَفَمَا رَأَيْتَ الذِّئْبَ وَالْقُرُودَ وَالْغِزْلَانَ وَالْوُعُولَ وَالطُّيُورَ؟

استاد: کیا آپ نے ریچھ، بندر، ہرن، بکرے اور پرندے دیکھے؟

سَلْمَانُ: قَدْ رَأَيْتُهَا وَأَعْجَبَتْنِي جِدًّا وَّخَاصَّةً الطَّوَاوِيسُ وَ رَقْصُهَا وَالْبَبْغَاوَاتُ وَحَدِيثُهَا۔

سلمان: میں نے ان کو دیکھا ہے اور مجھے خاص طور پر مور اور ان کا رقص طوطے اور ان کی باتیں بہت پسند آئیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: قَدِ انْتَهَتْ حِصَّتُنَا وَكَانَ حَدِيثُنَا مُمْتِعًا جِدًّا وَإِلَى اللِّقَاءِ۔

استاد: ہمارا پیریڈ ختم ہو گیا ہے اور گفتگو بہت دلچسپ تھی پھر ملاقات ہوگی۔

اَلتَّمَارِينُ

س1۔ شَكِّلْ مَايَأْتِي مِنَ الْجُمَلِ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو اعراب لگائیں:

۱۔ قَدْ رَأَيْتَ الطَّوَاوِيسُ رَقْصُهَا وَأَعْجَبَتْنِي جِدًّا

۲۔ تُوجَدُ الذِّ بَبَ وَالْقُرُودَ وَ فِي حَدِيقَةِ الْحَيَوَانِ۔

۳۔ لَاهُورُ مَدِينَةُ الْمَسَاجِدِ وَالْمَعَاهِدِ الْعِلْمِيَّةِ۔

س2۔ هَاتِ الْأَفْعَالَ الْمُضَارِعَةَ لِمَايَأْتِي مِنَ الْمَاضِيْ:

نیچے دیئے ہوئے افعال ماضی کے افعال مضارع بنائیں:

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
قَالَ	يَقُوْلُ	زَارَ	يَزُوْرُ
رَأىٰ	يَرىٰ	وَقَفَ	يَقِفُ
رَقَصَ	يَرْقُصُ	اِنْتَهىٰ	يَنْتَهِيْ
سَمّٰى	يُسَمِّيْ	دَرَسَ	يَدْرُسُ
سَمَحَ	يَسْمَحُ		

3س اِسْتَخْرِجْ عَشَرَةَ أَسْمَاءِ الْمُفْرَدِ وَهَاتِ بِجُمُوْعِهَا:

دس اسم مفرد نکالیں اوران کی جمع بنائیں:

واحد	جمع	واحد	جمع
مَدِيْنَةٌ	مُدُنٌ	اَلْيَوْمُ	اَلْأَيَامُ
جَامِعَةٌ	جَامِعَاتٌ	مُقْبَرَةٌ	مَقَابِرُ
مَسْجِدٌ	مَسَاجِدُ	سُوْقٌ	اَسْوَاقٌ
حِصَّةٌ	حِصَصٌ	كُلِيَّةٌ	كُلِيَاتٌ
أُسْتَاذٌ	أَسَاتِذَةٌ	مَعْهَدٌ	مَعَاهِدُ
مَبْنىٰ	مَبَانِيْ	شَئٌ	اَشْيَاءٌ

4س اِسْتَخْرِجْ خَمْسَةً مِنَ الْمُرَكَّبَاتِ التَّوْصِيْفِيَّةِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ:

5 مرکبات توصیفی نکالیں اورانہیں مفید جملوں میں استعمال کریں:

مرکب توصیفی	جملے
١۔ اَلْاِجَازَةِ الصَّيْفِيَّةِ	قَدْزُرْتُ لَاهُوْرَ خِلَالَ الْإِجَازَةِ الصَّيْفِيَّةِ میں نے لاہور کو گرمی کی چھٹیوں میں دیکھا ہے۔
٢۔ اَلْأَشْيَاءُ الْأُخْرىٰ	مَارَاَىْ مِنَ الْأَشْيَاءِ الْأُخْرىٰ بِلَاهُوْرَ؟ اس نے لاہور میں دوسری کونسی چیزیں دیکھیں؟

٣۔ اَلْمَعَاهِدُ الْعِلْمِيَّةِ	تُسَمّٰی لَاهُوْرُ مَدِيْنَةُ الْمَعَاهِدِ الْعِلْمِيَّةِ لاہور تعلیمی اداروں کا شہر کہلاتا ہے۔
٤۔ اَلْمَبَانِیُ التَّارِيْخِيَّةُ	لَقَدْ زُرْتُ عَدَدًا مِنَ الْمَبَانِیْ التَّارِيْخِيَّةِ میں نے کئی تاریخی عمارات دیکھی ہیں۔
٥۔ مَسَاجِدُ كَثِيْرَةٌ	فِیْ لَاهُوْرَ مَسَاجِدُ كَثِيْرَةٌ لاہور میں بہت سی مساجد ہیں۔

س 5۔ اِحْفَظِ الْكَلِمَاتِ الْاٰتِيَةَ وَاسْتَخْدِمْهَا فِیْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ:

نیچے دیئے ہوئے الفاظ کو یاد کریں اور ان کو جملوں میں استعمال کریں:

الفاظ	جملے
١۔ دَرْسَ	هٰذَا الدَّرْسُ سَهْلٌ وَمُمْتِعٌ یہ سبق آسان اور دلچسپ ہے۔
٢۔ طَلَبَةٌ	كَمْ طَالِبَةً فِیْ صَفِّكَ؟ تمھاری جماعت میں کتنے طالب علم ہیں؟
٣۔ اَلْيَوْمَ	اِنَّ دَرْسَنَا الْيَوْمَ عَنْ مَدِيْنَةِ لَاهُوْرَ بے شک ہمارا آج کا سبق شہر لاہور کے بارے میں ہے۔
٤۔ مَدِيْنَةٌ	اِنَّ دَرْسَنَا الْيَوْمَ عَنْ مَدِيْنَةِ لَاهُوْرَ بے شک ہمارا آج کا سبق شہر لاہور کے بارے میں ہے۔
٥۔ خِلَالَ	قَدْ زُرْتُ لَاهُوْرَ خِلَالَ الْاِجَازَةِ الصَّيْفِيَّةِ میں نے لاہور کو گرمی کی چھٹیوں میں دیکھا۔
٦۔ اَلْاِجَازَاتُ	قَدْ زُرْتُ لَاهُوْرَ خِلَالَ الْاِجَازَةِ الصَّيْفِيَّةِ میں نے لاہور کو گرمی کی چھٹیوں میں دیکھا۔
٧۔ جَامِعَةٌ	فِیْ لَاهُوْرَ ثَلَاثُ جَامِعَاتٍ لاہور میں تین یونیورسٹیاں ہیں۔
٨۔ ضَرِيْحٌ	هَلْ قَدْ رَأَيْتَ ضَرِيْحَ النَّبِیِّ؟ کیا آپ نے روضہ نبی ﷺ دیکھا ہے؟

س6۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

ا۔	آئندہ گرمیوں کی چھٹیوں میں ہم کراچی جائیں گے۔	سَنَذْهَبُ اِلٰى كَرَاتَشِي خِلَالِ الْاِجَازَاتِ الصَّيْفِيَّةِ الْقَادِمَةِ
۲۔	لاہور میں تین یونیورسٹیاں ہیں۔	فِيْ لَاهُوْر ثَلَاثُ جَامِعَاتٍ
۳۔	گورنر ہاؤس شاہراہ قائداعظم پر واقع ہیں۔	يَقَعُ مَقَرُّ الْحَاكِمِ عَلٰى شَارِعِ الْقَائِدِ الْاَعْظَمِ۔
۴۔	میں نے لاہور کی بادشاہی مسجد دیکھی	لَقَدْ زُرْنَا الْمَسْجِدَ الْمَلِكِيَّ بِلَاهُوْر
۵۔	واپڈا ہاؤس چڑیا گھر کے سامنے ہے۔	مَقَرُّ سُلْطَةِ وَتَنْمِيَةِ الْمِيَاهِ وَالْكَهْرُبَاءِ اَمَامَ حَدِيْقَةِ الْحَيَوَانَاتِ
٦۔	مجھے مور اور اس کا ناچ بہت پسند آیا	اَعْجَبَتْنِي الطَّوَاوِيْسَ وَرَقْصَهَا

......☆......

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ عَشَرَ : (پندرھواں سبق)

منتخب نثر نمبر (۲)

لَطَائِفُ جُحَا

جُحَاؔ کے لطائف

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ لَطَائِفُ	لطیفے	۲۔ حُمْقٰی	بیوقوف
۳۔ نَادِرَةٌ	عجیب وغریب	٤۔ نُكَتٌ	لطیفے
۵۔ مُثِيرَةٌ	ابھارنے والے	٦۔ حَمَّامٌ	غسل خانہ
۷۔ سُرِقَتْ	چرالیے گئے	۸۔ ثِيَابٌ	کپڑے
۹۔ أَعْلَمُ	میں جانتا ہوں	۱۰۔ اَللِّصُّ	چور
۱۱۔ يَسْمَعُ	وہ سنتا ہے	۱۲۔ فَزِعَ	وہ خوفزدہ ہوا
۱۳۔ ظَنَّ	اس نے گمان کیا	١٤۔ فَطِنَ	اس نے پہچان لیا
۱۵۔ رَدَّ	لوٹا دیا	١٦۔ إِنِّي	میں
۱۷۔ سَمِعْتُ	میں نے سنا	۱۸۔ تَقُولُ	وہ کہتا ہے
۱۹۔ عَدَمْتُ	میں نے کھودیے	۲۰۔ مُتُّ	میں مرجاؤں گا
۲۱۔ بَرْدٌ	ٹھنڈ	۲۲۔ مَرَضٌ	بیماری
۲۳۔ أَطَالُوا	انھوں نے دیر کی	٢٤۔ جُلُوسٌ	بیٹھنا
۲۵۔ وِسَادَةٌ	تکیہ	٢٦۔ قَامَ	وہ کھڑا ہوا
۲۷۔ شَفٰی	شفادی	۲۸۔ قُومُوا	اٹھو۔ کھڑے ہوجاؤ
۲۹۔ إِذْهَبُوا	جاؤ (جمع)	۳۰۔ مَرَّ	گزرا
۳۱۔ رَئِيسُ الْحَرَسِ	سپاہی۔ تھانیدار	۳۲۔ مُنْتَصِفُ اللَّيْلِ	آدھی رات

٣٣۔ يَدُورُ	وہ چکر لگاتا ہے	٣٤۔ شَوَارِع	سڑکیں
٣٥۔ يَبْحَثُ	وہ تلاش کرتا ہے	٣٦۔ هَرَبَ	دوڑ گیا
٣٧۔ نَوْمٌ	نیند	٣٨۔ سُئِلَ	پوچھا گیا
٣٩۔ أَمْ	یا	٤٠۔ قَادِمٌ	آئندہ آنے والا
٤١۔ نَصِيْرُ	ہم ہو جائیں گے	٤٢۔ رُئِيَ	دیکھا گیا
٤٣۔ دَارٌ	گھر	٤٤۔ يَعْدُو	وہ پڑھ رہا ہے
٤٥۔ صَوتٌ عَالٍ	اونچی آواز	٤٦۔ أَرَدْتُ	میں ارادہ رکھتا ہوں
٤٧۔ اَسْمَعُ	میں سنوں	٤٨۔ بَعِيْدٍ	دور
٤٩۔ بُسْتَانٌ	باغ	٥٠۔ تَعَلَّقَ	اٹک گئے۔پھنس گئے
٥١۔ بَهِيْمَةٌ	چوپایا۔جانور	٥٢۔ كَسَرْتُ	میں توڑ دیتا ہوں
٥٣۔ أَنْفٌ	ناک	٥٤۔ يَمُرُّ	وہ گزرتا ہے
٥٥۔ صَدِيْقٌ	دوست	٥٦۔ مُرْتَفِعَةٌ	اونچا۔بلند
٥٧۔ أَيَّةٌ	کوئی ایک	٥٨۔ مَنَارَةٌ	مینار
٥٩۔ يَبْنُوْنَ	وہ تعمیر کرتے ہیں	٦٠۔ بِئْرٌ	کنواں
٦١۔ مَقْلُوْبَةٌ	الٹا	٦٢۔ قِيْلَ	کہا گیا
٦٣۔ اِمْرَأَةٌ	عورت	٦٤۔ أَضَاعَتْ	اس نے ضائع کر دی
٦٤۔ فَكَّرَ	سوچا	٦٤۔ قَلِيْلٌ	کم۔تھوڑی
٦٥۔ فَدَعِيْ	مجھے چھوڑ دو	أَتَذَكَّرُ	میں یاد کروں

اردو ترجمہ

وَمِنْ حَمْقَى الْعَرَبِ جُحَاوَلَه' لَطَائِفُ نَادِرَةٌ وَّنُكَتٌ مُّثِيْرَهُ

مِنْهَا:

.جحا عرب کے احمقوں میں سے تھا۔اس کے عجیب وغریب اور پر اثر لطیفے ہیں:

۱۔ دَخَلَ جُحَا الْحَمَّامَ فَسُرِقَتْ ثِيَابُه' فَجَعَلَ يَقُوْلُ : أَنَا أَعْلَمُ أَنَا أَعْلَمُ! وَاللِّصُّ يَسْمَعُه' فَفَزِعَ وَظَنَّ أَنَّه' قَدْ فَطِنَ بِهٖ فَرَدَّهَا وَقَالَ لَه': إِنِّیْ سَمِعْتُكَ تَقُوْلُ: أَنَا أَعْلَمُ فَمَا الَّذِیْ تَعْلَمُ؟ قَالَ : أَعْلَمُ أَنَّه' إِنْ عَدِمْتُ ثِيَابِیْ مُتُّ مِنَ الْبَرْدِ۔

۱۔ جحا حمام میں داخل ہوا تو اسکے کپڑے چرا لیے گئے پس وہ کہنے لگا میں جانتا ہوں میں جانتا ہوں! چور یہ سن رہا تھا پس وہ خوفزدہ ہو گیا اور اس نے سوچا کہ اس کو پتا چل گیا ہے۔ پس اس نے واپس لوٹا دیے۔ اس نے اس (جحا) سے کہا میں نے تجھے کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں جانتا ہوں پس تو کیا جانتا ہے اس (جحا) نے کہا میں جانتا ہوں کہ اگر میں نے کپڑے کھو دیئے تو یقیناً میں سردی سے مر جاؤں گا۔

۲۔ عَادَ قَوْمُ جُحَا فِیْ مَرَضِهٖ وَأَطَالُوا الْجُلُوْسَ عِنْدَه' فَأَخَذَ وِسَادَتَه' وَقَامَ وَقَالَ : قَدْ شَفَى اللّٰهُ مَرِيْضَكُمْ قُوْمُوْا وَاذْهَبُوْا۔

۲۔ جحا کی قوم نے اسکی بیماری میں اس کی عیادت کی وہ اس کے پاس دیر تک بیٹھے رہے۔ پس وہ اپنا تکیہ پکڑ کر اٹھ کھڑا ہوا اور کہنے لگا اللہ نے تمھارے مریض کو شفا دے دی ہے اٹھو اور جاؤ۔

۳۔ مَرَّ رَئِيْسُ الْحَرَسِ بِجُحَا فِیْ مُنْتَصَفِ اللَّيْلِ وَهُوَ يَدُوْرُ فِی الشَّوَارِعِ كَمَنْ يَبْحَثُ عَنْ شَیْءٍ فَسَأَلَه': عَمَّا ذَا تَبْحَثُ؟ قَالَ جُحَا : هَرَبَ مِنِّیْ نَوْمِیْ وَأَنَا أَبْحَثُ عَنْهُ۔

۳۔ آدھی رات کو تھانیدار جحا کے پاس سے گزرا وہ سڑکوں پر چکر لگا رہا تھا جیسے کہ کوئی شے تلاش کر رہا ہو۔ پس اس (تھانیدار) نے پوچھا تو کیا چیز تلاش کر رہا ہے۔ جحا نے کہا ''مجھ سے میری نیند بھاگ گئی ہے اور میں اسے تلاش کر رہا ہوں''

٤۔ سُئِلَ جُحَا يَوْمًا ، أَنْتَ أَكْبَرُ أَمْ أَخُوْكَ؟ فَقَالَ : إِنِّیْ أَكْبَرُ مِنْهُ بِسَنَةٍ وَفِی الْعَامِ الْقَادِمِ نَصِيْرُ نَحْنُ الإِثْنَانِ فِیْ عُمْرٍ وَّاحِدٍ۔

۴۔ جحا سے ایک روز پوچھا گیا کہ تو بڑا ہے یا تیرا بھائی؟ اس نے کہا میں اس سے ایک سال بڑا ہوں اور آئندہ آنے والے سال میں ہم دونوں ایک ہی عمر کے ہو جائیں گے۔

۵۔ رُئِیَ جُحَا فِی وَسَطِ دَارِہٖ وَھُوَ یَعْدُوعَدُوًا شَدِیْدًا وَّیَقْرَأُ بِصَوْتٍ عَالٍ فَسُئِلَ عَنْ ذٰلِکَ فَقَالَ: اَرَدْتُّ أَنْ أَسْمَعَ صَوْتِی مِنْ بَعِیْدٍ۔

۵۔ جحا کو گھر کے صحن میں دیکھا گیا وہ زور زور سے اونچی آواز کے ساتھ پڑھ رہا تھا اس سے اس کے بارے میں پوچھا گیا میں چاہتا ہوں کہ میں آواز اپنی کو دور سے سنوں۔

٦۔ دَخَلَ جُحَا الْبُسْتَانَ فَتَعَلَّقَ ثَوْبُہٗ بِشَجَرَۃٍ فَالْتَفَتَ وَقَالَ: لَوْ لَا أَنْتِ بَھِیْمَۃٌ لَّکَسَرْتُ أَنْفَکِ۔

٦۔ جحا باغ میں آیا تو اس کے کپڑے کسی درخت کے ساتھ پھنس گئے اس نے اس کو دیکھا اور کہا "اگر تو جانور نہ ہوتا تو میں ضرور تیری ناک توڑ دیتا"۔

۷۔ کَانَ جُحَا یَمُرُّمَعَ صَدِیْقٍ لَّہٗ فَرَأیٰ مَنَارَۃً مُّرْتَفِعَۃً وَّلَمْ یَکُنْ صَدِیْقُہٗ قَدْ رَأیٰ اٰیَۃَ مِنَارَۃٍ مِنْ قَبْلُ فَقَالَ: کَیْفَ یَبْنُوْنَ ھٰذِہٖ؟ فَقَالَ جُحَا: ھٰذِہٖ بِئْرٌ مَّقْلُوْبَۃٌ۔

۷۔ جحا اپنے دوست کے ساتھ گزر رہا تھا تو اس نے ایک اونچا مینارہ دیکھا اس کے دوست نے پہلے کبھی کوئی ایسا مینارہ نہیں دیکھا تھا اس نے پوچھا اس کو کیسے تعمیر کرتے ہیں۔ جحا نے جواب دیا "یہ الٹا کنواں ہے"

۸۔ قِیْلَ لِجُحَا: إِنَّ امْرَاتَکَ قَدْ أَضَاعَتْ عَقْلَھَا فَفَکَّرَ قَلِیْلًا۔ ثُمَّ قَالَ: أَنَا أَعْلَمُ أَنَّہٗ لَا عَقْلَ لَھَا فَدَعْنِی أَتَذَکَّرُ مَا الَّذِی أَضَاعَتْہُ۔

۸۔ جحا سے کہا گیا کہ بے شک تیری بیوی نے عقل کھو دی ہے پس اس نے تھوڑی دیر سوچا پھر کہا میں جانتا ہوں کہ اس کے پاس عقل نہیں پس مجھے یاد کرنے دو اس نے کیا کھویا ہے۔

اَلتَّمَارِیْنُ

س1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَۃِ الْاٰتِیَۃِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ مَتٰی سُرِقَتْ ثِیَابُ جُحَا؟

جحا کے کپڑے کب چرائے گئے؟

حِيْنَ هُوَ فِي الْحَمَّامِ

۲۔ مَاذَا جَعَلَ جُحًّا يَقُوْلُ وَهُوَ دَاخِلَ الْحَمَّامِ؟

جب وہ حمام میں داخل ہوا تو کیا کہنے لگا؟

يَقُوْلُ : أَنَا أَعْلَمُ أَنَا أَعْلَمُ

۳۔ مَنِ الَّذِيْ فَزِعَ حِيْنَ سَمِعَ صَوْتَ جُحًّا وَهُوَ فِي الْحَمَّامِ؟

حمام سے جحا کی آواز سن کر کون خوفزدہ ہوا؟

كَانَ هُوَ السَّارِقُ

٤۔ عَمَّاذَا كَانَ يَبْحَثُ جُحَاحِيْنَ مُرَّبِهِ رَئِيْسُ الْحَرَسِ

جب تھانیدار جحا کے پاس سے گزرا تو وہ کیا تلاش کر رہا تھا؟

يَبْحَثُ عَنْ نَوْمِهِ

س2۔ ضَعْ أَسْئِلَةً يُمْكِنُ أَنْ تَكُوْنَ الْجُمَلُ الْآتِيَةُ أَجْوِبَةً لَهَا۔

ایسے سوالات بنائیں کہ درج ذیل سوالات ان کے جوابات بن جائیں۔

۱۔ كَانَ يَعْدُوْا عَدْوًا فِيْ وَسَطِ دَارِهِ۔

وہ گھر کے صحن میں اونچی آواز میں پڑھ رہا تھا۔

أَيْنَ يَعْدُوْا جُحًّا؟

۲۔ كَانَ يَقْرَاءُ بِصَوْتٍ عَالٍ۔

وہ اونچی آواز سے پڑھ رہا تھا۔

كَيْفَ يَقْرَأُ جُحًّا؟

۳۔ تَعَلَّقَ ثَوْبُ جُحًا بِشَجَرَةٍ۔

جحا کے کپڑے درخت سے اٹک گئے۔

أَيْنَ تَعَلَّقَ ثَوْبُ جُحًّا؟

س3۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ التَّالِيَةَ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو اعراب لگائیں۔

۱۔ كَانَ جُحًا يَقْرَأُ بِصَوْتٍ عَالٍ۔

۲۔ دَخَلَ جُحًّا بُسْتَانًا فَتَعَلَّقَ ثَوْبَهُ بِشَجَرَةٍ۔

۳۔ رَأَى جُحًّا مَنَارَةً فَظَنَّهَا بِئْرًا مَقْلُوْبَةً

س4۔ صَحِّحِ الْجُمَلَ الْآتِیَۃَ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو درست کریں۔

۱۔ كَانَ جُحًا مِنْ عَرَبِ الْحَمْقٰى

كَانَ جُحًا مِنْ حَمْقَى الْعَرَبِ

۲۔ عَادُوا الْقَوْمُ الْجُحًا فَأَطَالَ الْجُلُوسَ عِنْدَهٗ

عَادَ قَوْمُ جُحًا فَأَطَالُوا الْجُلُوسَ عِنْدَهٗ

۳۔ رَآهُ الرَّئِيسُ الْحَرَسِ فِي الْمُنْتَصِفِ اللَّيْلِ۔

رَآهُ رَئِيسُ الْحَرَسِ فِي مُنْتَصِفِ اللَّيْلِ

س5۔ اِسْتَخْرِجْ خَمْسَةً مِنَ الْأَفْعَالِ الْمُعْتَلَّةِ مِنْ هٰذَا الدَّرْسِ ثُمَّ صَرِّفْهَا تَصْرِيفَ الْمُضَارِعِ وَالْأَمْرِ وَالنَّهْيِ

سبق سے 5 معتل افعال لیں پھر ان سے مضارع، امر اور نہی کی گردان کریں۔

قَالَ ، عَادَ ، يَدُوْرُ ، نَصِيْرُ ، أَطَالُوا

مضارع

يَقُوْلُ	يَعُوْدُ	يَدُوْرُ	يُصِيْرُ	يُطِيْلُ
يَقُوْلَانِ	يَعُوْدَانِ	يَدُوْرَانِ	يُصِيْرَانِ	يُطِيْلَانِ
يَقُوْلُوْنَ	يَعُوْدُوْنَ	يَدُوْرُوْنَ	يُصِيْرُوْنَ	يُطِيْلُوْنَ
تَقُوْلُ	تَعُوْدُ	تَدُوْرَانِ	تُصِيْرُ	تُطِيْلُ
يَقُلْنَ	يَعُدْنَ	يَدُرْنَ	تُصِيْرَانِ	تُطِيْلَانِ
تَقُوْلُ	تَعُوْدُ	تَدُوْرُ	يُصِرْنَ	يُطِلْنَ
تَقُوْلَانِ	تَعُوْدُ	تَدُوْرَانِ	تُصِيْرُ	تُطِيْلُ
تَقُوْلَانِ	تَعُوْدَانِ	تَدُوْرُوْنَ	تُصِيْرُوْنَ	تُطِيْلُوْنَ
تَقُلِيْنَ	تَعُوْدِيْنَ	تَدُوْرَانِ	تُصِيْرِيْنَ	تُطِيْلِيْنَ
تَقُوْلَانِ	تَعُوْدَانِ	تَدُوْرَانِ	تُصِيْرَانِ	تُطِيْلَانِ
تَقُلْنَ	تَعُدْنَ	تَدُرْنَ	تُصِرْنَ	تُطِلْنَ

اَقُوْلُ	اَعُوْدُ	اَدُوْرُ	اُصِیْرُ	اُطِیْلُ
نَقُوْلُ	نَعُوْدُ	نَدُوْرُ	نُصِیْرُ	نُطِیْلُ

فعل امر

قُلْ	عُدْ	دُرْ	صِرْ	اَطِلْ
قُوْلَا	عُدَا	دُوْرَا	صِیْرَا	اَطِیْلَا
قُوْلُوْا	عُدُوْا	دُوْرُوْا	صِیْرُوْا	اَطِیْلُوْا
قُوْلِیْ	عُوْدِیْ	دُوْرِیْ	صِیْرِیْ	اَطِیْلِیْ
قُوْلَا	عُوْدَا	دُوْرَا	صِیْرَا	اَطِیْلَا
قُلْنَ	عُدْنَ	دُرْنَ	صِرْنَ	اَطِلْنَ

فعل نہی

لَا تَقُلْ	لَاتَعُدْ	لَاتَدُرْ	لَاتَصِیْر	لَاتُطِلْ
لَاتَقُوْلَا	لَاتَعُوْدَا	لَاتعدُوْرَا	لَا تَصِیْرَا	لَاتُطِیْلَا
لَاتَقُوْلُوْا	لَاتَعُوْدُوْا	لَاتَدُوْرُوْا	لَاتَصِیْرُوْا	لَاتُطِیْلُوْا
لَاتَقُوْلِیْ	لَاتَعُوْدِیْ	لَاتَدُوْرِیْ	لَاتَصِیْرِیْ	لَا تُطِیْلِیْ
لَاتَقُوْلَا	لَاتَعُوْدَا	لَاتَدُوْرَا	لَاتَصِیْرَا	لَاتُطِیْلَا
لَاتَقُلْنَ	لَاتَعُدْنَ	لَاتَدُرْنَ	لَاتَصِرْنَ	لَاتُطِلْنَ

س6۔ عَلَی الطُّلَّابِ أَنْ یَحْفَظُوْا خَمْسَ لَطَائِفَ عَلَی الْأَقَلِّ فَیَحْکُوْهَا بِالْعَرَبِیَّةِ دَاخِلَ الْفَصْلِ الدِّرَاسِیِّ:

طالب علموں کے لئے واجب ہے کہ وہ کم از کم 5 لطائف یاد کریں۔ پھر ان کو سکول کی کلاس کے دوران بیان کریں:

طلبہ خود یاد کریں۔

س7۔ تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ جحا بلادِ عرب میں رہتا تھا۔

كَانَ جُحَّا يَعِيشُ فِي الْبِلَادِ الْعَرَبِيَّةِ۔

۲۔ وہ ایک مشہور احمق تھا۔

كَانَ هُوَ اَحْمَقٌ مَعْرُوفٌ

۳۔ میں دائیں ہاتھ سے کھانا کھاتا ہوں۔

آكُلُ الطَّعَامَ بِالْيَدِ الْيُمْنٰى

۴۔ آدھی رات کو تھانیدار جحا کے پاس سے گزرا۔

مَرَّ رَئِيسُ الْحَرَسِ بِجُحَّا فِي مُنْتَصِفِ اللَّيْلِ

۵۔ جحا نے کنواں کو الٹا منارہ سمجھا۔

ظَنَّ الْجُحَّا الْمَنَارَةُ بِئْرًا مَقْلُوْبَةً

OOOOOOOOOOO

اَلدَّرسُ السَّادِسُ عَشَرَ: (سولھواں سبق)

منتخب اشعار (۳)

اَلنَّشِیْدُ الْإِسْلَامِیُّ

اسلامی ترانہ

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١ ـ أَضْحٰی	بن گیا۔ ہوگیا	٢ ـ كَوْنٌ	کائنات۔ دنیا
٢ ـ اَعْدَدْنَا	ہم نے تیار کرلیا ہے	٤ ـ سَكَنٌ	مسکن۔ رہنے کی جگہ
٥ ـ يَزُوْلُ	وہ زائل کرتا ہے	٦ ـ تُمْحٰی	مٹایا
٧ ـ دَهْرٌ	زمانہ	٨ ـ صَحَائِفُ	تحریریں
٩ ـ سُؤْدَدُ	سرداری۔ حکومت	١٠ ـ بُنِيَتْ	تعمیر کی گئی
١١ ـ مَعَابِدُ	عبادت گاہیں	١٢ ـ حَيَاةِ الرُّوحِ	دل وجان
١٣ ـ ظِلٌّ	سایہ	١٤ ـ تَرَبَّيْنَا	ہم نے ترتیب پائی
١٥ ـ بَنَيْنَا	ہم نے بنیاد رکھی	١٦ ـ دَوْلَةٌ	ملک
١٧ ـ عَلَمٌ	جھنڈا	١٨ ـ مَجْدٌ	بزرگی
١٩ ـ نَصْرٌ	کامیابی	٢٠ ـ يُضِيْئُ	روشنی کرتا ہے
٢١ ـ يُمَثِّلُ	نمائندگی کرتا ہے	٢٢ ـ صَدًى	آواز۔ بازگشت
٢٣ ـ حَدَائِقُ	باغات	٢٤ ـ نَسِيْتَ	تونے بھلادیا
٢٥ ـ مَغَانِيْ	منزل۔ مقام	٢٦ ـ عِشْرَةٌ	رہنا
٢٧ ـ أَغْصَانٌ	شاخیں	٢٨ ـ أَوْكَارٌ	گھونسلے
٢٩ ـ عُمِرَتْ	آباد کیا گیا	٣٠ ـ نَشْأَةٌ	قوم
٣١ ـ سَجَّلْتَ	تونے ریکارڈ کرلیا	٣٢ ـ شَطٌّ	کنارہ

لفظ	معنی	لفظ	معنی
٣٣۔ مَأْثِرُ	قابل فخر کارنامے	٣٤۔ تَرْوِیْ	سیراب کرتی ہیں
٣٥۔ تُعِیْدُ	تولوٹاتا ہے	٣٦۔ جَوَاهِرُ	موتی
٣٧۔ مِیْلَادُ	جائے پیدائش	٣٨۔ رَوْضٌ	باغ
٣٩۔ دَوْحَةٌ	سایہ دار گھنا درخت	٤٠۔ دَمٌ	خون
٤١۔ أَمِیْرٌ	سردار	٤٢۔ یَقُوْدُ	قیادت کرتا ہے
٤٣۔ فَوْزٌ	کامیابی	٤٤۔ نُصْرَةٌ	فتح
٤٥۔ رَكْبٌ	قافلہ۔جماعت	٤٦۔ هَادِیْ	رہنما
٤٧۔ آمَالٌ	آرزوئیں	٤٨۔ جَرَسٌ	گھنٹی
٤٩۔ یَحْدُوْ	حدی خوانی کرتا ہے	٥٠۔ یُعِیْدُ	وہ واپس آتا ہے
٥١۔ قَوَافِلُ	قافلے	٥٢۔ یَبْعَثُ	بیدار کرتا ہے۔

اردو ترجمہ

اَلصِّیْنُ لَنَا وَالْعَرَبُ لَنَا
وَالْهِنْدُ لَنَا وَالْكُلُّ لَنَا

ترجمہ: چین ہمارا ہے، عرب ہمارا ہے اور ہندوستان ہمارا ہے اور یہ سب ہمارے ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اسلامی وحدت اور توحید کے اسلامی تصور کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اس دنیا میں جہاں جہاں بھی مسلمان پائے جاتے ہیں۔ وہ تمام ممالک مسلمانوں کے ہیں چاہے وہ چین ہو عرب ہو یا ہندوستان یہ تمام ممالک وحدت اسلامی کے نظریے کے تحت مسلمانوں کے ملک ہیں۔ کیونکہ مسلمان خواہ کسی بھی خطے کا باشندہ ہو وہ جس اسلامی وحدت کی لڑی میں پرویا ہوا ہے۔ وہ وحدت اسلامی اسے تمام دنیا کے مسلمانوں کا بھائی بنا دیتی ہے۔ اسلام وہ واحد مذہب ہے جو قومیت اور وطن پرستی کی بجائے عقائد کو اہمیت دیتا ہے۔ دوسرے مذاہب کے نظریے کی رو سے ہندوستانی وہی شخص ہے جو ہندوستان میں رہتا ہے۔ ہندوستان سے باہر کا کوئی شخص ہندوستانی نہیں کہلا سکتا۔ جبکہ اسلامی نظریہ اس کے برعکس ہے۔ جس کی رو سے دنیا میں کہیں بھی رہنے والا مسلمان اسلامی

اخوت کے نظام کا حصہ ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں آیا ہے۔

اَلْاَرْضُ لِلّٰہِ

ترجمہ: تمام زمین اللہ کی ہے۔

اس لحاظ سے مسلمان چونکہ اللہ کے اطاعت گزار اور زمین پر اس کے نائب ہیں۔ لہٰذا تمام زمین ان کی ملکیت ہے۔ اس لئے شاعر چین، عرب، ہندوستان کو اپنے ممالک یعنی مسلم ممالک کہہ رہا ہے۔

أَضْحَی الْإِسْلَامُ لَنَا دِیْنًا
وَجَمِیْعُ الْکَوْنِ لَنَا وَطَنًا

ترجمہ: اسلام ہمارا دین بن گیا ہے اور تمام کائنات ہمارا وطن ہے۔

تشریح:

دوسرے شعر میں شاعر اسلام کی وحدانیت اور اس کی حقانیت کو بیان کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ یہ دنیا جب کفر اور گمراہی میں ڈوبی ہوئی تھی تو اسلام کی روشنی نمودار ہوئی۔ اس کی ہدایت سے متاثر ہو کر لوگ مسلمان ہو گئے۔ اسلام ان کا دین بن گیا اور وحدت اسلام کی وجہ سے تمام کائنات ان کا وطن بن گئی۔ اس کائنات کے کسی بھی گوشے یا حصے میں رہنے والا مسلمان اس علاقے کی قومیت نہیں پہچانا جائے گا بلکہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے اور اسلام کے پیروکار ہونے کی حیثیت سے وہ مسلمان برادری کا فرد کہلائے گا۔

تَوْحِیْدُ اللّٰہِ لَنَا نُوْرٌ
أَعْدَدْنَا الرُّوْحَ لَہٗ سَکَنًا

ترجمہ: اللہ کی توحید ہمارے لئے نور ہے جس کا مسکن ہم نے اپنی روح کو بنا لیا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اللہ کی وحدانیت بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اللہ کی توحید ہمارے لئے نور ہے اور روشنی اور رہنمائی کا ذریعہ ہے شرک کے جہاں بہت سے منفی پہلو ہیں وہاں ایک مثبت پہلو یہ بھی ہے کہ شرک انسان کو متعصب اور جانبدار بنا دیتا ہے۔ شرک تصویر کے دونوں رخ نہیں دیکھتا بلکہ جہاں اس کے عقائد و نظریات الگ ہونے لگیں وہ حقائق کو رد کر دیتا ہے۔ جبکہ توحید انسان کو باشعور اور رجائیت پسند بنا دیتی ہے۔ توحید کے ذریعے انسان اس کائنات کے اسرار و رموز سے آگاہ

ہوتا ہے۔ جب یہ کائنات کے خالق کو ڈھونڈنے کیلئے فطرت کا مطالعہ کرتا ہے تو اس پر نئے نئے انکشافات ہوتے ہیں۔ یہ مطالعہ فطرت اس کے توحید کے عقائد سے ٹکرانے کی بجائے اس کا توحید کا ثبوت فراہم کرتے ہیں۔

اَلْكَوْنُ يَزُوْلُ وَلَا تُمْحٰى
فِي الدَّهْرِ صَحَائِفُ سُؤْدَدِنَا

ترجمہ: کائنات فنا ہو جائے گی لیکن زمانے سے ہمارے اقتدار کی تحریریں نہ مٹ سکیں گی۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اسلامی خلافت کی شاندار یادوں کو یاد کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ یہ کائنات فنا ہو جائے گی لیکن شاندار خلافت اور حکومت کے آثار نہیں مٹ سکیں گے۔ مسلمانوں نے اپنے دور خلافت میں ایجادات اور تعمیرات کیں۔ معاشرے کو جس انداز میں چلایا۔ معاشرتی، سیاسی اور معاشی زندگی کے جو اصول، قاعدے اور قوانین مرتب کیے ہیں۔ دنیا ان سے روشنی حاصل کرتی رہی اور کرتی رہے گی اور ہمارے یہ اصول اور قواعد دنیا کے لئے مشعل راہ ہوں گے۔

بُنِيَتْ فِي الْأَرْضِ مَعَابِدُهَا
وَالْبَيْتُ الْأَوَّلُ كَعْبَتُنَا

ترجمہ: زمین پر عبادت گاہیں بنائی گئیں اور پہلا گھر ہمارا خانہ کعبہ ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بیت اول یعنی خانہ کعبہ کی مرکزیت اور اولیت کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ دنیا میں یوں تو بہت سی عبادت گاہیں تعمیر کی گئیں بہت سے مندر اور معبت خانے تعمیر ہوئے لیکن خانہ کعبہ کو ان تمام میں اولین حیثیت حاصل ہے۔ خانہ کعبہ وہ واحد اور پہلا گھر ہے جو خاص طور پر عبادت کے مقصد کیلئے تعمیر کیا گیا۔

هُوَ أَوَّلُ بَيْتٍ نَحْفَظُهٗ
بِحَيَاةِ الرُّوحِ وَيَحْفَظُنَا

ترجمہ: وہ پہلا گھر ہے جس کی ہم دل و جان سے حفاظت کرتے ہیں اور وہ بھی ہماری حفاظت کرتا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر خانہ کعبہ کے مسلم مرکز ہونے کی حیثیت کو بیان کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کعبۃ اللہ کو مسلمانوں کی روحانی زندگی میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ تمام دنیا کے مسلمان اپنی تمام عبادات کی ادائیگی کیلئے کعبۃ اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ مسلمان پانچ وقت مسلمان اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں۔ اور حج کے وقت مسلمان اسی کے گرد طواف کرتے ہیں۔ جب مسلمان اس کو اہمیت دیتے ہیں تو کعبۃ اللہ مسلمانوں کی حفاظت کرتا ہے کیونکہ تمام مسلمان اسلام کی وحدت میں پروئے ہوئے ہیں۔ اس لئے کسی بھی علاقے میں رہنے والے مسلمانوں کو وہ تمام حقوق حاصل ہوں گے جو اسلام اپنے پیروکاروں کو دیتا ہے۔

فِی ظِلِّ السَّیفِ تَرَبَّیْنَا
وَبَنَیْنَا الْعِزَّلِدَ وْلَتِنَا

ترجمہ: ہم نے تلواروں کے سایے میں تربیت پائی ہے اور اپنے ملک کے لئے عزت کی بنیاد رکھی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر مسلمانوں کی شجاعت اور بہادری کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ ہم نے تلواروں کے سائے میں پرورش پائی ہے ہم وہ قوم ہیں جو نرم بستر کے عادی نہیں بلکہ ہم وہ قوم ہیں جس کے ایک ہاتھ میں تلوار اور دوسرے میں کتاب ہے۔ مسلمین یہ الزام لگاتے ہیں کہ اسلام تلوار کے زور پر پھیلا جبکہ اسلام مسلمانوں کے اخلاق سے پھیلا مسلمان سپاہی ہوتا ہے مجاہد ہوتا ہے وہ ہر وقت اللہ کے دین کی سربلندی اور جہاد کیلئے تیار رہتا ہے۔ علامہ اقبال اس شعر میں اسی کو بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ مسلمان مجاہد ہوتا ہے۔ اللہ کے دین کیلئے ہر وقت مستعد رہتا ہے مسلمانوں نے تمام فتوحات اپنی بہادری اور زورِ شمشیر کے بل بوتے پر کی ہیں اور تمام دنیا میں اسلام کا جھنڈا اپنی بہادری اور جوانمردی کی وجہ سے لہرایا ہے۔

عَلَمُ الْاِسْلَامِ عَلَی الْأَیَّا
مِ شِعَارُ الْمَجْدِ لِمِلَّتِنَا

ترجمہ: اسلام کا جھنڈا زمانے پر ہمارے ملک کی عظمت کی نشاندہی کر رہا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر مسلمانوں کے شاندار ماضی کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ مسلمانوں نے اپنے دورِ حکومت اور خلافت میں جو کارنامے سرانجام دیئے ہیں۔ وہ مسلمانوں کی پہچان ہیں آج بھی مسلمانوں کی شان و شوکت حکومت تمام دنیا کیلئے مثال ہے تاریخ کے اوراق میں لہراتا ہوا مسلمانوں کا جھنڈا مسلمانوں کی شان وشوکت کا ترجمان ہے۔

بِهِلَالِ النَّصْرِ يُضِيءُ لَنَا
دَ يُمَثِّلُ خَنْجَرَ سَطْوَتِنَا

ترجمہ: کامیابی کے چاند کے ذریعے ہمارے لئے روشنی کررہا ہےاوراس پر بنا ہوا خنجر ہماری شان وشوکت کی نمائندگی کررہا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اسلامی ثقافت کے اہم مظہر کا ذکر کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ ہلال مسلمانوں کی ثقافتی زندگی میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ مسلمانوں کی اکثر مذہبی عبادات اور تہوار اور اہم تقریبات ہلال سے شروع ہوتی ہے۔ اس شعر میں شاعر نے ہلال کو خنجر سے تشبیہ دی ہے کہ مسلمانوں کا امتیازی نشان ہلال دشمنوں کے لئے خنجر کی مانند ہے۔

وَأَذَانُ الْمُسْلِمِ كَانَ لَهُ
فِي الْغَرْبِ صَدًى مِّنْ هِمَّتِنَا

ترجمہ: ہماری ہمت کی وجہ سے مسلم کی اذان مغرب میں گونجی۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر مغرب میں اشاعت اسلام کا پس منظر بیان کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ مغرب میں اسلام صرف مسلمانوں کی کوششوں سے پھیلا یہ مسلمان ہی تھے جنہوں نے اللہ کی راہ میں جہاد کر کے دنیا کے گوشے گوشے میں کلمہ حق کو بلند کیا۔ آج مغرب میں جتنے بھی مسلمان ہیں جس قدر بھی اسلامی ممالک ہیں وہ سب کے سب مسلمانوں کے احسان مند ہیں۔

يَا ظِلَّ حَدَائِقِ أَنْدَلُسٍ
أَنَسِيتِ مَغَانِيَ عِشْرَتِنَا

ترجمہ: اے اندلس کے باغات کے سائے! کیا تو نے ہمارے رہنے کی جگہوں کو بھلا دیا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر ماضی کے ایک اہم اسلامی ملک اندلس کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے کہ سپین جیسے دور دراز عیسائی ملک میں اسلام پھیلانے کی وجہ مسلمان ہی تھے۔ اندلس جو کہ ایک عیسائی ملک تھا۔ مسلمانوں نے اس کو فتح کر کے وہاں اسلام کی بنیاد رکھی۔ وہاں کی تہذیب و ثقافت کو ترقی دی۔ مدارس اور یونیورسٹیاں قائم کیں۔ علمی اور سائنسی شعبوں میں تحقیق کی حتیٰ کہ اس ملک کو اوج کمال تک پہنچایا۔ مگر کچھ وجوہات کی بناء پر مسلمانوں کو اس ملک پر آٹھ سو سال حکومت کرنے کے بعد نکلنا پڑا۔ علامہ اقبال اسی بات کو بیان کرتے ہوئے اندلس کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اے اندلس کے باغات کے سائے کیا تو اپنے درختوں کے نیچے ہمارے رہنے کے مقامات کو بھول گیا ہے کیا تو اس تمام ترقی کو بھول گیا ہے وہ ترقی جو مسلمان علماء اور سائنسدانوں نے کی، تو اس تہذیب و ثقافت اور ان مسلم شاندار عمارات کو بھول گیا ہے جو مسلمانوں نے یہاں قائم کیں۔

وَعَلٰی أَغْصَانِكَ أَوْكَارٌ
عُمِرَتْ بِطَلَائِعِ نَشْأَتِنَا

ترجمہ: اور تیری شاخوں پر جو گھونسلے تھے ان کو ہماری قوم کے ہراول دستوں نے آباد کیا تھا۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بھی اندلس کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ اے اندلس کے باغ کے سائے یہ وہ مقامات ہیں جہاں ہمارے مجاہدین نے پڑاؤ ڈالا اور یہ وہی جگہیں ہیں جہاں پر ہماری نسلیں بڑھیں پھلی پھولیں تیرے ہی شہروں میں آزادی سے قوم ترقی کی منازل طے کرتی رہی۔

یَا دِجْلَۃَ هَلْ سَجَّلْتِ عَلٰی
شَطَّيْكِ مَآثِرَ عِزَّتِنَا

ترجمہ: اے دجلہ کیا تو نے اپنے دونوں کناروں پر موجود ہماری عزت کے قابل فخر کارناموں کو ریکارڈ کر لیا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اندلس کے مسلمانوں کی تعریف کر رہا ہے اور ان کی ترقی کے کام کارناموں پر دریائے دجلہ کو گواہ بنا رہا ہے اور دجلہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہہ رہا ہے اے دجلہ کیا تو نے اپنے دونوں کناروں پر موجود ہماری عزت ووقار کے کارناموں کو لکھ لیا تا کہ تم کل آنے والوں کو

ہمارے بارے میں بتا سکو۔ ہم نے سپین پر آٹھ سو سال حکومت کی اور قابل فخر کارنامے سرانجام دیے۔ دریائے دجلہ کے دونوں کناروں سے مراد ارد گرد کے علاقے جہاں مسلمانوں نے بلند و بالا عمارتیں قائم کیں۔ علم وسائنس کو ترقی دی ان سب کارناموں پر شاعر دریائے دجلہ کو گواہ بنا رہا ہے۔

أَمْـوَاجُكِ تَـرْوِيْ لِـلـدُّنْـيَـا
وَتُـعِـيْـدُ جَـوَاهِـرَ سِـيْـرَتِـنَـا

ترجمہ: تیری موجیں دنیا کو سیراب کر رہی ہیں اور ہماری سیرت کے جواہر کو لٹا رہی ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر سلطنت عباسیہ کے شاندار ماضی کو یاد کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ اے دجلہ تیرے دونوں کناروں پر ہماری ثقافت، علم اور تہذیب نے ترقی کی اور اس قدر ترقی کی کہ دنیا کے لئے مثال بن گئی تمام دنیا کی رہنمائی کے لئے مثال بن گئی۔ عام دنیا ہونے کے لئے ان اور علماء سیراب ہونے والے پائے جاتے تھے جن کی مثال آج تک سامنے نہ آسکی۔ دجلہ کی تہذیب اور ثقافت تمام کی رہنمائی کا فریضہ انجام دیتی تھی جہاں کا علم مشرق سے مغرب تک پھیلا ہوا تھا اور بغداد کے علماء نے جو تصانیف لکھیں۔ آج تک مغرب اور تمام دنیا میں پڑھائی جاتی رہی ہیں۔ اس لئے شاعر نے اس بات کو سیرت کے جواہر لٹانے کے استعارے کے طور پر بیان کر رہا ہے کہ اے روشنی کی سرزمین تو ہماری شریعت کی جائے پیدائش ہے ہماری شریعت جو کہ اسلام ہے تیری ہی سرزمین میں اس کا آغاز ہوا اور یہیں یہ بڑھی اور پھلی پھولی اس لئے شاعر نے اسلام کی ابتداء کا شہر ہونے کی وجہ سے اس کو شریعت کی جائے پیدائش قرار دیا ہے۔

يَـا أَرْضَ الـنُّـوْرِ مِـنَ الْـحَـرَمِ
حَيْـنِ وَيَـا مِيْلَادَ شَـرِيْـعَـتِـنَـا

ترجمہ: اے حرمین کی سرزمین نور اور ہماری شریعت کی پیدائش گاہ

تشریح:

اس شعر میں شاعر حرمین شریفین کا ذکر جاری رکھتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ اے حرمین شریفین کی سرزمین تو اسلام کا ابتدائی شہر ہے اسلام کی ابتداء حرمین میں ہوئی مگر اس کی ترقی عروج اور اس کو مضبوط اور طاقتور بنانے کیلئے ہم نے اپنا خون دیا ہے۔ اس شعر میں شاعر نے اسلام کو ایک پودے سے تشبیہ دی ہے اور مسلمانوں کی قربانیوں اور ایثار کو پانی سے تشبیہ دی ہے کہ جس طرح درخت کو نشوونما دینے کے لئے اسے پانی سے سیراب کیا جاتا ہے۔ بالکل اسی طرح مسلمانوں نے اسلام کی

ترقی اور مضبوطی کے لئے اپنے خون سے اس کو سیراب کیا ہے۔

رَوْضُ الْإِسْلَامِ وَدَوْحَتُهُ

فِي أَرْضِكِ رَوَّاهَا دَمُنَا

ترجمہ: تیری سرزمین میں اسلام کے باغ اور اسکے درختوں کو ہمارے خون نے سیراب کیا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بیان کر رہا ہے کہ محمد ﷺ مسلمانوں کے سردار اور رہنما ہیں۔ مسلمانوں کی جذباتی وابستگی حضور ﷺ کی ذات سے وابستہ ہے۔ حضور ﷺ کا نام ہماری امیدوں، آرزوؤں کی جان ہے اور یہی وہ نام ہے جو مسلمانوں میں ولولہ بڑائی پیدا کر رہا ہے۔ اسی نام کی عظمت اور ناموس کے لئے مسلمان اپنی جانوں کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

وَمُحَمَّدٌ ﷺ كَانَ أَمِيرَ الرَّكْبِ

يَقُودُ الْفَوْزَ لِنُصْرَتِنَا

ترجمہ: محمد ﷺ امیر قافلہ ہیں جو ہماری فتح ونصرت کے لئے ہماری کامیابی کی قیادت کر رہے ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر حضور ﷺ کی قیادت کو بیان کرتے ہوئے کہہ رہا ہے اور مسلمانوں کو ایک قافلے سے تشبیہ دے رہا ہے اور اس قافلے کے سردار حضور ﷺ ہیں جو اس قافلے کی کامیابی کے لئے ہر وقت دعا گو رہتے ہیں تو ان کی شجاعت، حکمت، تدبیر اور بہترین جنگی حکمت عملی کی وجہ سے فتح ان کا مقدر بن جاتی ہے۔

إِنَّ اسْمَ مُحَمَّدٍ ﷺ الْهَادِي

رُوحُ الْآمَالِ لِنَهْضَتِنَا

ترجمہ: بے شک ہادی و رہنما محمد ﷺ کا نام ہماری ترقی کے لئے ہماری آرزوؤں کی جان ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر دنیا میں اپنی ترقی کا ذمہ دار حضور ﷺ کو ٹھہراتے ہیں۔ مسلمان ثابت

کرتے ہیں کہ جتنی بھی ترقی دنیا میں ہوتی ہے تو وہ اللہ اور اسکے رسول ﷺ کے اعمال پر عمل کر کے ملی ہے۔ دنیا میں مسلمانوں نے جتنی فتوحات کی ہیں اور جو عملی میدان میں آگے بڑھے اور دنیا کو علوم و فنون سے آشنا کیا اور بلند و بالا عمارتیں کھڑی کیں یہ سب مسلمانوں کی عظمت کا منہ بولتا ثبوت ہیں سب اللہ اس کے رسول کے اقوال پر عمل کر کے یہ دراصل ہوئی ہیں۔ شاعر اسمِ محمد ﷺ کو آرزوؤں کی جان قرار دیتا ہے۔ حضور ﷺ بہترین رہنما ہیں۔

دَوَّتْ أُنْشُوْدَةُ إِقْبَالُ
حَرَسًا يَحْدُوْ فِيْهِ أَزِمَّتُنَا

ترجمہ: اقبال کا ترانہ گھنٹی بن کر گونج رہا ہے جس میں ہمارے ازمامِ اقتدار کی حدی خوانی کی گئی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اپنے ہی شعر کی خوبی بیان کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ اقبال کا ترانہ گھنٹی بن کر گونج رہا ہے چونکہ ان اشعار میں شاعر نے مسلمانوں کے شاندار ماضی کو یاد دلا کر ان میں نئی قوت پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس لئے شاعر اس ترانے کو گھنٹی سے تشبیہ دے رہا ہے کہ جس طرح گھنٹی سونے والے کو بیدار کرتی ہے اور نئی صبح کا اعلان کرتی ہے بالکل اسی طرح شاعر کا ترانہ انہیں غفلت سے بیدار کر رہا ہے یہ ترانہ اسی لئے لکھا ہے کہ مسلمانوں کو بیدار کر دیں۔ ان میں نئی فکر، جوش اور نیا ولولہ پیدا کر دے تا کہ وہ اپنے بزرگوں کی وراثت کو سنبھال کر رکھیں اور ان کے علوم کو لے کر آگے بڑھیں انکی ہمت کو بیدار کریں۔

لِيُعِيْدَ قَوَافِلَنَا الْأُوْلٰى
فِي الْمَجْدِ وَيَبْعَثُ أُمَّتَنَا

ترجمہ: تا کہ بزرگی والے ہمارے پہلے قافلوں کو لوٹا دے اور ہماری امت کو بیدار کر دے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر مسلمانوں کو ان کی عظمت رفتہ کی یاد دلانے کے بعد عمل پر ابھارتا ہے کہ وہ پہلے کی طرح کام کرنا شروع کر دیں دوبارہ سے عمل کے میدان میں قدم رکھیں۔ اس سلسلے میں علامہ اقبال کا ترانہ گھنٹی کی آواز کی طرح دنیا میں گونج رہا ہے ایسی گھنٹی سے جو مسلسل عمل کی طرف

دعوت دے رہی ہے۔ علامہ اقبال کے اشعار مسلمانوں کو راہِ عمل پر گامزن کرنا چاہتے ہیں۔ شاعر نے ان اشعار میں مسلمانوں کو ان کے عظیم کارناموں کو یاد دلانے کے بعد موجودہ دور میں بلند مقام حاصل کرنے کی طرف ابھارتا ہے تاکہ وہ اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کرسکیں۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ اِقْرَاءِ النَّشِيْدَ وَافْهَمْهُ فَهْمًا جَيِّدًا ثُمَّ قَارِنْ كُلَّ بَيْتٍ مِّنْ أَبْيَاتِهِ بِأَبْيَاتِ (ترانه ملی) مِنْ شِعْرِ إِقْبَالَ الْأُرْدِيِّ:

ترانہ پڑھیں اور اس کو اچھی طرح سمجھیں پھر اس کا مقابلہ علامہ اقبال کی اردو شاعری ترانہ ملی۔ کے اشعار کے ساتھ کریں:

س2۔ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِي مِنَ الْأَسْئِلَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ مَا هِيَ الْبِلَادُ الَّتِي يَذْكُرُهَا الشَّاعِرُ فِي الْبَيْتِ الْأَوَّلِ؟

وہ کونسے ممالک ہیں۔ جن کا ذکر شاعر نے پہلے شعر میں کیا ہے؟

اَلصِّيْنُ وَالْعُرْبُ وَالْهِنْدُ

۲۔ مَاذَا دِيْنُنَا وَوَطَنُنَا كَمَا قَالَ الشَّاعِرُ فِي الْبَيْتِ الثَّانِي؟

دوسرے شعر میں شاعر کے قول کے مطابق ہمارا دین اور ہمارا وطن کیا ہے؟

اَلْإِسْلَامُ دِيْنُنَا وَجَمِيْعُ الْكَوْنِ وَطَنُنَا

۳۔ مَاهُوَأَوَّلُ بَيْتٍ بُنِيَ فِي أَرْضِ اللّٰهِ؟

اللہ کی سرزمین پر بننے والا پہلا گھر کونسا ہے؟

اَلْكَعْبَةُ أَوَّلُ بَيْتٍ بُنِيَ فِي أَرْضِ اللّٰهِ؟

٤۔ كَيْفَ تَرَبَّى الْمُسْلِمُوْنَ وَكَيْفَ بَنَوا الْعِزَّلِدَوْلَتِهِمْ؟

مسلمان کیسے تربیت پاتے ہیں اور کیسے اپنے ملک کے لئے عزت کی بنیاد رکھتے ہیں؟

تَرَبَّى الْمُسْلِمُوْنَ فِي ظِلِّ السَّيْفِ وَبَنَوا الْعِزَّ لِدَوْلَتِهِمْ بِالسَّيْفِ

س3۔ اِحْفَظِ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةَ بِمَعَانِيْهَا وَاسْتَخْدِمْهَا فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ۔

درج ذیل کلمات کو انکے معانی کے ساتھ یاد کریں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال

کریں۔

كَوْنٌ ، سَكَنٌ ، سُؤْدَدٌ ، مَجْدٌ ، شِعَارٌ ، شَطٌّ ، مَآثِرُ ، فَوْزٌ

الفاظ	معنی	جملے
١۔ كَوْنٌ	کائنات	جَمِيعُ الْكَوْنِ وَطَنُنَا تمام کائنات ہمارا وطن ہے۔
٢۔ سَكَنٌ	مسکن	تَوْحِيدُ اللّٰهِ لَنَا نُورٌ اللہ کی توحید ہمارے لئے نور ہے۔
٣۔ سُؤْدَدٌ	سرداری	لَا تُمْحٰى فِي الدَّهْرِ صَحَائِفُ سُؤْدَدِنَا زمانے سے ہمارے اقتدار کی تحریریں نہ مٹ سکیں گی۔
٤۔ مَجْدٌ	بزرگی	قَوْمُنَا قَوْمٌ ذُوالْمَجْدِ وَالْعَظَمَةِ۔ ہماری قوم بزرگی اور عظمت والی قوم ہے۔
٥۔ شِعَارٌ	علامت	عَلَمُ الْإِسْلَامِ عَلَى الْأَيَّامِ شِعَارُ الْمَجْدِ لِمِلَّتِنَا اسلام کا جھنڈا زمانے پر ہماری ملت کی عظمت کی نشاندہی کر رہا ہے۔
٦۔ شَطٌّ	کنارہ	هَلْ سَجَّلْتَ عَلٰى شَطَّيْكَ مَآثِرَ عِزَّتِنَا۔ کیا تو نے اپنے دو کناروں پر موجود قابل فخر کارناموں کو ریکارڈ کر لیا ہے۔
٧۔ مَآثِرُ	قابل فخر کارنامے	هَلْ سَجَّلْتَ عَلٰى شَطَّيْكَ مَآثِرَ عِزَّتِنَا؟ کیا تو نے اپنے دو کناروں پر موجود قابل فخر کارناموں کو ریکارڈ کر لیا ہے؟
٨۔ فَوْزٌ	کامیابی	لِلْمُجْتَهِدِينَ فَوْزٌ وَنَجَاحٌ محنت کرنے والوں کے لئے کامیابی اور فلاح ہے۔

س4۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں۔

ا۔ چین و عرب ہمارا ہے	اَلصِّيْنُ لَنَا وَالْعُرْبُ لَنَا
۲۔ ہمارا دین اسلام ہے۔	اَلْاِسْلَامُ دِيْنُنَا
۳۔ تمام کائنات ہمارا وطن ہے۔	جَمِيْعُ الْكَوْنِ وَطَنُنَا
۴۔ ہم نے تلواروں کے سایے میں پرورش پائی ہے۔	قَدْ تَرَبَّيْنَا فِىْ ظِلِّ السَّيْفِ
۵۔ کعبہ زمین پر اللہ کا پہلا گھر ہے۔	كَعْبَةُ اللّٰهِ الْبَيْتُ الْاَوَّلُ فِى الْأَرْضِ
٦۔ اقبال کا گیت دنیا میں گونج رہا ہے۔	دَوَتْ أُنْشُوْدَةُ اِقْبَالَ فِى الدُّنْيَا
۷۔ نام محمد ﷺ ہماری امیدوں کی جان ہے۔	اِسْمُ مُحَمَّدٌ رُوْحُ لِاٰمَالِنَا

......☆......

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ عَشَرَ: (سترھواں سبق)

ہمارے آباؤ اجداد (۱)

اَلصِّدِّيْقُ الْاَكْبَرُ رضى الله عَنْهُ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ وُلِدَ	پیدا ہوئے	۲۔ سَنَةٌ	سال
۳۔ عَامُ الْفِيْلِ	ہاتھیوں والا سال	٤۔ صَدَّقَهُ	اس نے اسکی تصدیق کی
۵۔ حَدِيْثٌ	بات	٦۔ نَسَبٌ	نسب۔ خاندان
۷۔ يَلْتَقِي	مل جاتا ہے	۸۔ أُسْرَةٌ	خاندان
۹۔ تَمْتَازُ	ممتاز۔ نمایاں	۱۰۔ بَيْنَ	درمیان
۱۱۔ صَمِيْمٌ	خالص۔ اصل	۱۲۔ وَقُوْرٌ	باوقار
۱۳۔ نَزِيْهَةٌ	سنجیدہ	١٤۔ عَفِيْفٌ	پاکدامن
۱۵۔ أَوْثَانٌ	جمع (بت)	۱٦۔ خَمْرٌ	شراب
۱۷۔ أَبَدٌ	ہمیشہ	۱۸۔ اِعْتِنَاقٌ	قبول کرنا۔ ماننا
۱۹۔ سَادَاتٌ	سردار	۲۰۔ عَوْنٌ	مددگار
۲۱۔ دَعْمٌ	معاون۔ استحکام	۲۲۔ اَلْأَرِقَّاءُ	غلاموں
۲۳۔ مُسْتَضْعَفِيْنَ	کمزور (جمع)	٢٤۔ أُوْذُوْا	ستایا گیا
۲۵۔ سَبِيْلٌ	راستہ	۲٦۔ أَيْدِيْ	دونوں ہاتھ
۲۷۔ قَادَاتٌ	آقا (جمع)	۲۸۔ يُعِيْنُ	مدد کرتا ہے
۲۹۔ يَشْتَرِيْ	وہ خریدتا ہے	۳۰۔ يُعْتِقُ	آزاد کرتا ہے

لفظ	معنی	لفظ	معنی
٣١۔ خَصَّ	مخصوص کیا	٣٢۔ ثَانِیُ اثْنَیْنِ	دو میں سے دوسرا
٣٣۔ لَحظَاتٌ	لمحے	٣٤۔ خَالِدَةٌ	ہمیشہ رہنے والے
٣٥۔ أَحْلٰی	شیریں ترین	٣٦۔ اَغْلٰی	قیمتی۔ مہنگے
٣٧۔ أَحَبُّ	محبوب ترین	٣٨۔ یَتَمَنّٰی	وہ تمنا کرتا ہے
٣٩۔ عُوِّضَ	عوض۔ بدلہ	٤٠۔ رَافَقَ	رفاقت کی
٤١۔ لَیْلَةٌ	رات	٤٢۔ شَارَكَ	شرکت کی
٤٣۔ وَهَبَ	قربان کردیا	٤٤۔ نَفْسٌ وَ نَفِیْسٌ	جسم وجاں
٤٥۔ صِدْقٌ	سچائی	٤٦۔ جُوْدٌ	سخاوت
٤٧۔ وَفَاءٌ	وفاداری	٤٨۔ تَوَاضُعٌ	تواضع۔ عاجزی
٤٩۔ ثَبَاتٌ	ثابت قدمی	٥٠۔ اِعْتَزَمَ	ارادہ کیا
٥١۔ بِرٌّ	نیکی	٥٢۔ اِصْلَاحٌ	بھلائی
٥٣۔ اُصِیْبُ	پہنچا	٥٤۔ تَفُوْقُ	سب سے بڑھ کر
٥٥۔ هَوْلٌ	ہولناکی	٥٤۔ لَحِقَ	جاملے
٥٧۔ تَغَیَّرَتْ	تبدیل ہوگئی	٥٨۔ أَحْوَالٌ	حالتیں
٥٩۔ دُهِشُوْا	خوفزدہ ہوگئے	٦٠۔ حَزِنُوْا	غمزدہ ہوگئے
٦١۔ كَلِمَةٌ	خطبہ	٦٢۔ هُدُوْءٌ	سکون

اردو ترجمہ

سَیِّدُنَا أَبُوبَكْرِ الصِّدِّیْقُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ أَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ أَوَّلُ خَلِیْفَةٍ لِرَسُوْلِ صَلَّی اللّٰه عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وُلِدَ لِلسَّنَةِ الثَّانِیَةِ أَوِ الثَّالِثَةِ مِنْ عَامِ الْفِیْلِ فَهُوَ أَصْغَرُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ سَنَتَیْنِ وَلَقَّبَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالصِّدِّیْقِ حِیْنَ صَدَّقَه ' فِی

حَدِيثَ الْإِسْرَاءِ وَالْمِعْرَاجِ وَنَسَبُه ' وَنَسَبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْتَقِيَانِ فِي مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ وَكَانَتْ أُسْرَتُه ' تَمْتَازُ عِزًّا وَّشَرَفًا بَيْنَ قَبَائِلِ قُرَيْشٍ فَهُوَ مِنْ صَمِيمِ قُرَيْشٍ وَمِنْ اَعْرَقِهِمْ نَسَبًا وَأَشْرَفِهِمْ حَسَبًا

سیدنا ابو بکر صدیق امیر المومنین اور اللہ کے رسول کے پہلے خلیفہ ہیں۔ آپ واقعہ عام الفیل کے دوسرے یا تیسرے سال پیدا ہوئے۔ آپ حضور ﷺ سے تقریباً دو سال چھوٹے تھے جب آپ نے واقعہ معراج کی تصدیق کی تو حضور ﷺ نے آپ کو صدیق کا لقب دیا۔ آپکا نسب اور حضور ﷺ کا نسب مرہ بن کعب تک جا کر مل جاتا ہے۔ آپؓ کا خاندان قبائل قریش میں عزت اور شرافت کے لحاظ سے ممتاز تھا۔ آپؓ اصل قریش میں سے تھے آپؓ نسب کے لحاظ سے خالص اور حسب کے لحاظ سے شریف تھے۔

وَكَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَجُلًا وَّقُورًا نَزِيْهًا عَفِيفًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَالْإِسْلَامِ وَلَمْ يَعْبُدِ الْأَوْثَانَ وَلَمْ يَشْرَبِ الْخَمْرَ أَبَدًا۔ وَهُوَ اَوَّلُ مَنْ شَرَّفَهُمُ اللّٰهُ بِاعْتِنَاقِ الْإِسْلَامِ مِنْ بَيْنِ شُرَفَاءِ الْعَرَبِ وَسَادَتِهِمْ فَكَانَ عَوْنًا وَّدَعْمًا لِلْاِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَخَاصَّةً الْأَرِقَّاءِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنْهُمُ الَّذِيْنَ أُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِ الْحَقِّ عَلٰى أَيْدِيْ سَادَتِهِمْ وَقَادَتِهِمْ فَكَانَ يُعِيْنُ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ وَيَشْتَرِي الْأَرِقَّاءَ مِنْهُمْ ثُمَّ يُعْتِقُهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمِنْهُمْ سَيِّدُنَا بِلَالٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مُؤَذِّنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ خَصَّهُ اللّٰهُ وَشَرَّفَهُ بِالذِّكْرِ فِيْ كَلَامِهِ الْمَجِيْدِ وَلَقَّبَه ' بِثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْهُمَا فِي الْغَارِ كَمَا خَصَّه ' رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَكْرَمَه ' فَاخْتَارَه ' رَفِيْقًا فِيْ سَفَرِهٖ لَيْلَةَ الْهِجْرَةِ إِلَى الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ فَكَانَتْ هٰذِهِ اللَّحَظَاتُ الْخَالِدَةُ الْجَمِيْلَةُ أَحْلَى اللَّحَظَاتِ وَأَغْلَاهَا وَأَحَبَّهَا إِلَى الصِّدِّيْقِ الْاَكْبَرِ فِيْ حَيَاتِهٖ مِمَّا جَعَلَ عُمَرَ الْفَارُوْقَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَتَمَنّٰى لَوْ عُوِّضَ بِهَا عَنْ اَعْمَالِهِ الْحَسَنَةِ جَمِيْعِهَا فَرَافَقَ الصِّدِّيْقُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ هِجْرَتِهٖ مِنْ مَّكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ إِلَى الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ۔

آپؓ زمانہ جاہلیت اور زمانہ اسلام میں باوقار سنجیدہ اور پاک دامن رہے۔ آپ نے کبھی

بتوں کی پوجا نہ کی اور کبھی شراب نہ پی۔ وہ پہلے شخص تھے جن کو عرب کے شرفاء اور سرداروں میں سے اللہ نے پہلے اسلام قبول کرنے کا شرف بخشا۔ آپ اسلام اور مسلمانوں کے مددگار تھے خاص طور پر ان میں سے غلاموں اور کمزوروں کے جن کو اپنے آقاؤں اور سرداروں کے ہاتھوں سخت تکالیف سے دوچار ہونا پڑا۔ آپ کمزوروں کی مدد کیا کرتے تھے۔ آپ غلاموں کو خریدتے پھر ان کو اللہ کی راہ میں آزاد کر دیا کرتے تھے۔ انھی میں سے موذن رسول ﷺ سیدنا بلالؓ ہیں۔ اللہ نے قرآن مجید میں آپکا ذکر کر کے آپکو خصوصیت اور شرف بخشا ہے اور جب آپ دونوں غار حرا میں تھے تو آپ کو ثانی اثنین کا لقب دیا جیسا کہ رسول اللہ نے آپ کو خصوصیت بخشی اور عزت دی اور مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی رات میں آپکو اپنا رفیق (ساتھی) منتخب کر لیا۔ پس یہ ہمیشہ رہنے والے خوبصورت لمحات صدیق اکبر کی زندگی کے شیریں، قیمتی اور محبوب ترین لمحات تھے۔ جن کے بارے میں عمر فاروق رضی اللہ عنہ خواہش کیا کرتے تھے کہ کاش ان لمحات کے بدلے میں میرے سارے اچھے اعمال لے لئے جائیں۔ آپؓ مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی رات میں حضور ﷺ کے ساتھ رہے۔

وَشَارَكَ أَبُوبَكرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنهُ فِى الْغَزَوَاتِ النَّبَوِيَّةِ كُلِّهَا وَ وَهَبَ لِلْإِسْلَامِ وَرَسُولِهِ جَمِيعَ مَاكَانَ يَمْلِكُه' مِنْ نَفْسِهِ وَنَفِيسِهِ وَكَانَ مِثَالًا فِى الصِّدْقِ وَالْأَمَانَةِ وَالْكَرَامَةِ وَ الشَّجَاعَةِ وَالثَّبَاتِ عَلَى الْحَقِّ أَوْمَا اعْتَزَمَ عَلَيْهِ مِنْ أَعْمَالِ الْبِرِّ وَالصَّلَاحِ۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے تمام غزوات نبی میں شرکت کی اور اپنا سب کچھ اسلام اور اسکے رسول ﷺ کے لئے وقف کر دیا۔ آپؓ صداقت، امانت، سخاوت، وفاداری، تواضع، قناعت، شرافت، کرامت، بہادری اور حق پر ثابت قدمی یا نیکی اور اصلاح کے کاموں میں سے جن کا آپ نے ارادہ کیا ان میں ضرب المثل تھے۔

وَأُصِيبَ الْمُسْلِمُونَ بِصَدْمَةٍ عَظِيمَةٍ تَفُوقُ هَوْلَ الْقِيَامَةِ حِينَ لَحِقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرَّفِيقِ الْأَعْلٰى فَتَغَيَّرَتْ أَحْوَالُهُمْ وَدُهِشُوا وَحَزِنُوا فَأَدْرَكَهُمُ الصِّدِّيقُ فَأَلْقٰى كَلِمَتَه' بِكُلِّ هُدُوْءٍ وَطَمَانِيَةٍ فَتَعَزَّوْا أَذْهَبَ اللّٰهُ عَنْهُمُ الْحُزْنَ وَالْهَوْلَ فَاتَّفَقَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْأَنْصَارُ عَلٰى اخْتِيَارِهِ خَلِيفَةً فَبَايَعُوهُ جَمِيْعًا وَّانْتَصَرَ عَلَى الْمُرْتَدِّيْنَ وَالْمُتَنَبِّئِيْنَ بِإِذْنِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَفِى عَهْدِهِ تَمَّ فَتْحُ الْعِرَاقِ وَالشَّامِ وَهُوَ الَّذِى جَمَعَ الْقُرْآنَ الْكَرِيمَ فِى مُصْحَفٍ وَّاحِدٍ وَكَانَتْ مُدَّةُ خِلَافَتِهِ سَنَتَيْنِ وَثَلَاثَةَ أَشْهُرٍ وَّأَحَدَ عَشَرَ يَوْمًا وَّدُفِنَ بَعْدَ

وَفَاتِہٖ بِجَوَارِ ضَرِیْحِ النَّبِیِّ صَلیّٰ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَنِعْمَ الْجَوَارُ جَوَارُہٗ۔

جب حضور اپنے رفیق اعلیٰ سے جا ملے تو مسلمان قیامت کی ہولناکی سے بڑھ کر عظیم صدمے سے دوچار ہوئے۔ ان کی حالتیں غیر ہو گئیں اور وہ خوفزدہ ہو گئے اور غمگین ہو گئے۔ پس جب ابو بکر صدیقؓ نے ان کو اس حالت میں پایا تو مکمل اطمینان اور سکون کے ساتھ ان کو خطبہ دیا اور انھوں نے صبر کیا تو اللہ نے ان سے غم اور خوف کو دور کر دیا پس مہاجرین اور انصار آپ کو خلیفہ منتخب کرنے پر راضی ہو گئے اور ان سب نے آپکی بیعت لی پس آپ نے اللہ عزوجل کے حکم سے جھوٹے نبیوں پر فتح حاصل کی۔ آپ کے دور خلافت میں عراق اور شام کی فتح مکمل ہوئی۔ آپؓ ہی وہ شخص تھے جنھوں نے قرآن پاک کو ایک جلد میں اکٹھا کیا آپکی خلافت کی مدت 2 سال تین ماہ اور گیارہ دن تھی۔ آپؓ وفات کے بعد حضورﷺ کے مزار اقدس کے پڑوس میں دفن ہوئے اور آپکا پڑوس کتنا اچھا پڑوس ہے۔

اَلتَّمَارِیْنُ

س1۔ **أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:**

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیجیے:

١۔ فِیْ أَیِّ سَنَةٍ وُّلِدَ أَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقُ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ؟

ابوبکر صدیقؓ کس سن میں پیدا ہوئے؟

وَلِدَ لِلسَّنَةِ الثَّانِيَةِ أَوِالثَّالِثَةِ مِنْ عَامِ الْفِيْلِ

٢۔ مَتٰی أَسْلَمَ أَبُوْ بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ؟

حضرت ابوبکرؓ کب اسلام لائے؟

ھُوَ اَوَّلُ مَنْ شَرَّفَھُمُ اللّٰہُ بِاِعْتِنَاقِ الْاِسْلَامِ

٣۔ بِمَاذَا لَقَّبَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمَتٰی؟

حضورﷺ نے کیوں لقب دیا اور کب دیا؟

لَقَّبَہُ النَّبِیُّ بِالصِّدِّیْقِ حِیْنَ صَدَّقَہٗ فِیْ حَدِیْثِ الْاِسْرَاءِ وَالْمِعْرَاجِ۔

٤۔ کَیْفَ شَرَّفَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی فِی الْقُرْآنِ الْمَجِیْدِ؟

اللہ نے قرآن مجید میں آپکو کیسے شرف بخشا؟

شَرَّفَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی بِذِكْرِهٖ فِی الْقُرْآنِ الْمَجِیْدِ۔

۵۔ مَاذَا كَانَ عُمَرُ الْفَارُوْقُ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ یَتَمَنّٰی؟

حضرت عمر فاروقؓ کیا تمنا کیا کرتے تھے؟

یَتَمَنّٰی لَوْعُوِّضَ بِهَا عَنْ أَعْمَالِهِ الْحَسَنَةِ جَمِیْعِهَا

س2۔ كَوِّنْ أَسْئِلَةً تَكُوْنُ الْجُمَلُ الْآتِیَةُ أَجْوِبَةً لَّهَا۔

ایسے سوالات بنائیں کہ نیچے دیئے ہوئے جملے ان کے جوابات بن جائیں۔

۱۔ كَانَتْ مُدَّةُ خِلَافَتِهٖ سَنَتَیْنِ وَثَلَاثَةَ أَشْهُرٍ وَّأَحَدَ عَشَرَ یَوْمًا۔

آپکی خلافت کی مدت دو سال تین ماہ اور گیارہ دن تھی۔

كَمْ كَانَتْ مُدَّةُ خِلَافَتِهٖ؟

۲۔ نَعَمْ نَصَرَهُ اللّٰهُ عَلَی الْمُرْتَدِّیْنَ۔

جی ہاں اللہ نے انھیں مرتدوں پر فتح دی

هَلْ نَصَرَهُ اللّٰهُ عَلَی الْمُرْتَدِّیْنَ؟

۳۔ وَهَبَ لِلْإِسْلَامِ وَرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ مَا كَانَ لَدَیْهِ۔

آپؓ کے پاس جو کچھ تھا آپ نے اسلام اور اللہ کے رسول کے لئے قربان کر دیا۔

مَاذَا وَهَبَ أَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّیْقِ لِلْإِسْلَامِ وَرَسُوْلِ اللّٰهِ۔

س3۔ تَرْجِمْ إِلَی الْعَرَبِیَّةِ:

۱۔ حضرت ابو بکرؓ پہلے خلیفہ رسول تھے۔	كَانَ أَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّیْقُ أَوَّلَ خَلِیْفَةٍ لِّلرَّسُوْلِ
۲۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپکو صدیق کا خطاب دیا۔	لَقَّبَهُ النَّبِیُّ بِالصِّدِّیْقِ۔
۳۔ آپؓ نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کی۔	هُوَ هَاجَرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ۔
۴۔ آپؓ نے سب کچھ اسلام کے لئے وقف کر دیا۔	وَهَبَ لِلْإِسْلَامِ جَمِیْعَ مَا كَانَ لَدَیْهِ۔
۵۔ آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روزہ اطہر میں دفن ہیں۔	دُفِنَ بِجَوَارِ ضَرِیْحِ النَّبِیِّ۔

......☆......

اَلدَّرسُ الثَّامِنُ عَشَرَ (اٹھارواں سبق)

اللہ کے نور سے اقتباس (۲)

اَللّٰہُ یَنھَانَا عَنِ الْأَخْلَاقِ السَّیِّئَۃِ

اللہ ہمیں گھٹیا اور بُرے اخلاق سے منع کرتا ہے

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
یَفْتَرِیْ	وہ گھڑتا ہے	آیَاتٌ	نشانیاں
کَاذِبُوْنَ	جھوٹے	تَخُوْنُوْا	تم خیانت کرو
تَعْلَمُوْنَ	تم جانتے ہو	اَجْتَنِبُوْا	بچو۔ اجتناب کرو
ظَنٌّ	گمان	لَاتَجَسَّسُوْا	تم جاسوسی نہ کرو
اِثْمٌ	گناہ	یَغْتَبُ	وہ غیبت کرتا ہے
مَیْتٌ	مردہ	کَرِہٌ	ناپسندیدہ
تَوَّابٌ	توبہ قبول کرنے والا	فَوَاحِشُ	بے حیائی کی باتیں
غَضِبُوْا	وہ غضبناک ہوئے	یَغْفِرُوْنَ	بخش دیتے ہیں
مَیْسِرٌ	جوا	اَلْأَنْصَابُ	بت
اَلْأَزْلَامُ	پانسے کا تیر	رِجْسٌ	ناپاک
تُفْلِحُوْنَ	تم فلاح پاتے ہو	تَأْکُلُوْا	تم کھاؤ
لَعَلَّ	شاید	بَاطِلٌ	ناجائز
تُدْلُوْا	تم پہنچاؤ	حُکَّامٌ	مالک
تُسْرِفُوْا	تم فضول خرچی کرو	مُبَذِّرِیْنَ	فضول خرچی
اِخْوَانٌ	بھائی	اِیْتَاءٌ	دنیا
وَیَنْھٰی	وہ منع کرتا ہے	مُنْکَرٌ	بری عادتیں

بَغْيٌ	بغاوت	يَعِظُ	وہ نصیحت کرتا ہے
تُصَعِّرْ	تو پھلا۔ تو اکڑ	خَدٌّ	گال
تَمْشِ	تو چل	مَرَحًا	اکڑ کر
تُبْطِلُوا	تم ضائع کرو	مَنٌّ	احسان
أَذًى	تکلیف	يُنْفِقُ	وہ خرچ کرتا ہے
رِئَاءَ	دیکھاوا		

اردو ترجمہ

۱۔ اِنَّمَا یَفْتَرِی الْکَذِبَ الَّذِیْنَ لَایُؤْمِنُوْنَ بِاٰیَاتِ اللّٰہِ ج وَأُولٰٓئِکَ هُمُ الْکَاذِبُوْنَ۔(النحل ۱۰۵)

ا۔ بے شک جھوٹ وہ گھڑتے ہیں جو اللہ کی آیات پر ایمان نہیں رکھتے اور وہی لوگ جھوٹے ہیں۔

۲۔ یٰٓـاَیُّهَا الَّـذِیْـنَ اٰمَنُوْا لَاتَخُوْنُو اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَ تَخُوْنُوْا أَمَانَاتِکُمْ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔

۲۔ اے ایمان والو! اللہ اور اسکے رسول سے خیانت مت کرو اور تم آمانتوں میں خیانت کرو جبکہ تم جانتے ہو۔

۳۔ یٰٓاَیُّهَا الَّـذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا کَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِ إِثْمٌ وَلَاتَـجَسَّسُوْا وَلَایَغْتَبْ بَّعضُکُمْ بَعْضًا، أَیُحِبُّ أَحَدُکُمْ أَنْ یَّأْکُلَ لَـحْمَ أَخِیْهِ مَیْتًافَکَرِ هْتُمُوْهُ، وَاتَّقُو اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ۔

۳۔ اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچو یقیناً بعض گمان تو گناہ ہوتے ہیں۔ اور جاسوسی نہ کرو اور نہ تم میں سے کوئی ایک دوسرے کی غیبت کرے کیا تم میں سے کوئی اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرے گا پس تم یقیناً اسے ناپسند کرتے ہو اور اللہ سے ڈرو بے شک وہ توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

٤۔ وَالَّـذِیْـنَ یَـجْتَنِبُوْنَ کَبَا ئِرَالإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَامَا غَضِبُوْهُمْ

يَغْفِرُوْنَ۔

۴۔ اور وہ لوگ کبیرہ گناہوں سے اور بے حیائی کی باتوں سے بچتے ہیں اور جب غضبناک ہوتے ہیں تو معاف کردیتے ہیں۔

۵۔ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

۵۔ اے ایمان والو! بے شک شراب، جوا، بت اور پانسے کے تیر ناپاک شیطانی اعمال ہیں پس ان سے بچو شاید تم فلاح پاؤ۔

٦۔ وَلَا تَأْكُلُوْا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ٥

٦۔ اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقے سے مت کھاؤ اور اس کو حکام تک پہنچا دو کہیں ایسا نہ ہو کہ لوگوں کے مالوں میں سے ایک گروہ ناجائز طریقے سے مال کھا جائے جبکہ تم جانتے بھی ہو۔

۷۔ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا إِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ۔

۷۔ کھاؤ پیو اور فضول خرچی نہ کرو بے شک وہ (اللہ) فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

۸۔ إِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْا إِخْوَانَ الشَّيَاطِيْنِ۔

۸۔ بے شک فضول خرچ شیطانوں کے بھائی ہیں۔

۹۔ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيْتَآءِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ، يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ۔

۹۔ بے شک اللہ عدل واحسان کرنے اور رشتہ داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی اور بری باتوں اور نافرمانی سے منع کرتا ہے وہ تمھیں نصیحت کرتا ہے کہ شاید کہ تم نصیحت حاصل کرو۔

۱۰۔ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ط إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ۔

۱۰۔ اور لوگوں کے لئے اپنا گال تکبر سے مت پھلا اور زمین پر اکڑ کر مت چل بے شک اللہ ہر فخر وغرور کرنے والے کو پسند نہیں کرتا ہے۔

۱۱۔ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ الَاتُبْطِلُوْا صَدَقٰتِکُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰی۔ کَالَّذِیْ یُنْفِقُ مَالَه' رِئَاۤءَ النَّاسِ وَلَایُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ۔

۱۱۔ اے ایمان والو! اپنے صدقات احسان جتلا کر اور تکلیف دے کر مت ضائع کرو اس شخص کی طرح جو لوگوں کے دکھاوے کے لئے اپنا مال خرچ کرتا ہے اور اللہ اور یوم آخرت پر یقین نہیں رکھتا ہے۔

اَلتَّمَارِیْنُ

س1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْاٰتِیَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ مَاهِیَ الْاٰیَةُ الَّتِیْ تَنْهَانَا عَنِ الْإِخْتِیَالِ؟

کونسی آیت ہے جو اکڑ کر چلنے سے منع کرتی ہے۔

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِی الْأَرْضِ مَرَحًا ط اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ۔ (لقمان ۱۸)

۲۔ عَمَّا ذَا تَنْهَی الْاٰیَةُ الْأُوْلٰی مِنْ هٰذَا الدَّرْسِ؟

اس سبق کی پہلی آیت کس چیز سے منع کرتی ہے؟

تَنْهَی الْاٰیَةُ الْأُوْلٰی مِنَ الْکَذِبِ۔

س2۔ إِمْلَأِ الْفَرَاغَ بِکَلِمَةٍ مُّنَاسِبَةٍ۔

۱۔ مَنْ یَفْتَرِی الْکَذِبَ لَا یُؤْمِنُ بِاٰیَاتِ اللّٰهِ۔

۲۔ قَدْ نَهَانَا الْقُرْآنُ أَنْ نَّخُوْنَ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ

۳۔ اَلْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطَانِ۔

س3۔ صَحِّحْ مَایَأْتِیْ مِنَ الْجُمَلِ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو درست کریں:

۱۔ اَلْفَاحِشَةُ الظَّاهِرُ مَمْنُوْعَةُ فِی الشَّرِیْعَةِ الْإِسْلَامِیْ۔

اَلْفَاحِشَةُ الظَّاهِرَةُ مَمْنُوْعَةٌ فِی الشَّرِیْعَةِ الْإِسْلَامِیَّةِ۔

۲۔ اَلْقُرْآنُ تَدْعُوْ اِلٰی صِرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ۔

اَلْقُرْآنُ يَدْعُوْ اِلَي الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ۔

۳۔ اَلْمُسْلِمُوْنَ يُنْفِقُ أَمْوَالَهُمْ فِی السَّبِيْلِ اللّٰهِ۔

اَلْمُسْلِمُوْنَ يُنْفِقُوْنَ أَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

س4۔ تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ مومن جھوٹ نہیں گھڑتا۔

اَلْمُؤْمِنُ لَا يَفْتَرِی الْكَذِبَ

۲۔ ہم غیبت نہیں کرتے۔

نَحْنَ لَا نَغْتَبُ

۳۔ امانت میں خیانت نہ کر۔

لَا تَخُنِ الْاَمَانَةَ

۴۔ اللہ کے بندے زمین پر اکڑ کر نہیں چلتے۔

لَا يَمْشِیْ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ عَلَی الْأَرْضِ مَرَحًا۔

۵۔ ہم احسان جتا کر نیکی ضائع نہیں کرتے۔

نَحْنَ لَا نُبْطِلُ صَدَقَاتِنَا بِالْمَنِّ۔

OOOOOOOOOOO

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ عَشَرَ: (انیسواں سبق)

خط (۲)

رِسَالَۃُ صَدِیْقٍ إِلٰی صَدِیْقٍ وَّ الرَّدُّ عَلَیْهَا

ایک دوست کا دوسرے دوست کی طرف خط

اور اس کا جواب

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ اَنْتَهِزُ	میں فائدہ اٹھاتا ہوں	۲۔ فُرْصَۃٌ	موقع
۳۔ اُعْرِبُ	میں اظہار کروں	٤۔ أَطْیَبُ	پاکیزہ
۵۔ رَاجِیٌّ	امید کرنا	٦۔ یُعِیْدُ	وہ لوٹاتا ہے
۷۔ أَلْفٌ	ہزار	۸۔ أَعْیَادٌ	عیدیں
۹۔ بُشْرٰی	خوشخبری	۱۰۔ قَادِمَۃٌ	آنے والی
۱۱۔ غِبْطَۃٌ	خوشی	۱۲۔ سُرُوْرٌ	خوشی۔ مسرور
۱۳۔ أَتَمَنّٰی	میں تمنا کرتا ہوں	۱٤۔ قَائِلًا	کہتے ہوئے
۱۵۔ أُهْدِیْ	میں تحفہ بھیجتا ہوں	۱٦۔ هَنَاءٌ	مبارک باد
۱۷۔ أَرْجُوْ	میں امید کرتا ہوں	۱۸۔ اِقْبَالٌ	بلندی
۱۹۔ عَامٌ	سال	۲۰۔ خَیْرٌ	سلامتی
۲۱۔ اَلرَّدُّ	جواب	۲۲۔ تَحِیَّۃٌ	سلام
۲۳۔ عَاطِرَۃٌ	پاکیزہ	۲٤۔ تَلَقَّیْتُ	مجھے ملا
۲۵۔ غَرَّاءُ	روشن	۲٦۔ اَلطَّیِّبَۃُ	پاکیزہ
۲۷۔ مَلِیْئَۃٌ	بھرا ہوا	۲۸۔ عَوَاطِفُ	جذبات
۲۹۔ مَوَدَّۃٌ	محبت	۳۰۔ اَلاِخَاءُ	بھائی چارہ

٣١۔ سَعَادَةٌ	خوش بختی	٣٢۔ سَعِيدَةٌ	مبارک
٣٣۔ أَعَادَ	وہ لوٹائے	٣٤۔ رَغِيدٌ	پرلطف
٣٥۔ اَلْعَيْشُ	زندگی	٣٦۔ مُتَمَثِّلاً	مثال دیتے ہوئے
٣٧۔ أَطَالَ	وہ طویل کرے	٣٨۔ رَغْمَ	باوجود
٣٩۔ حُسُودٌ	حاسد	٤٠۔ وَمَا ذَالَتْ	مسلسل
٤١۔ بَيْضٌ	سفید۔روشن	٤٢۔ عَادَاكَ	تیرادشمن
٤٣۔ سُودٌ	سیاہ۔کالا	٤٤۔ خَالِصٌ	پُرخلوص

اردو ترجمہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

٢٣/رَمَضَانُ الْمُبَارَكُ اَلْمَدْرَسَةُ الثَّانَوِيَّةُ لِلْبَنَاتِ،

/١٤٠٦ھ بِبَشَاوَرَ

٢٣/رمضان المبارک/١٤٠٦ ھج گرلز ہائی سکول لاہور۔

صَدِيْقِيَ الْعَزِيْزَ / عَبْدُ الْخَالِقِ ! حَفِظَكَ اللّٰهُ!

میرے پیارے دوست............اللہ تمہارا محافظ ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُه' .... وَبَعْدُ

اسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'............بعد

فَانْتَهِزُ فُرْصَةَ حُلُوْلِ عِيْدِ الْفِطْرِ الْمُبَارَكِ لِأُعْرِبَ لَكَ عَنْ أَطْيَبِ التَّمَنِّيَاتِ رَاجِيًا مِنَ اللّٰهِ سُبْحَانَه' وَتَعَالٰى أَنْ يُّعِيْدَهُ عَلَيْكَ أَلْفَ مَرَّةٍ وَّيَجْعَلَه ' أَعْظَمَ الْأَعْيَادِ بَرَكَةً عَلَيْكَ وَبُشْرٰى صَادِقَةً لِلْأَعْيَادِ الْقَادِمَةِ وَ أَنْتَ بِالْعِزِّ وَالشَّرَفِ وَالْغِبْطَةِ وَالسُّرُوْرِ

میں عیدالفطر کی آمد کے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آپکے لئے اپنے نیک جذبات کا اظہار اللہ سے یہ امید کرتے ہوئے کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ پر ایسی ہزاروں عیدیں لائے اور اس عید کو برکت کے لحاظ سے آپ کے لئے عظیم بنادے اور آئندہ آنے والی عیدوں کے لئے سچی خوشخبری بنادے اور آپ عزت، شرافت، خوشی اور مسرت کے ساتھ رہیں اور آپکے لئے ایسی ہی تمنا کرتا ہوں

٢۔ كَمِيَّةٌ كَبِيْرَةٌ	نَحْنُ نَرْغَبُ فِیْ اِسْتِيْرَادِ كَمِيَّةٍ كَبِيْرَةٍ ہم بڑی مقدار میں درآمد کرنا چاہتے ہیں۔
٣۔ اَلْمَجَالُ التِّجَارِیُّ	تَعَاوَنُوا الْمُسْلِمِيْنَ فِی الْمَجَالِ التِّجَارِیِّ تجارتی میدان میں مسلمانوں سے تعاون کرو۔
٤۔ سُوْقًا نَافِعًا	لَكَ سُوْقٌ نَافِعٌ هُنَا۔ آپکے لئے وہاں نفع بخش مارکیٹ ہے۔
٥۔ اَلْمُدِيْرُ الْعَامِ	اَنَا مُدِيْرٌ عَامٌ فِی الْمُؤَسَّسَةِ۔ میں کمپنی میں جنرل ڈائریکٹر ہوں۔

س5۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ:

درج ذیل جملوں کو اعراب لگاؤ۔

١۔ هٰذِهٖ مُؤَسَّسَةٌ تِجَارِيَّةٌ وَعُنْوَانُهَا مَذْكُوْرٌ أَعْلَاهُ۔

٢۔ نَحْنُ نُصَدِّرُ السَّجَاجِيْدَ اِلَى الشَّرْقِ الْأَوْسَطِ۔

٣۔ هٰذِهِ الْمَصْنُوْعَاتُ قَدْ نَالَتْ إِعْجَابَ النَّاسِ۔

س6۔ اَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ۔

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

١۔ **مَاذَا تَسْتَوْرِدُ الشَّرِكَةُ الْكُوَيْتِيَّةُ؟**

کویتی کمپنی کیا درآمد کرتی ہے؟

٢۔ **مَاذَا تُصَدِّرُ الشَّرِكَةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ؟**

پاکستان کمپنی کیا برآمد کرتی ہے۔

٣۔ **مَنْ اَرْسَلَ عَيِنَاتِ السَّجَاجِيْدِ؟**

کس نے قالینوں کے نمونے بھیجے؟

جواب:

١۔ **تَسْتَوْرِدُ الشَّرِكَةُ الْكُوَيْتِيَّةُ السَّجَاجِيْدَ۔**

٢۔ **تُصَدِّرُ االشَّرِكَةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ السَّجَاجِيْدَ۔**

٣۔ **اَلشَّرِكَةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ اَرْسَلَ عَيِنَاتِ السَّجَاجِيْدِ۔**

س8۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

١۔ ہم تجارتی مال درآمد برآمد کرتے ہیں۔

٢۔ ہماری کمپنی کا نام اوپر لکھا ہوا ہے۔

٣۔ ہماری مصنوعات کو عوام نے پسند کیا ہے۔

٤۔ اس بات سے میری حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔

٥۔ ہم بھاری مقدار درآمد کرنا چاہتے ہیں۔

جواب:

١۔ **نَحْنُ نُصَدِّرُ وَنَسْتَوْرِدُ الْبِضَائِعَ التِّجَارِيَّةَ۔**

٢۔ **اِسْمُ شَرِكَتِنَا مَذْكُوْرٌ أَعْلَاهُ،**

٣۔ **أَعْجَبَتِ الْجَمَاهِيْرَ مَصْنُوْعَاتُنَا۔**

٤۔ **ذٰلِكَ قَدْ شَجَّعَنِيْ۔**

٥۔ **نَرْغَبُ فِيْ إِسْتِيْرَادِ كَمِيَّةٍ كَبِيْرَةٍ۔**

......☆......

اَلدَّرْسُ الثَّلاثُوْنَ: (تیسواں سبق)

ہمارا وطن (۴)

لِمَاذَا أُنْشِئَتْ بَاكِسْتَانُ؟

پاکستان کیوں بنا؟

لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١ ـ شِبْهُ الْقَارَّةِ	برصغیر	٢ ـ يَدُسُّوْنَ	وہ تدبیریں کرتے ہیں
٣ ـ عَهْدٌ	زمانہ	٤ ـ سَيْطَرَةٌ	تسلط
٥ ـ اَلْجَيْشُ	لشکر	٦ ـ اَلْبِلَادُ	ملک
٧ ـ تَحْتَ قِيَادَةٍ	زیرقیادت	٨ ـ اِحْتِلَالٌ	قبضہ
٩ ـ نِهَايَةٌ	آخر۔اختتام	١٠ ـ يَتَآمَرُوْنَ	وہ سازشیں کرتے ہیں
١١ ـ اَلْقَرْنُ	صدی	١٢ ـ ضِدٌّ	خلاف
١٣ ـ ظَلَّ	مسلسل رہے ہیں	١٤ ـ اَلْقَضَاءُ	قبضہ کرنا
١٥ ـ اَلْفُ	ہزار	١٦ ـ حَقَّقَ	پورا ہو گیا
١٧ ـ ثَوْرَةٌ	انقلاب	١٨ ـ أَخْمَدَ	ٹھنڈا کیا
١٩ ـ حُكْمٌ	حکومت	٢٠ ـ اَلثَّوْرَةُ	انقلاب
٢١ ـ اَلإِنْجِلِيْتُر	انگریز	٢٢ ـ اَلْهِنَادِكَةُ	ہندو
٢٣ ـ أَخَذُوْا	انھوں نے شروع کر دیا	٢٤ ـ تَعَامَلُ	معاملہ کیا
٢٥ ـ يُمَهِّدُوْنَ	وہ ہموار کرتے ہیں	٢٦ ـ أَطْلَقَ	رکھا۔چھوڑا
٢٧ ـ اَلطَّرِيْقُ	راستہ۔راہ (جمع)	٢٨ ـ أَحْرَارًا	آزاد

۲۹۔ مَنَاصِبُ	عہدے	۳۰۔ قَادَ	قیادت کی
۳۱۔ اَلسَّاحِقَةُ	اکثریت	۳۲۔ شَارَكَ	شرکت کی
۳۳۔ اَحْتَلَّ	اس نے قبضہ کیا	۳٤۔ وَلَمْ يَمْضِ	زیادہ نہ گزرا (وقت)
۳۵۔ وِلَاءٌ	حمایت	۳٦۔ حَاجَةٌ	ضرورت
۳۷۔ وَفَاءٌ	وفاداری	۳۸۔ حَظٌّ	حصہ
۳۹۔ تَأَكَّدُوْا	انھیں یقین دلایا گیا	٤۰۔ تَنَبَّهَ	اسے آگاہی ہوئی
٤۱۔ سَيُغَادِرُوْنَ	عنقریب چھوڑ جائیں گے	٤۲۔ طَالَبَ	اس نے مطالبہ کیا
٤۳۔ سَوْفَ	عنقریب، جلد	٤٤۔ ضَمَانَاتُ	ضمانتیں
٤۵۔ يَسْتَعْبِدُوْنَ	وہ انتقام لیں گے	٤٦۔ يُوْقِظُ	جگاتا ہے
٤۷۔ بَدَأَتْ	شروع ہوئی	٤۸۔ لِتَنْهَضَ	تاکہ اٹھیں
٤۹۔ اَلْحَرَكَاتُ التَّحَرُّرِيَّةُ	آزادی کی تحریکیں	۵۰۔ تُدَافِعُ	دفاع کریں
۵۱۔ حِيَاصُ	حصہ	۵۲۔ رَأْیٌ	رائے
۵۳۔ نَجِسٌ	ناپاک	۵٤۔ يَجِبُ	لازم ہے
۵۵۔ تَهْنِيْدٌ	ہندو بنانا	۵٦۔ لِيَعِيْشُوْا	تاکہ زندگی گزاریں
۵۷۔ إِقْتَرَحَ	اس نے تجویز پیش کی	۵۸۔ مُسْتَقِلَّةٌ	آزاد
۵۹۔ اَلْمَنْبُوْذِيْنَ	مردود	٦۰۔ اِقْتَرَحَ	اس نے تجویز پیش کی
٦۱۔ سَمَّا	نام رکھا	٦۲۔ اَلرَّشِيْدَةُ	مخلصانہ
٦۳۔ اَلْفِكْرَةُ	سوچ	٦٤۔ أَحَبُّوْا	وہ پسند کرنے لگے
٦۵۔ اَلتَّسْمِيَةُ	نام	٦٦۔ اِجْتِمَاعٌ	جلسہ
٦۷۔ اَلرَّابِطَةُ	جماعت، لیگ	٦۸۔ عُقِدَ	منعقد کیا ہے
٦۹۔ جِوَارٌ	پڑوس	۷۰۔ أُنْشِئَتْ	قائم ہوا

اردو ترجمہ

دَخَلَ الْإِسْلَامُ شِبْهَ الْقَارَّةِ فِي عَهْدِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ ثُمَّ دَخَلَ الْجَيْشُ الْإِسْلَامِيُّ الْمُجَاهِدُ الْفَاتِحُ تَحْتَ قِيَادَةِ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ فِي نِهَايَةِ الْقَرْنِ الْهِجْرِيِّ الْأَوَّلِ وَمُنْذُ ذَالِكَ الْوَقْتِ ظَلَّ الْمُسْلِمُوْنَ يَحْكُمُوْنَ الْهِنْدَ بَعْضَهَا حِيْنًا وَكُلَّهَا حِيْنًا آخَرَ إِلٰى أَكْثَرِ مِنْ أَلْفِ عَامٍ حَتّٰى تَمَكَّنَ الْإِسْتِعْمَارُ الْبَرِيْطَانِيُّ مِنَ الْقَضَاءِ عَلَى الْحُكْمِ الْإِسْلَامِيِّ بَعْدَ ثَوْرَةِ عَامِ ۱۸۵۷م الَّتِي كَانَتْ قَدْ قَامَتْ ضِدَّ حُكْمِ الْإِنْجِلِيْزِ الَّذِيْنَ كَانُوْا قَدْ دَخَلُوْا شِبْهَ الْقَارَّةِ تُجَّارًا ثُمَّ أَخَذُوْا يُمَهِّدُوْنَ الطَّرِيْقَ لِحُكْمِهِمْ وَيَدُسُّوْنَ لِسَيْطَرَتِهِمْ عَلَى الْبِلَادِ وَاحْتِلَالِهَا وَيَتَآمَرُوْنَ ضِدَّ الْحُكْمِ الْإِسْلَامِيِّ وَالْقَضَاءِ عَلَيْهِ وَتَحَقَّقَ لَهُمْ ذٰلِكَ بَعْدَ الثَّوْرَةِ الَّتِي أَخْمَدُوْهَا بِالْكَيْدِ وَالْقُوَّةِ۔

برصغیر میں خلفائے راشدین کے زمانے میں اسلام آیا۔ پھر پہلی صدی ہجری کے آخر میں محمد بن قاسم کی قیادت میں ایک اسلامی فاتح مجاہد لشکر داخل ہوا۔ اس وقت سے لے کر مسلمان کبھی تو پورے ہندوستان پر اور کبھی اس کے بعض علاقوں پر سو سال سے زیادہ عرصہ تک حاکم رہے یہاں تک کہ برطانوی سامراج کے لئے 1857ء کے انقلاب کے بعد اسلامی حکومت پر قبضہ کرنا ممکن ہو گیا۔ یہ جنگ انگریزوں کی حکومت کے خلاف لڑی گئی تھی جو برصغیر میں تاجر بن کر آئے تھے۔ پھر اپنی حکومت کے لئے راہ ہموار کرنا شروع کر دی اور ملک پر تسلط اور قبضے کے لئے تدبیریں کرنے لگے اور اسلامی حکومت کے خلاف اور اسے ختم کرنے کے لئے سازشیں کرنے لگے۔ اور ان کا یہ خواب 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد پورا ہو گیا جسے انھوں نے سازش اور قوت کے ذریعے ٹھنڈا کر دیا۔

وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ مُنْذُ الْفَتْحِ إِلَى الثَّوْرَةِ يَتَعَامَلُوْنَ مَعَ الْهَنَادِكَةِ تَعَامُلَ الْكَرَامَةِ وَالسَّخَاءِ وَالْمُسَاوَاةِ وَلَمْ يَتَدَخَّلْ حَاكِمٌ مُسْلِمٌ فِي عَقِيْدَتِهِمْ وَأَطْلَقَهُمْ أَحْرَارًا وَفَوَّضَ إِلَيْهِمْ مَنَاصِبَ الْحُكُوْمَةِ وَالْوِزَارَةِ وَمِنْ ثُمَّ ظَلَّتِ الْهِنْدُوْكِيَّةُ هِيَ دِيْنُ الْأَغْلَبِيَّةِ السَّاحِقَةِ حَتّٰى احْتَلَّ الْإِنْجِلِيْزُ الْبِلَادَ فَأَكَّدَ الْهَنَادِكَةُ وِلَاهُمْ وَوَفَاءَهُمْ لِلْحُكْمِ الْجَدِيْدِ وَاحْتَلُّوا الْمَنَاصِبَ الْحُكُوْمِيَّةَ وَتَأَكَّدُوْا بِأَنَّ الْإِنْجِلِيْزَ

سَيُغَادِرُوْنَ الْبِلَادَ يَوْمًا وَأَنَّ الْحُكْمِ سَوْفَ يَكُوْنُ نَصِيْبُ الْأَغْلَبِيَّةِ السَّاحِقَهِ مِنَ الْهَنَادِكَةِ وَأَنَّهُمْ سَوْفَ يَسْتَعْبِدُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَيَنْتَقِمُوْنَ مِنْهُمْ لِمَا حَكَمُوْا عَلَيْهِمْ إِلٰى أَكْثَرِ مِنْ أَلْفِ سَنَةٍ۔

مسلمان فتح سے لے کر انقلاب تک ہندوؤں کے ساتھ شرافت، سخاوت اور مساوات کا سلوک کرتے رہے۔ مسلمان حکمرانوں نے ان کے عقائد میں مداخلت نہ کی انھیں آزاد رکھا اور حکومت اور وزارت کے عہدے ان کو سونپے اس وجہ سے ہندومت غالب اکثریت کا دین رہا۔ یہاں تک کہ انگریزوں نے وہاں پر قبضہ کر لیا تو ہندوؤں نے نئی حکومت کو اپنی دوستی اور وفاداری کا یقین دلایا۔ حکومت کے عہدے حاصل کیے۔ انھیں یقین دلایا گیا کہ انگریز عنقریب ملک چھوڑ جائیں گے اور حکومت ہندوؤں میں سے واضح اکثریت کو مل جائے گی اور وہ مسلمانوں کو غلام بنالیں گے۔

ثُمَّ بَدَأَتِ الْحَرَكَاتُ التَّحَرُّرِيَّةُ الَّتِیْ قَادَهَا الْعُلَمَاءُ الْمُسْلِمُوْنَ ثُمَّ شَارَكَهُمُ الْهَنَادِكَةُ الَّذِيْنَ أَقْنَعُوا الْمُسْلِمِيْنَ أَخِيْرًا بِحَاجَةِ التَّوْحِيْدِ بَيْنَ الْهَنَادِكَةِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَلَمْ يَمْضِ وَقْتٌ طَوِيْلٌ حَتّٰى اكْتَشَفَ الْمُسْلِمُوْنَ بِأَنَّ الْهَنَادِكَةَ يَعْنُوْنَ بِالْهِنْدِ الْمُسْتَقِلَّةِ دَوْلَةً هِنْدُوْكِيَّةً لَاحَظَّ فِيْهَا لِلْمُسْلِمِيْنَ وَلَا نَصِيْبَ لَهُمْ وَكَانَ الْقَائِدُ الْأَعْظَمُ مُحَمَّد عَلِی جناح هُوَ أَوَّلُ مِنْ تَنَبَّهَ لِذٰلِكَ فَطَالَبَ الْحُقُوْقَ لِلْمُسْلِمِيْنَ مِنَ الْهَنَادِكَةِ بِالضَّمَانَاتِ الدُّسْتُوْرِيَّةِ فَرَفَضُوْا فَتَأَكَّدَ الْقَائِدُ الْأَعْظَمُ بِمَا كَانَ قَدْتَنَبَّهَ إِلَيْهِ فَأَخَذَ يُوْقِظُ الْأُمَّةَ الْإِسْلَامِيَّةَ لِتَنْهَضَ فَتُدَافِعَ عَنْ حِيَاضِهَا وَحُقُوْقِهَا فِی الْمُسْتَقْبَلِ۔

پھر آزادی کی تحریکیں شروع ہوئیں جن کی قیادت مسلمان علماء نے کی پھر ہندو بھی ان کے ساتھ شامل ہو گئے۔ جنھوں نے مسلمانوں کو آخر کار ہندو مسلم اتحاد کی ضرورت پر قائل کر دیا۔ زیادہ عرصہ نہ گزرا کہ مسلمانوں کو انکشاف ہوا کہ ہندو آزاد ہندوستان سے مراد ایک ہندو مملکت لیتے ہیں جن میں مسلمانوں کا کوئی حصہ نہیں ہوگا۔ قائداعظم وہ پہلے شخص تھے جنھیں اس بات کی آگاہی ہوئی پس انھوں نے ہندوؤں سے مسلمانوں کے حقوق کا دستوری ضمانتوں کے ساتھ مطالبہ کر دیا۔ پس انھوں نے انکار کر دیا پس قائداعظم کو اس بات کا یقین ہو گیا۔ جس بارے میں انھیں آگاہی ہوئی تھی پس انھوں نے امت اسلامیہ کو جگانا شروع کر دیا تا کہ وہ اٹھیں اور مستقبل میں اپنے حقوق اور

حصے کا دفاع کریں۔

وَلَقَدْ رَأَى الْقَائِدُ الْاَعْظَمُ بِأَنَّ الْهِنْدُوكِيَّةَ الْمُتَعَصِّبَةَ تُعَادِىْ كُلَّ شَيْئٍ إِسْلَامِيٍّ مِنَ التَّارِيْخِ وَالْعَقِيْدَةِ وَالثَّقَافَةِ وَالْآثَارِ وَيَعْتَبِرُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ نَجَسًا وَوَسِخًا يَّجِبُ إِمَّا مَسْخُهُمْ مِنْ شِبْهِ الْقَارَّةِ أَوْتَهْنِيْدُهُمْ لِيَعِيْشُوْا مَعَ الْهَنَادِكَةِ الْمَنْبُوْذِيْنَ۔

قائد اعظم نے دیکھا کہ متعصب ہندو ہر اسلامی شے تاریخ، عقیدہ، ثقافت آثار سے دشمنی رکھتے ہیں۔ وہ مسلمانوں کو ناپاک سمجھتے ہیں اور لازم ہے کہ یا تو مسلمانوں کو برصغیر سے نکال دیا جائے یا انھیں ہندو بنا دیا جائے گا تا کہ وہ مردود ہندوؤں کے ساتھ زندگی گزاریں۔

وَكَانَ الْعَلَّامَةُ مُحَمَّد إِقْبَالُ هُوَ أَوَّلُ مَنِ اقْتَرَحَ بِإِنْشَاءِ دَوْلَةٍ إِسْلَامِيَّةٍ مُّسْتَقِلَّةٍ فِىْ مَنَاطِقِ الْأَغْلَبِيَّةِ الْمُسْلِمَةِ وَكَانَ تَشُوْدَرِىْ رَحْمَتْ عَلِىْ قَدْ سَمَّاهَا بَاكِسْتَانْ فَتَبَنَّى الْمُسْلِمُوْنَ تَحْتَ قِيَادَةِ الْقَائِدِ الْأَعْظَمِ الرَّشِيْدَةِ هٰذِهِ الْفِكْرَةَ وَأَحَبُّوْا هٰذِهِ التَّسْمِيَةَ فَاتَّخَذُوْا قَرَارًا تَارِيْخِيًّا بِإِنْشَاءِ بَاكِسْتَانَ فِىْ إِجْتِمَاعِ الرَّابِطَةِ الْمُسْلِمَةِ الَّذِىْ عُقِدَ بِجِوَارِ الْمَسْجِدِ الْمَلَكِيِّ بِلَاهُوْرَ فِىْ ٢٣ مَارِسْ عَامَ ١٩٤٠ م ثُمَّ تَحَرَّكَتِ الْقَافِلَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ تَحْتَ الْقِيَادَةِ الْمُخْلِصَةِ الرَّشِيْدَةِ حَتّٰى أُنْشِئَتْ بَاكِسْتَانُ فِىْ ١٤ ' أَغُسْطُسْ عَامَ ١٩٤٧ م وَ تَحَقَّقَ حُلْمُ إِقْبَالِ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا۔

علامہ اقبال وہ پہلے شخص تھے جنھوں نے تجویز پیش کی کہ مسلم اکثریت کے صوبوں میں آزاد مسلم ریاست قائم کی جائے۔ چوہدری رحمت علی نے اس کا نام پاکستان رکھا۔ پس مسلمان قائد اعظم کی ذہین قیادت کے تحت مسلمانوں نے اس سوچ کی بنیاد رکھی اور انھوں نے اس نام کو پسند کیا۔ پھر انھوں نے مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں پاکستان بنانے کے لئے تاریخی قرارداد پیش کی۔ یہ اجلاس 23 مارچ 1940ء میں بادشاہی مسجد کے پہلو میں منعقد ہوا پھر مخلص ذہین قیادت کے تحت مسلمانوں کا قافلہ آگے چلا یہاں تک کہ 14 اگست 1947ء کو پاکستان بن گیا اور علامہ اقبال کا خواب پورا ہو گیا اور اللہ کا حکم پورا ہو کر ہی رہتا ہے۔

☆

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ أَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ فِيْ اَيِّ اِجْتِمَاعٍ اِتَّخَذَ الْمُسْلِمُوْنَ الْقَرَارَ بِإِنْشَاءِ بَاكِسْتَانَ؟

کس جلسے میں مسلمانوں نے قرارداد پاکستان پیش کی؟

فِيْ اِجْتِمَاعِ الرَّابِطَةِ الْمُسْلِمَةِ۔

۲۔ مَنِ الَّذِيْ اقْتَرَحَ بِاِنْشَاءِ دَوْلَةٍ اِسْلَامِيَّةٍ؟

اسلامی ملک بنانے کی تجویز کس نے پیش کی؟

اَلْعَلَّامَةُ مُحَمَّدُ إِقْبَالُ

۳۔ مَاذَا ايَعْتَبِرُ الْهَنَادِكَةُ الْمُسْلِمِيْنَ؟

ہندو مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں؟

يَعْتَبِرُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ نَجِسًا وَ وَسِخًا

س2۔ اِحْفَظِ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةَ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ۔

درج ذیل الفاظ کو یاد کریں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

شِبْهُ الْقَارَّةِ	دَخَلَ الْإِسْلَامُ شِبْهَ الْقَارَّةِ فِيْ عَهْدِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ اسلام برصغیر میں خلفائے راشدین کے دور میں آیا۔
اَلْاِسْتِعْمَارُ	كَانَ الْاِسْتِعْمَارُ الْبَرِيْطَانِيُّ ظَالِمًا شَدِيْدًا۔ برطانوی سامراج بہت ظالم تھیں۔
اَلثَّوْرَةُ	هَلْ تَعْرِفُ ثَوْرَةً اِسْلَامِيَّةً فِيْ اِيْرَانَ؟ کیا تو ایران میں اسلامی انقلاب کے بارے میں جانتی ہے؟
سَيْطَرَةٌ	وَيَدُسُّوْنَ الْهَنَادِكَةُ لِسَيْطَرَتِهِمْ عَلَى الْبِلَادِ ہندو ملک پر تسلط کرنے کے لئے تدبیریں کرنے لگے۔
اَلْحَرَكَاتُ التَّحْرِيْرِيَّةُ	حَصَلْنَا الْبَاكِسْتَانَ بِالْحَرَكَاتِ التَّحْرِيْرِيَّةِ۔ ہم نے پاکستان آزادی کی تحریکوں کے ذریعے حاصل کیا۔

س4۔ هَاتِ الْمُفْرَدَ لِمَا يَأْتِیْ؟

درج ذیل کے مفرد بنائیں؟

جمع	واحد	جمع	واحد
اَلْخُلَفَاءُ	خَلِيفَةٌ	تُجَّارٌ	تَاجِرٌ
اَلْهَنَادِكَةُ	هِنْدُوْ	اَلْمَنَاصِبُ	مَنْصَبٌ
اَلْحَرَكَاتُ	حَرَكَةٌ	اَلْآثَارُ	اَثَرٌ
اَلْعُلَمَاءُ	عَالِمٌ		

س5۔ هَاتِ الْجَمْعَ لِمَا يَأْتِیْ

درج ذیل کے جمع بنائیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
اَلْقَارَّةُ	قَارَّاتٌ	اَلْفٌ	الآفٌ
اَلْعَقِيدَةُ	عَقَائِدٌ	عَهْدٌ	عُهُوْدٌ
قَرَارٌ	قَرَارَاتٌ	اَلْقَافِلَةُ	اَلْقَوَافِلُ
اَلْأُمَّةُ	أُمَمٌ	أَمْرٌ	اُمُوْرٌ

س6۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ:

درج ذیل جملوں کو اعراب لگائیں:

۱۔ كَانَ الْإِنْجِلِيزُ قَدْ دَخَلُوْا شِبْهَ الْقَارَّةِ تُجَّارًا۔

۲۔ لَمْ يَتَمَكَّنِ الْاِنْجِلِيزُ مِنَ الْقَضَاءِ عَلَى الْاِسْلَامِ۔

س7۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْكَلِمَاتِ فِیْ كُلِّ سَطْرٍ۔

ہر سطر میں کلمات کو ترتیب دے کر جملے بنائیں۔

۱۔ اَلْهَنَادِكَةُ ، إِلٰى ، الْإِنْجِلِيزُ ، الْحُكُوْمَةِ ، فَوَّضَ ، مَنَاصِبَ

فَوَّضَ الْإِنْجِلِيزُ مَنَاصِبَ الْحُكُوْمَةِ اِلَى الْهَنَادِكَةِ۔

۲۔ اَحْرَارًا ، اَلْهَنَادِكَةِ ، اَطْلَقَ ، الْمُسْلِمُوْنَ ، الْحُكَّامُ

اَطْلَقَ الْحُكَّامُ الْمُسْلِمُوْنَ اَلْهَنَادِكَةَ اَحْرَارًا۔

س8۔ ترجمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ؟

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ علامہ اقبال نے اسلامی ملک بنانے کی تجویز پیش کی۔

اِقْتَرَحَ الْعَلَّامَةُ اِقْبَالٌ بِإِنْشَاءِ دَوْلَةٍ إِسْلَامِيَةٍ۔

۲۔ چوہدری رحمت علی نے اسلامی ملک کا نام پاکستان رکھا۔

كَانَ تَشُودَرِیْ رَحْمَتُ عَلِی قَدَسَمَّا هٰذِهِ الدَّوْلَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ بَاكِسْتَانَ

۳۔ قائد اعظم نے پاکستان بنایا۔

اَسَّسَ الْقَائِدُ الْاَعْظَمُ بَاكِسْتَانَ

۴۔ لاہور میں مسلمانوں نے قرارداد پاس کی۔

اِتَّخَذَ الْمُسْلِمُوْنَ قَرَارًا بِاِنْشَاءِ بَاكِسْتَانَ بِلَاهُوْرَ۔

۵۔ آزادی کا قافلہ چل پڑا۔

تَحَرَّكَتْ قَافِلَةُ الْحُرِّيَّةِ۔

۶۔ ہندو ہر اسلامی شے سے عداوت رکھتے ہیں۔

اَلْهِنْدُوْكِيَّةُ تُعَادِیْ كُلَّ شَئٍ اِسْلَامِيٍّ۔

......☆......

اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ وَالثَّلَاثُوْنَ : (سبق نمبر 31)

شِعْرُ الْحِکْمَةِ

حکمت ودانائی کے اشعار

منتخب اشعار (۴)

زہیر بن ابی سلمیٰ

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ اَلْمَعْرُوْفُ	نیکی	۲۔ عِرْضٌ	عزت
۳۔یَفِرُہٗ	اس نے اپنی عزت بچائی	٤۔یَتَّقِیْ	وہ بچتا ہے
۵۔حَمْدٌ	تعریف	٦۔ ذَمٌّ	مذمت، برائی
۷۔ یَنْدَمُ	وہ نادم ہوجاتا ہے	۸۔ کَائِنٌ	کتنے ہی، بہت سے
۹صَامِتٌ	خاموش	۱۰۔ مُعْجِبٌ	پسندیدہ
۱۱۔ نَقْصٌ	کمی،خرابی	۱۲۔ تَکَلُّمٌ	گفتگو
۱۳۔ لِسَانٌ	زبان	۱٤۔ اَلْفَتٰی	نوجوان
۱۵۔ اَللَّحْمُ	گوشت	۱٦۔ اَلدَّمُ	خون
۱۷۔غَامَرْتَ	تو خطرہ مول لے	۱۸۔ طَعْمٌ	ذائقہ
۱۹۔ مَرُوْمٌ	مقصود	۲۰۔ اَلْجُبَنَاءُ	بزدل (جمع)
۱۲۔ اَلْعِجْزُ	عاجزی،انکساری	۲۲۔ خَدِیْعَةٌ	دھوکا
۲۳۔ اَلطَّبْعُ	طبیعت	۲٤۔ اَللَّئِیْمُ	گھٹیا
۲۵۔ تُغْنِیْ	بے نیاز کرتا ہے	۲٦۔ عَائِبٌ	عیب نکالنے والا

لفظ	معنی	لفظ	معنی
٢٧۔ آفَتُهُ	اسکی مصیبت	٢٨۔ فَهْمٌ	سمجھ، عقل
٢٩۔ سَقِيْمٌ	بیمار، ناقص	٣٠۔ جَارَيْتَ	ساتھ دنیا، برابر ہونا
٣١۔ دَنِئٌ	کمینہ	٢٣۔ سَوَاءٌ	برابر
٣٣۔ رَأَيْتُ	میں نے دیکھا	٣٤۔ اَلْحُرُّ	آزاد
٣٥۔ اَلْمُخَاذِیْ	ذلت، رسوائی	٣٦۔ يَحْمِيْهِ	اس کی حفاظت کرتی ہے
٣٧۔ شِدَّةٌ	مصیبت، سختی	٣٨۔ اَلْعُوْدُ	لکڑی
٣٩۔ اَللِّحَاءُ	چھلکا	٤٠۔ سَيَأْتِیْ	جلد آتی ہے
٤١۔ رَخَاءٌ	نرمی	٤٥۔ لَمْ يَنَالُوْا	نہیں پا سکے
٤٦۔ مُحَسَّدٌ	جس پر حسد کیا جائے	٤٤۔ لَمْ يَجْتَرِمْ	کوئی جرم نہیں کیا
٤٥۔ حُسَّادٌ	حاسد	٤٦۔ ضَرُوْمٌ	دہکتی ہوئی تلوار
٤٧۔ خُصُوْمٌ	دشمن، مخالف	٤٨۔ اَللَّبِيْبُ	عقلمند
٤٩۔ شَتَمَ	گالی دی	٥٠۔ مَشْتُوْمٌ	داغدار
٥١۔ نِعْمَةٌ	نعمت	٥٢۔ سَيْفٌ	تلوار
٥٣۔ عَارٌ	شرم، عار	٥٤۔ عَظِيْمٌ	بڑی

ترجمہ

١۔ وَمَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِهٖ
يَفِرْهُ وَمَنْ لَّايَتَّقِی الشَّتْمَ يُشْتَمِ

جو شخص اپنی عزت بچانے کی خاطر دوسروں پر احسان کرے گا وہ عزت کو بچائے گا۔ جو گالیوں سے نہیں بچے گا۔ اسے گالی دی جائے گی۔

٢۔ وَمَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ فِیْ غَيْرِ أَهْلِهٖ
يَكُنْ حَمْدُهٗ ذَمًّا عَلَيْهِ وَيَنْدَمِ

جو شخص نا اہل پر احسانات کرے گا اس کی تعریف بھی مذمت بن جائے گی اور وہ شرمندہ ہوگا۔

٣۔ وَكَائِنْ تَرىٰ مِنْ صَامِتٍ لَّكَ مُعْجِبٍ
زِيَادَتُه ' أَوْنَقْصُه ' فِى التَّكَلُّمِ

بہت سے خاموش طبع آدمی تجھے پسند ہیں حالانکہ ان کی برتری اور کمتری گفتگو سے نمایاں ہوتی ہے۔

٤۔ لِسَانُ الْفَتٰى نِصْفٌ وَنِصْفٌ فُؤَادُه'
فَلَمْ يَبْقَ إِلاَّ صُوْرَةُ اللَّحْمِ وَالدَّمِ

نوجوان کی زبان نصف ہے اور باقی نصف کا دل ہے پس باقی فقط خون اور گوشت ہی تو ہے

٢۔ وَقَالَ أَبُوالطَّيِّبُ اَحْمَدُ الْمُتَنَبِّيُّ:

ابوطیب احمد المتنبی:

١۔ إِذَاغَامَرْتَ فِىْ شَرَفٍ مَرُوْمٍ
فَلَا تَقْنَعْ بِمَا دُوْنَ النُّجُومِ

جب تو شرف مطلوب میں جان کی بازی لگا دے تو ستاروں سے نیچے قناعت نہ کر۔

فَطَعْمُ الْمَوْتِ فِىْ اَمْرٍ حَقِيْرٍ
كَطَعْمِ الْمَوْتِ فِىْ اَمْرٍ عَظِيْمٍ

ایک ادنیٰ سے کام میں موت کا مزہ چکھنا کسی عظیم کام میں موت کا مزہ چکھنے کے برابر ہے۔

يَرَى الْجُبَنَاءُ أَنَّ الْعِجْزَ عَقْلٌ
وَتِلْكَ خَدِيْعَةُ الطَّبْعِ اللَّئِيْمِ

بزدل لوگ دشوار کاموں سے بچنا ہوشیاری سمجھتے ہیں حالانکہ یہ ان کمینہ طبیعت کا ایک دھوکا ہے۔

وَكُلُّ شَجَاعَةٍ فِى الْمَرْءِ تُغْنِىْ
وَلَا مِثْلَ الشَّجَاعَةِ فِى الْحَكِيْمِ

انسان میں ہر قسم کی شجاعت مفید ہے۔ مگر ایسی مفید نہیں جیسے حکیم و دانا کی شجاعت ہے۔

وَكَمْ مِّنْ غَائِبٍ قَوْلًا صَحِيْحًا
وَآفَتُهُ مِنَ الْفَهْمِ السَّقِيْمِ

اور قول صحیح کے عیب گیر بہت ہیں مگر خرابی عیب گیر کی اس کا فہم بیمار ہے۔

٣۔ وَقَالَ أَبُوْ تَمَّامٍ حَبِيْبُ الطَّائِيُّ:

ابوتمام حبیب الطائی:

إِذَا جَارَيْتَ فِي خُلُقٍ دَنِيْئًا
فَأَنْتَ وَمَنْ تُجَارِيْهِ سَوَاءٌ

اگر تو گھٹیا اخلاق آدمی کے ساتھ ہمسائیگی رکھے گا تو تو اور وہ برابر ہوں گے؟

رَأَيْتُ الْحُرَّ يَجْتَنِبُ الْمَخَازِيْ
وَيَحْمِيْهِ عَنِ الْغَدْرِ الْوَفَاءُ

میں نے شریف آدمی کو دیکھا کہ ذلت اور رسوائی سے کنارہ کرتا ہے۔ اسے دھوکہ دہی سے وفا بچاتی ہے۔

وَمَا مِنْ شِدَّةٍ إِلَّا سَيَأْتِيْ
لَهَا مِنْ بَعْدِ شِدَّتِهَا رَخَاءُ

جو کوئی سختی بھی آتی ہے جلد ہی اس کے بعد آسانی آجاتی ہے۔

يَعِيْشُ الْمَرْءُ مَا اسْتَحْيَا بِخَيْرٍ
وَيَبْقَى الْعُوْدُ مَا بَقِيَ اللِّحَاءُ

جب تک حیاء ہے آدمی کی زندگی بھی بھلی ہے

فَلَا وَاللّٰهِ مَا فِي الْعَيْشِ خَيْرٌ
وَلَا الدُّنْيَا إِذَا ذَهَبَ الْحَيَاءُ

اللہ کی قسم جب حیاء جاتی ہے تو زندگی، اور دنیا میں کوئی خوبی باقی نہیں رہتی۔

٤۔ وَقَالَ أَبُو الْأَسْوَدِ الدُّؤَلِيُّ:

ابوالاسود الدولی:

حَسَدُوا الْفَتَى إِذْ لَمْ يَنَالُوْا سَعْيَهُ
فَالْقَوْمُ أَعْدَاءٌ لَهُ وَخُصُوْمُ

لوگ نوجوان کا حسد کرنے لگتے ہیں جب اس کی جدوجہد کو نہیں پا سکتے تو اس کا پیچھا کرتے ہیں اور دشمنی کرنے لگتے ہیں۔

وَتَرَى اللَّبِيبَ مُحَسَّدًا لَّمْ يَجْتَرِمْ
شَتْمَ الرِّجَالِ وَعِرْضُهُ مَشْتُومٌ

تو عقلمند کو دیکھتا ہے کہ اس پر حسد کیا جاتا ہے حالانکہ اس نے کوئی جرم نہیں کیا لوگ اسے گالی دیتے ہیں اور اس کی بے عزتی کرتے ہیں۔

وَكَذَاكَ مَنْ عَظُمَتْ عَلَيْهِ نِعْمَةٌ
حُسَّادُهُ سَيْفٌ عَلَيْهِ صَرُومٌ

اسی طرح وہ جس پر نعمت کی فراوانی ہوتی ہے اس کے حاسد ایک ایسی تلوار ہیں جس پر آگ بڑکائی ہوئی ہو۔

لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَأْتِيَ مِثْلَهُ
عَارٌ عَلَيْكَ إِذَا فَعَلْتَ عَظِيمٌ

لوگوں کو ایسے کام سے کیوں روکتا ہے جو تو خود کرتا ہے اگر تو ایسا کرے گا تو تیرے لیے بڑی شرم کی بات ہے۔

مختلف اشعار کی تشریح و ترجمہ

شاعر کا تعارف:

زہیر بن ابی سلمٰی کا شمار شعراء جاہلیت میں ہوتا ہے۔ اسکی کنیت ''ابو سلمٰی'' تھی زہیر بن ابی سلمٰی نے طویل عمر پائی زہیر بن ابی سلمٰی عظیم النفس سخی شخص تھا وہ اللہ اور بعثت نبوی پر یقین رکھتا تھا عرب میں زہیر اپنے اعلیٰ اخلاق اور حکیمانہ اشعار کی وجہ سے مشہور ہوا اسکے اشعار کا پورا دیوان موجود ہے

وَمَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِهٖ
يَفِرْهُ وَمَنْ لَا يَتَّقِي الشَّتْمَ يُشْتَمِ

ترجمہ:

جو اپنی عزت کیلئے خرچ کرتا ہے وہ اسکو بچالیتا ہے اور جو گالی سے نہیں بچتا اسے گالی دی جاتی ہے۔

تشریح:

یہ شعر حکمت سے بھرا ہوا ہے شاعر زہیر بن ابی سلمٰی عزت و معیار کے بڑھانے کے بارے میں بتایا ہے کہا اگر کوئی شخص اپنی عزت کو بڑھانا چاہتا ہے تو اسکو چاہیے کہ لوگوں پر زیادہ سے زیادہ خرچ کرے انکی ضروریات کا خیال رکھے اور جہاں تک ہو سکے اس کو پورا کرنے کی کوشش کرے حضورﷺ نے اپنے بھائیوں کا خیال رکھنے کو کہا حضورﷺ نے فرمایا

''جو کوئی اپنے بھائی کی ضرورتوں کا خیال رکھے تو اللہ اسکے لیے جنت میں دروازہ کھول دیتا ہے'' ایسا کرنے سے لوگوں میں انسان کی عزت بڑھتی ہے لیکن اگر انسان ایسا نہ کرے اور لوگوں سے اچھا سلوک نہ کرے تو لوگ اسے گالی دیں گے یعنی بُرا بھلا کہیں گے۔

وَمَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ فِيْ غَيْرِ أَهْلِهِ
يَكُنْ حَمْدُهُ ذَمًّا عَلَيْهِ وَيَنْدَمِ

ترجمہ:

جو نا اہل کے ساتھ نیکی کرتا ہے تو تعریف کی بجائے اس کی مذمت کی جاتی ہے اور وہ نادم ہو جاتا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر نے اپنے حکیمانہ تجربات میں سے ایک اور تجربے کے بارے میں بتایا ہے کہ نیکی کرنا بہت اچھی بات ہے۔ نیکی کا اجر بہت زیادہ ملتا ہے مگر شاعر یہ کہنا چاہتا ہے کہ نیکی صرف اسی کے ساتھ کرنی چاہیے جو اس کا اہل ہو جس کو نیکی کی ضرورت ہو مگر جب ایک اچھا انسان جسے سب کے ساتھ نیکی کرنے کی عادت ہوتی ہے، کسی غیر اہل، بے عقل کے ساتھ نیکی کرتا ہے تو اس کی تعریف کی بجائے، مذمت (برائی) کی جاتی ہے لوگ اس کی تعریف کی بجائے اسے برا بھلا کہتے ہیں کیونکہ جس کے ساتھ نیکی کی گئی تھی وہ اس کا متحمل نہیں تھا۔

وَكَائِنْ تَرٰى مِنْ صَامِتٍ لَّكَ مُعْجِبٍ
زِيَادَتُهُ أَوْنَقْصُهُ فِي التَّكَلُّمِ

ترجمہ:

بہت سے خاموش لوگ تو دیکھے گا جو تجھے پسند آئیں گے ان کا اچھا یا برا ہونے کا معیار انکی گفتگو پر موقوف ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کسی انسان کے اچھا اور برا ہونے کا معیار اس کی گفتگو کو قرار دیتا ہے کسی بھی شخص کو جو دیکھنے میں بہت بھلا خوبصورت دکھائی دیتا ہے مگر ہو سکتا ہے کہ اندر سے کھوکھلا اور برا ہو شاعر کے مطابق ان کو جانچنے اور پرکھنے کا واحد طریقہ اس سے بول چال اور لین دین ہے شاعر کہتا ہے کہ بظاہر خاموشی اچھی چیز ہے کیونکہ خاموش انسان میں غور وفکر کا مادہ زیادہ ہوتا ہے مگر یہ درست نہیں ہے کہ ظاہری خوبصوتی کو اچھا ہونے کا معیار قرار دیا جائے خوبصورتی کردار میں ہوتی ہے۔

لِسَانُ الْفَتٰی نِصْفٌ وَ نِصْفٌ فُؤَادُہٗ

فَلَمْ یَبْقَ اِلَّا صُوْرَۃُ اللَّحْمِ وَ الدَّمِ

ترجمہ:

ایک نوجوان کا نصف اس کی زبان ہے اور نصف اس کا دل ہے پس باقی تو سوائے گوشت اور خون کے کچھ بھی نہیں بچتا۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بڑے پتے کی بات بتاتا ہے کہ انسان کا اصل اسکا دل اور زبان ہے جس کا دل اور زبان قابو میں ہے وہ انسان کامل کے معیار کے مطابق ہے صرف زبان اور دل دونوں انسان کو اچھائی اور برائی کی طرف دھکیلتے ہیں۔ دنیا میں دو چیزیں ایسی ہے جو انسان کو جنت کی طرف بھی لے جا سکتی ہیں اور دوزخ کی طرف بھی وہ ''دل اور زبان'' ہیں حدیث رسول ہے ''بہترین انسان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے لوگ محفوظ رہیں''۔

ابو طیب احمد متنبّی

شاعر کا تعارف:

ابو طیب احمد متنبی کوفہ میں پیدا ہوا اور یہیں پروان چڑھا اور ملک شام میں اس نے علم حاصل کیا اور اس کے علاوہ حصول علم کی خاطر یہ مختلف شہروں میں گیا۔ وہ علم کا پیاسا تھا بلند ارادہ شخص تھا۔ نہ صرف بہت بڑا شاعر تھا بلکہ اس نے سرداری بھی طلب کی یہ ان اشخاص میں سے تھا جنھوں نے جھوٹا نبی ہونے کا دعوی کیا تھا اور اس نے اپنے اوپر آیات کے نازل ہونے کا دعوی کیا تھا اسے قید بھی کیا گیا اور اس نے کافی عرصہ قید میں گزارا یہ شاعروں کی مجلس میں بیٹھا رہتا تھا۔ اسکے اشعار فلسفے، حکمت سے بھرے ہوئے ہیں اور لوگوں کی زبانوں پر ضرب الامثال کی طرح جاری ہیں۔

اِذَا غَامَرْتَ فِیْ شَرَفٍ مَرُوْمٍ
فَلَا تَقْنَعْ بِمَا دُوْنَ النُّجُوْمِ

ترجمہ:

جب تو کسی عظیم کام کا ادارہ کرنے کے لیے خطرہ مول لے تو ستاروں سے ادھر قناعت مت کر۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر متنبی نے لوگوں کو بہادری کیطرف مائل کیا ہے متنبی کے اشعار بہادری وشجاعت سے بھرے ہوئے ہیں موجود شعر میں شاعر عظیم کام کی تعریف بیان کر رہا ہے اور عظیم کام وہ ہوتا ہے جو اتنا بلند ہو کہ ستارے جو کہ انتہائی بلندی پر ہیں وہ بھی اس کام سے پیچھے رہ جائیں شاعر نے ستاروں سے بلندی کا استعارہ استعمال کیا ہے حالانکہ ستاروں سے بلند جانا ممکن نہیں مگر شاعر نے بلند کام کے لیے ستاروں کا استعارہ استعمال کیا ہے عظیم کام میں جان کا خطرہ ہوتا ہے لیکن جب انسان خطرہ مول لے ہی لیتا ہے تو پھر چاہیے کہ انسان کسی انتہائی ناممکن کام کو ممکن کرے۔

فَطَعْمُ الْمَوْتِ فِیْ أَمْرٍ حَقِیْرٍ
کَطَعْمِ الْمَوْتِ فِیْ أَمْرٍ عَظِیْمٍ

ترجمہ:

حقیر کام میں موت کا ذائقہ عظیم کام میں موت کے ذائقہ کے برابر ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ جب انسان عظیم کام کا خطرہ مول لیتا ہے تو اسے ڈرنا نہیں چاہیے موت تو برحق ہے اسے آ کر ہی رہنا ہے ہر ایک کا وقت مقرر ہے موت سے کوئی فرار نہیں ہو سکتا۔ شاعر موت کی حقیقت سے آگاہ کرتے ہوئے کہتا ہے کہ موت کا آنا برحق ہے موت کی سختی ہر ایک پر آنی ہوتی ہے۔ موت کا فرشتہ عزرائیل جب کسی کی جان لینے حاضر ہوتا ہے تو اسکا روح قبض کرنے کا طریقہ اچھے برے دونوں اشخاص کیلئے ایک جیسا ہوتا ہے اس لیے شاعر کہتا ہے کہ جب مرنا ہی ہے اور موت کا ذائقہ اچھے اور برے کام میں ایک جیسا ہے تو پھر عظیم کام ہی کیوں نہ کیا جائے۔

یَرَی الْجُبَنَاءُ أَنَّ الْعِجزَ عَقلٌ
وَ تِلْكَ خَدِیْعَةُ الطَّبعِ اللَّئِیْمِ

ترجمہ:

بزدل عاجزی کو عقل مندی خیال کرتے ہیں حالانکہ یہ کمینی طبیعت کا ایک دھوکہ ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بزدل کے بارے میں بتا تا ہے اور کہتا ہے کہ جو لوگ ترقی کرنا نہیں جانتے وہ کنوئیں کے مینڈک بنے رہنے کو ترجیح دیتے ہیں آگے بڑھنا نہیں چاہتے۔ ایسے لوگ عاجزی کے ڈھونگ میں عظیم کام کرنے کا حوصلہ نہیں رکھتے۔ شاعر متنبی نے ایسے لوگوں کو کمینے کا خطاب دیا ہے یہ ان بزدل لوگوں کی کمینی طبیعت کا دھوکہ ہے جو اپنے آپ کو عاجز ثابت کرتے ہوئے عظیم کام کا خطرہ مول نہیں لیتے۔

وَكُلُّ شَجَاعَةٍ فِي الْمَرْءِ تُغْنِيْ
وَلَا مِثْلَ الشَّجَاعَةِ فِي الْحَكِيْمِ

ترجمہ:

ہر شجاعت (بہادری) انسان کو بے نیاز کر دیتی ہے جبکہ دانا شخص کی بہادری کو کوئی مثال نہیں

تشریح:

اس شعر میں متنبی بہادری کی خوبیاں بیان کر رہا ہے اور کہتا ہے کہ بہادر ہر شخص کے خوف سے بے نیاز ہو جاتا ہے کسی کے رعب و دبدبے میں نہیں آتا شاعر کہتا ہے کہ بہادر شخص کی ہر طرف واہ واہ ہوتی ہے مگر ایک شخص بہادر بھی ہو اور ساتھ ساتھ عقل مند بھی ہو تو وہ شخص بے مثال، بے نظیر ہو جاتا ہے کیونکہ عقل اور شجاعت خدا کی دو بڑی بڑی نعمتیں ہیں۔

وَكَمْ مِنْ عَائِبٍ قَوْلًا صَحِيْحًا
وَ آفَتُهُ مِنَ الْفَهْمِ السَّقِيْمِ

ترجمہ:

کتنے ہی لوگ ہیں جو صحیح بات پر عیب نکالتے ہیں اور اسکی وجہ انکی ناقص عقل ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بزدل لوگوں کے بارے میں بتاتا ہے جو خود تو عظیم کام کرنے کا حوصلہ نہیں رکھتے بلکہ عاجزی کی آڑ میں بزدل بنے بیٹھے رہتے ہیں بجائے عظیم کام کرنے کے دوسروں پر عیب نکالتے ہیں۔ انہیں برا بھلا کہتے ہیں ان لوگوں کی عقل ٹھیک نہیں ہوتی ناقص عقل کے باعث وہ دوسروں کی عیب جوئی کرتے ہیں یہ لوگ حسد کے جذبے سے بھرے ہوتے ہیں ان کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ جو کام وہ خود نہ کر پائیں دوسرے بھی اس تک نہ پہنچیں اگر وہ عظیم لوگ ایسا کام کر گزریں تو وہ

اس میں عیب نکالتے رہتے ہیں۔

ابوتمام جیب الطائی

شاعر کا تعارف:

ابوتمام کا پورا نام جیب بن اوس الطائی ہے ابوتمام گندمی رنگت، طویل القامت تھا رومی عیسائی تھا شام میں پیدا ہوا۔ دمشق میں جوان ہوا اور دمشق ہی میں اسلام قبول کیا عمرو بن العاص کی مسجد میں سقہ پانی پلانے کا کام کرتا رہا اس نے مدح (تعریف، قصیدہ) گوئی سے اپنی شاعری شروع کی پھر اس نے ہجو یہ شاعری (کسی کی برائی میں اشعار بیان کرنا) بھی کی ان کا کلام بہت شیریں اور فصیح تھا اسکو اپنے 14000 ہزار اشعار زبانی یاد تھے اسکے اشعار عربی شاعری کی مشہور کتاب ''حماسہ'' میں لکھے گئے ہیں یہ دور عباسی کا عظیم شاعر تھا ابوتمام حبیب الطائی نے کہا ہے۔

إِذَا جَارَيْتَ فِي خُلُقٍ دَنِيْئًا
فَأَنْتَ وَمَنْ تُجَارِيْهِ سَوَاءُ

ترجمہ:

جب تو اخلاق میں کسی گھٹیا شخص سے معاملہ کرے پس تو اور وہ شخص جس کے ساتھ تو ہے دونوں برابر ہیں۔

تشریح:

مشہور قول ہے کہ ''انسان اپنی صحبت سے پہچانا جاتا ہے''

اس شعر میں اسی قول کی وضاحت کی گئی ہے اور کہتا ہے کہ جب انسان کسی گھٹیا، حقیر النفس انسان سے دوستی کا تعلق استوار کرتا ہے اور اس سے مزید تعلقات بڑھاتا ہے اور لین دین کرتا ہے تو لوگ اس شخص کی وجہ سے اچھے انسان کو بھی برا ہی سمجھنے لگتے ہیں اس لیے شاعر ابوتمام نے موجودہ شعر میں انسانوں کو نصیحت کی ہے کہ برے لوگوں کی صحبت سے بچیں۔

رَأَيْتُ الْحُرَّ يَجْتَنِبُ الْمَخَازِيْ
وَيَحْمِيْهِ عَنِ الْغَدْرِ الْوَفَاءُ

ترجمہ:

میں نے آزاد آدمی کو دیکھا ہے کہ وہ ذلت سے بچتا ہے اور وفا دھوکہ دہی سے اس کی حفاظت کرتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر خود لوگوں سے مخاطب ہوتے ہوئے انہیں اپنے ذاتی تجربے سے آگاہ کرتا ہے شاعر کا مخاطب کرنے کا مقصد لوگوں کو اس شعر کی اہمیت کی طرف توجہ دلانا ہے شاعر ابو تمام کہتا ہے کہ میں نے خود آزاد آدمی کو دیکھا ہے کہ وہ جھوٹی بندشوں میں جکڑا نہیں ہوتا اور اس کو دیکھ کر میں (شاعر) اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ ذلت سے صرف وہی بچ سکتا ہے جو وفادار ہے اور وفاداری میں اسے ذلت سے بچاتی ہے اور اس کی حفاظت کرتی ہے۔

وَمَا مِنْ شِدَّةِ الْأَسَيَأْتِي
لَهَا مِنْ بَعْدِ شِدَّتِهَا رَخَاءُ

ترجمہ:

اور جو کوئی سختی آتی ہے تو جلد ہی اس کی شدت کے بعد نرمی بھی آجاتی ہے۔

تشریح:

آیت قرآنی ہے "میں ہر نفس کو اس کی برداشت کے مطابق تکلیف دیتا ہوں" اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ کس انسان کو تکلیف میں مبتلا کرنا ہے اور کسے مصروف عمل رکھنا ہے اللہ کا ہر کام مصلحت سے بھرا ہوتا ہے اللہ غیب کا علم جانتا ہے اللہ کا یہ قانون ہے کہ جسے بھی ایک وقت میں تکلیف دیتا ہے تو دوسرے وقت میں سکون بھی دیتا ہوں یہ اللہ کی مصلحت ہے کہ وہ خود جانتا ہے کہ کس وقت میں کس انسان کے ساتھ کیسا سلوک کرنا ہے مگر یہاں شاعر آسانی کی امید دلاتا ہے اور لوگوں کو مایوسی سے بچاتے ہوئے کہتا ہے کہ تکلیف کے بعد آسانی آتی ہے بالکل ایسے ہی جیسے ہر رات کے بعد دن کو طلوع ہونا ہوتا ہے۔

يَعِيشُ الْمَرْءُ مَا اسْتَحْيَا بِخَيْرٍ
وَيَبْقَى الْعُودُ مَا بَقِيَ اللِّحَاءُ

ترجمہ:

آدمی زندہ رہتا ہے جب تک حیا کے ساتھ رہے اور عود کی لکڑی باقی رہتی ہے جب تک اس کی چھال باقی رہتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر حیا کی تعریف بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ انسان اس وقت تک زندہ رہتا ہے اور زندگی گذارتا ہے جب تک اس میں حیا باقی رہتی ہے حیا ایک اخلاقی صفت ہے اور جس

چیز میں نہ ہو اسے بدصورت بنا دیتی ہے حیا ایک صفت ہے جس کے ذریعے انسان بہت سی برائیوں سے بچا رہتا ہے اگر انسان میں حیا نہ رہے تو وہ برائیوں کا ارتکاب کرتا ہے اخلاقی برائیاں کرتا ہے جھوٹ اور بہتان تراشی جیسی برائیوں میں مبتلا ہو جاتا ہے بے شرم انسان کسی بھی جرم کا ارتکاب کر سکتا ہے حتیٰ کہ بے حیا انسان قتل جیسے بڑے جرم کا بھی ارتکاب کر لیتا ہے، لیکن جس شخص میں ذرہ برابر بھی حیا ہو وہ نہ تو اپنے مسلمان بھائی سے جھوٹ بولتا ہے اور نہ اس کی غیبت کرتا ہے اور نہ اس کو قتل کرتا ہے اور جس شخص کو خدا سے حیا ہو وہ بندوں کے ساتھ نہ تو ناانصافی کرتا ہے اور نہ ہی انہیں دھوکہ دیتا ہے حیا کو اسلامی اخلاقیات میں بھی نمایاں مقام حاصل ہے حضور ﷺ کا ارشاد ہے

اَلْحَیَاءُ مِنَ الْاِیْمَانِ

"حیا ایمان سے ہے" اور حیا ایمان کا جزو ہے اگر کوئی شخص اپنے ایمان کا اقرار کرتا ہے تو مومن کہلاتا ہے اس میں دوسری خوبیوں کے ساتھ ساتھ حیا کا ہونا بھی ضروری ہے پھر ایک جگہ ارشاد ہوتا ہے۔

"ایمان کی ستر سے اوپر شاخیں ہیں حیا ان میں سے ایک ہے"

فَلَا وَ اللّٰہِ مَا فِی الْعَیْشِ خَیْرٌ
وَلَا الدُّنْیَا اِذَا ذَھَبَ الْحَیَاءُ

ترجمہ:

پس خدا کی قسم زندگی اور دنیا میں کوئی بھلائی نہیں جب حیا جاتی رہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر حیا کے فقدان سے پیدا ہونے والی برائیوں کا ذکر کرتا ہے اور کہتا ہے اگر انسان میں سے حیا کم ہو جائے اس شخص کے لیے نہ تو دنیا میں کوئی بھلائی ہے اور نہ ہی زندگی میں کوئی نفع ہے یعنی جب انسان بے حیا بن جاتا ہے تو وہ ہر کام اور ہر بے حیائی کا آزادانہ ارتکاب کرتا چلا جاتا ہے پھر نہ تو وہ اخلاقی حدود کا خیال رکھتا ہے اور نہ ہی سماجی قیود کا حضور ﷺ کا فرمان ہے۔

اِذْ فَاتَکَ الْحَیَاءَ فَافْعَلْ مَاشِئْتَ

"جب تجھ میں حیا ختم ہو جائے تو جو جی چاہے وہ کر"

یعنی جب انسان میں سے حیا ختم ہو جائے تو وہ ہر برا کام کرتا چلا جاتا ہے اور بے حیائی کے تمام کام جھوٹ، غیبت، بہتان، کفر، شرک کے گناہ کرتا ہے اور نہ صرف یہ برے کام کرتا ہے بلکہ نہایت بے باکانہ انداز میں ان کا اقرار بھی کرتا ہے جبکہ حیادار شخص لوگوں سے بھی حیا کرتا ہے اور اللہ

سے بھی حیا کرتا ہے اس طرح وہ بندے کے حقوق بھی ادا کرتا ہے اور اللہ کے حقوق بھی ادا کرتا ہے اس کے ساتھ حیا انسان کا زیور بھی ہے جو شخص حیا سے متصف ہوتا ہے دین اور دنیا میں سرفراز ہوتا ہے لوگوں میں بلند مقام اور مرتبہ پاتا ہے اور آخرت میں بھی سرخرو ہوتا ہے۔

ابوالاسود الدولی

شاعر کا تعارف:

ابوالاسود الدولی کو علم نحو (گرائمر) کا بانی تصور کیا جاتا ہے اس نے علم النحو (گرائمر) کے اصول وضع کیے اس نے بہت سے اشعار کہے اسکی شاعری حکمت سے بھرپور ہے فی البدیع (فوراً) اشعار کہتا تھا لوگ اسکی شاعری پر رشک کرتے ہیں

حَسَدُوا الْفَتٰى اِذْلَمْ يَنَالُوْا سَعْيَهٗ
فَالْقَوْمُ أَضْدَاءٌ لَهٗ وَخُصُوْمُ

ترجمہ:

لوگ نوجوان سے حسد کرتے ہیں جب اسکی جدوجہد کو نہیں پہنچ سکتے پس لوگ اس کے مخالف اور دشمن بن جاتے ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بیان کرتا ہے کہ لوگ کسی باصلاحیت نوجوان سے حسد کرتے ہیں۔ وہ شخص جو معاشرے میں ترقی کرتا ہے اور علم وحکمت کے موتی پاتا ہے اور بلند مرتبہ حاصل کر لیتا ہے تو لوگ اس سے حسد کرنا شروع ہو جاتے ہیں اور اسکے دشمن بن جاتے ہیں اور بھرپور کوشش کرتے ہیں کہ یہ مقام اور مرتبہ اس سے چھن جائے اور وہ معاشرے میں ذلیل ورسوا ہو جائے حاسد لوگ ان کے خلاف سازشیں کرتے ہیں اور انکو مقام ومرتبہ سے گرانے کی کوشش کرتے ہیں جب کوئی شخص یا کوئی نوجوان اپنی ہمت وکوشش سے نمایاں مقام حاصل کرتا ہے تو اسکے قریب لوگ بھی اس سے حسد کرنے لگتے ہیں جب وہ لوگ اس بلند مقام کو حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو وہ اس کی تعریف یا حوصلہ افزائی کے خلاف اس کے دشمن بن جاتے ہیں اور بھرپور کوشش کرتے ہیں یہ بلند مقام ومرتبہ یہ اونچی شان اور یہ عزت ناموس اور فخر اس سے چھن جاتے ان لوگوں کے اس رویے کو شاعر نے تیز دھار والی تلوار سے تشبیہ دی ہے جو کہ کاٹ دار ہوتی ہے اور ہر چیز کو کاٹ ڈالتی ہے اور پھر جلا دیتی ہے۔ حاسد اسی طرح بلند مقام ومرتبہ پانے والے شخص سے حسد کرتے ہیں اور ہر ممکن

طریقے سے آگے بڑھنے اور ترقی کرنے سے روکتے ہیں

وَتَرَى اللَّبِيبَ مُحَسَّدًا لَمْ يَجْتَرِمْ
شَتْمَ الرِّجَالِ وَعِرْضُهُ مَشْتُوْمُ

ترجمہ:

پس تو دیکھے گا کہ عقل مند آدمی پر حسد کیا جاتا ہے حالانکہ اس نے جرم نہیں کیا ہوتا لوگ اس کو گالی دیتے ہیں اور اسکی عزت داغدار کی جاتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بیان کرتا ہے کہ عقلمند آدمی سے بغیر کسی جرم سے حسد کیا جاتا ہے حالانکہ اس نے جرم نہیں کیا ہوتا اور اس کا جرم صرف یہی ہوتا ہے کہ وہ عقلمند اور ذہین ہوتا ہے اور اپنی ذہانت کے بل بوتے پر بلند مقام و مرتبہ اور عزت اور شہرت حاصل کرتا ہے مگر یہ عزت و شہرت اور مقام و مرتبہ سر بلندی اس کیلئے عذاب بن جاتی ہے معاشرے کے وہ افراد جو یہ بلند مقام و مرتبہ حاصل نہیں کر پاتے وہ اس سے حسد کرتے ہیں اس کے لیے سازشوں کا جال بچھاتے ہیں اور ہر ممکن طریقے سے اسے اس کے مقام سے گرانے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ وہ لوگوں کی نظروں سے گر جائے بدنام ہو جائے اور جب وہ اپنی ان کوششوں میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو وہ عقلمند و بلند مرتبہ شخص معاشرے میں اپنا وقار کھو بیٹھتا ہے اور تمام لوگ اسے برا سمجھتے ہیں اس کا مقام معاشرے میں گر جاتا ہے اور وہ بلا قصور و بلاوجہ لوگوں کی نظروں میں ذلیل و رسوا بن جاتا ہے۔

وَكَذَاكَ مَنْ عَظُمَتْ عَلَيْهِ نِعْمَةٌ
حُسَّادُهُ سَيْفٌ عَلَيْهِ صَرُوْمُ

ترجمہ:

اس طرح جس پر نعمت کثرت سے ہو اس کے حاسد اس کے لیے دہکتی ہوئی تلوار بن جاتے ہیں۔

تشریح:

حسد کا جذبہ انسان کی فطرت میں موجود ہوتا ہے زیادہ تر تو یہ جذبہ انسان میں دبا ہی رہتا ہے مگر جب حسد کا جذبہ سر پکڑنے لگتا ہے تو بہت برے اثرات پڑتے ہیں جب اللہ کسی پر اپنا فضل و کرم کرتا ہے لوگ اس سے حسد کرنے لگتے ہیں شاعر نے بُرے لوگوں کے حسد کی شدت کو ظاہر کرنے کے لیے دہکتی ہوئی تلوار کی مثال کا سہارا لیا ہے تلوار تو ویسے ہی کسی شخص کو ختم کرنے لیے کافی ہے

مگر جب یہ تیز دھار ہونے کے ساتھ دہکتی بھی ہو تو اس وقت اس کا وار بہت شدت سے لگے گا اس طرح حاسد اپنے دشمن (نیک انسان) کے لیے اس تلوار کی طرح بن جاتے ہیں جو نہ صرف کاٹتی ہے بلکہ جلا بھی دیتی ہے۔

لَاتَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَّ تَأْتِیَ مِثْلَهٗ
عَارٌ عَلَيْكَ اِذَا فَعَلْتَ عَظِيْمٌ

ترجمہ:

لوگوں کو ایسے کام سے کیوں روکتا ہے جو تو خود کرتا ہے ایسا کرے گا تو تیرے لیے بڑی شرم کی بات ہے

تشریح:

دنیا میں اگر کسی انسان کو نیکی کی طرف مائل کرنا ہو تو اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اسکے سامنے نیکی کا عملی نمونہ پیش کیا جائے انسانی فطرت کسی کے سمجھانے سے زیادہ عملی طور پر زیادہ سمجھتی ہے اس لیے لوگوں کو ایسے کام کرنے کو کہنا چاہیے جو وہ خود کرسکتا ہے اللہ تعالیٰ خود اپنے بندوں پر ان کی طاقت کے مطابق بوجھ ڈالتا ہے۔

ارشاد نبوی ہے "لوگوں کے لیے وہی پسند کرو جو اپنے لیے کرتے ہو اور دوسروں کو وہی کھلا دو جو تم خود کھانا پسند کرو گے۔"

انسان کے ظاہر اور باطن کا ایک ہونا ضروری ہے ورنہ انسان کے اندر تضاد پیدا ہو جائے گا۔ اس لیے دوسروں کو بھی وہی کام کہنا چاہیے جو انسان خود کرسکتا ہو۔ لیکن اگر ایسا ہو کہ "دوسروں کو نصیحت اور خود میاں فصیحت" تو خرابی پیدا ہوگی اور ایسا کرنے والے کے لیے بہت شرم کی بات ہوگی۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س 1۔ اِقْرَأْ أَبْيَاتَ زُهَيْرٍ مِنَ الدَّرْسِ ثُمَّ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ

سبق سے زھیر کے اشعار پڑھیں اور پھر درج ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

1۔ مَاذَا يَسْتَفِيْدُ مَنْ يَّجْعَلُ الْمَالَ مِنْ دُوْنِ عِرْضِهٖ؟

جو شخص اپنی عزت کے لئے مال خرچ کرتا ہے اس کو کیا فائدہ ہوتا ہے؟

مَنْ يَّجْعَلُ الْمَالَ مِنْ دُوْنِ عِرْضِهٖ يَفِرْهُ

۲۔ مَاذَا يَخْسَرُ الْاِنْسَانُ الَّذِيْ لَايَخَافُ الشَّتْمَ؟

جو شخص گالی سے نہیں بچتا اس کو کیا نقصان ہوتا ہے؟

هُوَ يُشْتَمُ

۳۔ مَنِ الَّذِيْ يَصِيرُ حَمْدُهٗ ذَمًّا عَلَيْهِ فَيَنْدَمُ عَلٰى ذٰلِكَ؟

کسی شخص کی تعریف اسکی مذمت بن جاتی ہے اور کون اس پر نادم ہوتا ہے؟

مَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ فِيْ غَيْرِ أَهْلِه۔

س2۔ اِقْرَأْ أَبْيَاتَ الْمُتَنَبِّىْءِ مِنَ الدَّرْسِ ثُمَّ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

سبق سے متنبی کے اشعار پڑھیں پھر نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ مَنْ يَرٰى أَنَّ الْعِجْزَ عَقْلٌ؟

کس کے خیال میں عاجزی عقل ہے۔

يَرَى الْجُبَنَاءُ أَنَّ الْعِجْزَ عَقْلٌ

۲۔ كَيْفَ يَخْدَعُ الْإِنْسَانَ طَبْعُهُ اللَّئِيْمُ؟

گھٹیا طبیعت انسان کو کیسے دھوکا دیتی ہے؟

تَقُوْلُ الطَّبْعُ اللَّئِيْمُ اَنَّ الْعِجْزَ عَقْلٌ

۳۔ مَاهِيَ آفَةُ مَنْ يَّعِيْبُ الْقَوْلَ الصَّحِيْحَ؟

صحیح بات میں عیب نکالنے والے کی مصیبت کیا ہے؟

آفَتُهٗ مِنَ الْفَهْمِ السَّقِيْمِ

س3۔ اِقْرَأْ أَبْيَاتَ الطَّائِيِّ وَافْهَمْهَا فَهْمًا جَيِّدًا ثُمَّ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِيْ

الطائی کے اشعار پڑھیں اور انھیں اچھی طرح سمجھیں اور پھر نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جواب دیں۔

۱۔ مَا الَّذِيْ يَجْتَنِبُ مِنْهُ الْإِنْسَانُ الْحُرُّ النَّبِيْلُ؟

شریف آدمی کس چیز سے بچتا ہے؟

هُوَ يَجْتَنِبُ الْمَخَازِيْ

۲۔ مَاذَا يَمْنَعُ الْحُرَّ مِنَ الْغَدْرِ؟

شریف آدمی کو بے وفائی سے کیا چیز روکتی ہے۔

يَحْمِيْهِ عَنِ الْغَدْرِ الْوَفَاءُ

۳۔ مَاذَا يَأْتِيْ بَعْدَ الشِّدَّةِ فِيْ حَيَاةِ الْإِنْسَانِ؟

انسان کی زندگی میں شدت کے بعد کیا آتا ہے؟

یَأْتِي بَعْدَ الشِّدَّةِ رَخَاءٌ

س4۔ اِقْرَأْ أَبْيَاتَ الدُّؤَلِيِّ ثُمَّ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِي:

الدولی کے اشعار پڑھیں پھر نیچے دیئے ہوئے سوالوں کے جوابات دیں۔

۱۔ مَتٰى يَحْسُدُ النَّاسُ الْفَتٰى؟

نوجوان پر لوگ کب حسد کرتے ہیں؟

إِذْ لَمْ يَنَالُوا سَعْيَهُ

۲۔ مَاذَا يَفْعَلُ الْحَاسِدُوْنَ بِالْإِنْسَانِ اللَّبِيْبِ؟

عقلمند انسان کے ساتھ حاسد کیا کرتے ہیں؟

يَشْتُمُوْنَ عِرْضَهُ

۳۔ هَلْ يَحْسُدُ النَّاسُ مَنْ يُنْعِمُ اللّٰهُ عَلَيْهِ؟

کیا جس پر اللہ کی نعمتیں ہوں لوگ اس سے حسد کرتے ہیں؟

نَعَمْ

س5۔ هَاتِ الْمَاضِيَ لِمَا يَأْتِي مِنَ الْأَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ:

نیچے دیئے ہوئے افعال مضارع کے ماضی بتائیں۔

مضارع	ماضی	مضارع	ماضی
يَشْتِمُ	شَتَمَ	يَنْدَمُ	نَدَمَ
يَقْنَعُ	قَنِعَ	يَرٰى	رَأٰى
يَتَّقِيْ	اِتَّقٰى	يُجَارِيْ	جَارٰى
يَحْمِيْ	حَمٰى	يَعِيْشُ	عَاشَ

س-6 اِسْتَخْدِمِ الْمُفْرَدَاتِ التَّالِيَةَ فِيْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ:

نیچے دیئے ہوئے الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

الفاظ	معنی	جملے
۱۔ مَعْرُوْفٌ	نیکی	اِجْعَلُوا الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِكُمْ۔ اپنی عزت کی خاطر مال خرچ کرو۔

٢۔ مُعْجِبٌ	پسندیدہ	اَلصَّامِتُ مُعْجِبٌ خاموش آدمی اچھا لگتا ہے۔
٣۔ عِرْضٌ	عزت	اِجْعَلُوا الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِكُمْ اپنی عزت کے لئے مال خرچ کرو۔
٤۔ كَائِنْ	کتنے ہیں	كَائِنْ تَرٰى مِنْ صَامِتٍ لَّكَ مُعْجِبٍ کتنے ہی خاموش لوگ تجھے پسند آئیں گے۔
٥۔ حَمْدٌ	تعریف	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تعریف اللہ کے لئے ہے۔
٦۔ ذَمٌّ	مذمت	اَلذَّمُّ مَمْنُوْعٌ مذمت سے منع کیا گیا ہے۔
٧۔ طَعْمٌ	ذائقہ	طَعْمُ الْمَوْتِ مَرِيْرٌ موت کا ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔
٨۔ رَخَاءٌ	نرمی	سَيَأْتِيْ بَعْدَ الشِّدَّةِ رَخَاءٌ سختی کے بعد جلد ہی آسانی آجاتی ہے۔

س7۔ خُذْ خَمْسَةً مِنَ الْمُفْرَدَاتِ وَهَاتِ أَسْمَاءَ الْجَمْعِ لَهَا مِنَ الْقِطْعَةِ الشِّعْرِيَّةِ الْأُوْلٰى۔

پہلے بند سے پانچ مفرد لیں اور اس کی جمع بنائیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
عِرْضٌ	أَعْرَاضٌ	صَامِتٌ	صَامِتُوْنَ
فُؤَادٌ	إِفْئِدَةٌ	غَيْرٌ	اَغْيَارٌ
مُعْجَبٌ	مُعْجَبُوْنَ		

س8۔ هٰذِهٖ أَسْمَاءٌ مُفْرَدَةٌ اِبْحَثْ عَنِ الْجُمُوْعِ لَهَا فِى الْقِطْعَتَيْنِ الثَّانِيَةِ وَالثَّالِثَةِ:

یہ اسم مفرد ہیں۔ دوسرے اور تیسرے بند سے ان کی جمع تلاش کرو۔

مفرد	جمع
نَجْمٌ	نُجُوْمٌ
جُبَانٌ	جُبَنَاءُ
مَخْزَاۃٌ	مَخَازِیْ

س9۔ تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّۃِ:

عربی ترجمہ کرو۔

۱۔ عزت کی خاطر دولت خرچ کرو۔

اِجْعَلُوا الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِکُمْ۔

۲۔ نااہل سے نیکی مت کرو۔

لَا تَجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ فِیْ غَیْرِ اَھْلِہٖ۔

۳۔ خاموش آدمی اچھا لگتا ہے۔

اَلصَّامِتُ مُعْجَبٌ

۴۔ کسی معزز مقصد کے لئے خطرہ مول لو۔

غَامِرُوْا فِیْ شَرَفٍ مَرُوْمٍ۔

۵۔ بہادری ہر آدمی کو فائدہ دیتی ہے۔

اَلشَّجَاعَۃُ تُغْنِیْ کُلَّ الْمَرْءِ۔

۶۔ گھٹیا آدمی کی قربت مت اختیار کرو۔

لَا تَقْرَبُوا الدَّنِیْءَ۔

......☆......

اَلدَّرسُ الثَّانِيْ وَالثَّلَاثُوْنَ: (بتیسواں سبق)

ہماراوطن (۵)

اَلْمُجْتَمَعُ الْبَاكِسْتَانِيُّ

پاکستانی معاشرہ

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ عَالِمٌ	عالم، سائنسدان	۲۔ يُحِبُّ	وہ محبت کرتا ہے
۳۔ خِلَالَ	آمد۔ دوران	۳۔ زِيَارَةٌ	سیر
۵۔ نَزَلَ	وہ ٹھہرا	٦۔ صَدِيْقٌ	دوست
۷۔ جَلَسَا	وہ دونوں بیٹھے	۸۔ يَتَحَدَّثَانِ	وہ دونوں باتیں کرتے ہیں
۹۔ يَشْرَبَانِ	وہ دونوں پیتے ہیں	۱۰۔ اَلشَّايُ	چائے
۱۱۔ مَسَاءً	شام	۱۲۔ يُخَاطِبُ	وہ مخاطب ہوتا ہے
۱۳۔ أُرِيْدُ	میں چاہتا ہوں	۱٤۔ أَسَالُكَ	میں تجھ سے سوال کروں
۱۵۔ تَقَالِيْدُ	رواج	۱٦۔ مُجْتَمِعٌ	معاشرہ
۱۷۔ تَفَضَّلْ	تشریف رکھیے	۱۸۔ سَلْ	پوچھو
۱۹۔ بَدَالَ	وہ چاہے	۲۰۔ اَتَمُّ	مکمل
۲۱۔ اِسْتِعْدَادُ	تیاری	۲۲۔ أَرُدُّ	میں جواب دوں گا
۲۳۔ عَدَدٌ	تعداد	۲٤۔ سُكَّانٌ	باشندے
۲۵۔ اَلْوَقْتُ الْحَاضِرُ	موجودہ وقت	۲٦۔ اَلْاِحْصَاءُ	مردم شماری، شماریات
۲۷۔ أُجْرِيَ	جاری کی گئی	۲۸۔ تَجَاوُزٌ	تجاوز کرنا۔ بڑھنا

۲۹_ مُسْتَمِرٌّ	مسلسل۔لگاتار	۳۰_ سَرِيْعٌ	تیز رفتاری
۳۱_ يَهْتَمُّوْنَ	اہمیت دیتے ہیں	۳۲_ بِدِيْنِهِمْ	ان کا دین
۳۳_ يَتَحَمَّسُوْنَ	جوش رکھتے ہیں	۳۴_ يُطَبِّقُوْنَ	وہ مطابقت کرتے ہیں
۳۵_ أَقَامُوْا	انھوں نے قائم کیا	۳۶_ مُسْتَقِلَّةٌ	آزاد
۳۷_ يَعِيْشُوْا	وہ زندگی گزاریں	۳۸_ ظِلٌّ	سایہ
۳۹_ اَلتَّقَارِيْرُ	رپورٹیں	٤٠_ أَهْمَلُوْا	انھوں نے بھلادیا
٤١_ تَخَلَّفُوْا	وہ پیچھے رہ گئے ہیں	٤٢_ كَافَّةٌ	تمام
٤٣_ مَجَالَاتٌ	میدان	٤٤_ يَهْتَمُّوْنَ	وہ اہمیت دیتے ہیں
٤٥_ قَرَابَةٌ	رشتے داری	٤٦_ دَمَوِيَّةٌ	خونی
٤٧_ خِطْبَةٌ	منگنی	٤٨_ اَلْمُثَقَّفُوْنَ	تہذیب یافتہ
٤٩_ مُتَخَلِّفِيْنَ	پسماندہ (جمع)	٥٠_ اَلْقُرَوِيِّيْنَ	دیہاتی لوگ (جمع)
٥١_ اَلْإِجْرَاءَاتُ	کاروائیاں	٥٢_ اَلتَّقْلِيْدِيَّةُ	روایتی
٥٣_ اَلْعَرِيْسُ	دولہا	٥٤_ اَلْعُرُوْسَ	دلہن
٥٥_ أُسْرَةٌ	خاندان	٥٦_ عَقْدُ الزَّوَاجِ	شادی کی گرہ، نکاح
٥٧_ لَازِمَةٌ	ضروری	٥٨_ يُهْدِيْنَ	وہ دے دیتی ہیں
٥٩_ لِتَخْضِبَ	تاکہ رنگ لے	٦٠_ كَفَّيِ	ہتھیلیاں

اردو ترجمہ

عَبْدُ اللّٰهِ يَحْيٰ عَالِمٌ سَعُوْدِيٌّ يُحِبُّ بَاكِسْتَانَ وَيُكْثِرُ مِنْ زِيَارَتِهَا وَخِلَالَ زِيَارَةِ الْأَخِيْرَةِ نَزَلَ ضَيْفًا عِنْدَ صَدِيْقِهِ الْبَاكِسْتَانِيِّ خَالِدٍ فَجَلَسَا يَتَحَدَّثَانِ وَيَشْرَبَانِ الشَّايَ مَسَاءَ يَوْمٍ فِيْ مَنْزِلِ خَالِدٍ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَهُوَ يُخَاطِبُ صَدِيْقَهُ خَالِدًا۔

عبداللہ یحیٰ ایک سعودی عالم ہیں۔ جو پاکستان سے محبت رکھتے ہیں۔ اور اکثر اس کی سیر کو آتے ہیں۔ اپنی تازہ ترین سیر کے دوران وہ اپنے ایک پاکستانی دوست خالد کے پاس مہمان کے طور

پر ٹھہرا۔ پس وہ دونوں ایک دن خالد کے گھر شام کے وقت بیٹھے باتیں کر رہے تھے اور چائے پی رہے تھے۔ پس عبداللہ نے اپنے دوست خالد سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا۔

عَبْدُاللّٰهِ: أُرِيْدُ أَنْ أَسْأَلَكَ اَشْيَاءَ عَنْ تَقَالِيْدِ الْمُجْتَمَعِ الْبَاكِسْتَانِيِّ وَعَادَاتِهٖ يَاخَالِدُ، إِذَا سَمَحْتَ؟

عبداللہ: میں آپ سے پاکستانی معاشرے کے رسم و رواج کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں۔ اگر آپ اجازت دیں؟

خَالِدٌ: تَفَضَّلْ يَا صَدِيْقِيَ الْكَرِيْمَ! وَسَلْ مَابَدَالَكَ فَأَنَا عَلٰى أَتَمِّ اسْتِعْدَادٍ أَرُدَّ عَلٰى أَسْئِلَتِكَ إِذَ اسْتَطَعْتُ

خالد: اے میرے محترم دوست تشریف رکھیے اور جو چاہیں پوچھیں پس میں آپ کے سوال کے جواب کے لئے حسب استطاعت مکمل تیار ہوں۔

عَبْدُاللّٰهِ: طَيِّبٌ، مَاهُوَ عَدَدُسُكَّانِ بَاكِسْتَانِ فِي الْوَقْتِ الْحَاضِرِ

عبداللہ: خوب! پاکستان کے باشندوں کی اس وقت کیا تعداد ہے؟

خَالِدٌ: يَقُوْلُ الْإِحْصَاءُ الْأَخِيْرُ الَّذِيْ أُجْرِيَ قَبْلَ سَنَوَاتٍ بِأَنَّ عَدَدَسُكَّانِهَا قَدْ تَجَاوَزَ ثَمَانِيْنَ مِلْيُوْنِ نَسَمَةٍ وَيَرٰى خُبَرَاءُ الْإِحْصَاءِ الْآنَ بِأَنَّ الْعَدَدَ قَدْ تَجَاوَزَ مِائَةَ مِلْيُوْنَ نَسَمَةٍ۔

خالد: تازہ ترین مردم شماری کے مطابق جو چند سال پہلے ہوئی اس کے باشندوں کی تعداد تقریباً 80 ملین سے تجاوز کر گئی ہے۔ شماریات کے ماہرین کی رائے کے مطابق اب تعداد تقریباً 100 ملین سے بڑھ چکی ہے۔

عَبْدُاللّٰهِ: وَيَعْنِيْ، ذٰلِكَ أَنَّ عَدَدَ السُّكَّانِ فِي ازْدِيَادٍ مُسْتَمِرٍّ سَرِيْعٍ۔

عبداللہ: اس کا مطلب ہے کہ باشندوں کی تعداد مسلسل تیزی سے بڑھ رہی ہے۔

خَالِدٌ: نَعَمْ، وَهٰذَا مِمَّالَا شَكَّ فِيْهِ۔

خالد: جی ہاں اور اس میں کوئی شک نہیں

عَبْدُاللّٰهِ: وَهَلِ الْمُسْلِمُوْنَ يَهْتَمُّوْنَ بِدِيْنِهِمْ وَيَتَحَمَّسُوْنَ لَهٗ وَيُطَبِّقُوْنَهٗ فِيْ حَيَاتِهِمِ الْعَمَلِيَّةِ؟

عبداللہ: کیا مسلمان اپنے دین کو اہمیت دیتے ہیں اور اس کے لئے جوش و خروش دکھاتے ہیں اور اپنی عملی زندگیوں میں اس کی پیروی کرتے ہیں۔

خَالِدُ: نَعَمْ، وَلِمَ لَا، فَقَدْ أَقَامُوْا دَوْلَةً إِسْلَامِيَّةً مُسْتَقِلَّةً لَهُمْ لِيَعِيْشُوْا فِيْ ظِلِّهَا أَحْرَارًا فِيْ عَقِيْدَتِهِمْ وَعِبَادَتِهِمْ وَثَقَافَتِهِمْ وَيُطَبِّقُوْا الشَّرِيْعَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ السَّمْحَاءَ تَطْبِيْقًا صَحِيْحًا۔

خالد: جی ہاں کیوں نہیں۔ مسلمانوں نے اپنے لئے ایک آزاد اسلامی ملک اس لیے قائم کیا تاکہ اس کے سایے میں اپنے عقیدے، عبادت اور ثقافت کے مطابق آزادانہ زندگی گزار سکیں اور شریعت اسلامیہ کی ٹھیک ٹھیک مکمل پیروی کرسکیں۔

عَبْدُاللّٰهِ: مَانِسْبَةُ مَعْرِفَةِ الْقِرَاءَةِ وَالْكِتَابَةِ فِيْ بَاكِسْتَانَ؟

عبداللہ: پاکستان میں پڑھنے لکھنے کی شرح کیا ہے؟

خَالِدُ: بَاكِسْتَانُ لَاتَزَالُ تُعْتَبَرُ مِنَ الدُّوَلِ الْمُتَخَلِّفَةِ فِيْ هٰذَا الْمَجَالِ فَإِنَّ التَّقَارِيْرَ الْأَخِيْرَةَ تَقُوْلُ بِأَنَّ نِسْبَةَ الْمَعْرِفَةِ لَا تَزِيْدُ مِنَ الثَّلَاثِيْنَ فِي الْمِائَةِ مَعَ الْأَسَفِ الشَّدِيْدِ۔

خالد: پاکستان مسلسل اس میدان میں پسماندہ شمار کیا جاتا رہا ہے۔ پس تازہ ترین رپورٹوں کے مطابق پڑھنے لکھنے کی شرح افسوس کے ساتھ 30% سے زیادہ نہیں ہے۔

عَبْدُ اللّٰهِ: هٰذَا قَلِيْلٌ جِدًّا! وَالْإِسْلَامُ دِيْنُ الْعِلْمِ وَالْحَضَارَةِ وَالتَّقَدُّمِ......

عبداللہ: یہ تو بہت کم ہے۔ اسلام تو علم، تہذیب وتمدن اور آگے بڑھنے کا دین ہے۔

خَالِدُ: نَعَمْ يَا أَخِيْ! وَلٰكِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ قَدْ أَهْمَلُوْا تَعَالِيْمَ نَبِيِّهِمْ فَتَخَلَّفُوْا فِيْ كَافَّةِ الْمَجَالَاتِ مِنَ الْحَيَاةِ۔

خالد: جی ہاں اے میرے بھائی! لیکن مسلمانوں نے اپنے نبی کی تعلیمات کو بھلا دیا ہے۔ پس وہ زندگی کے تمام میدانوں میں پیچھے رہ گئے ہیں۔

عَبْدُ اللّٰهِ: وَأَخِيْرًا۔ لَا آخِرًا۔ كَلِمَةٌ عَنْ تَقَالِيْدِ الزَّوَاجِ فِيْ بَاكِسْتَانَ، هَلِ النَّاسُ يَهْتَمُّوْنَ كَثِيْرًا بِالْقَرَابَةِ الدَّمَوِيَّةِ أَوِ الْعَصَبِيَّةِ الْقَبَلِيَّةِ فِيْ أَمْرِ الْخِطْبَةِ وَالزَّوَاجِ؟

عبداللہ: آخر میں نہ کہ آخری بات پاکستان میں شادی کے رسم ورواج کے بارے میں کیا لوگ منگنی اور نکاح کے معاملے میں اپنے خونی رشتوں کو اہمیت دیتے ہیں یا قبائلی عصبیت کو۔

خَالِدُ: أَمَّا الْمُثَقَّفُوْنَ فَلَمْ يَعُوْدُوْا يَهْتَمُّوْنَ كَثِيْرًا بِذٰلِكَ إِلَّا أَنَّ

الْمُتَخَلِّفِيْنَ وَالْقَرَوِيِّيْنَ مِنَّا لَايَزَالُوْنَ التَّقَالِيْدَ الْقَدِيْمَةَ۔

خالد: جہاں تک تہذیب یافتہ لوگوں کا تعلق ہے تو وہ اس بات کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے ہیں۔ مگر ہم میں سے پسماندہ اور دیہاتی لوگ مسلسل ان قدیم رواجوں کی پیروی کر رہے ہیں۔

عَبْدُاللّٰہِ: وَمَا هِيَ الْإِجْرَاءَاتُ التَّقْلِيْدِيَّةُ الَّتِيْ تَتِمُّ عِنْدَ الزَّوَاجِ فِيْ بَيْتِ الْعَرِيْسِ وَالْعَرُوْسِ؟

عبداللہ: وہ کونسی رسمی کاروائیاں ہیں جو دلہا اور دلہن کے گھر شادی کے موقع پر پوری ہوتی ہیں۔

خَالِدُ: مِنْ تَقَالِيْدِ الزَّوَاجِ عِنْدَ نَا أَنَّ النِّسْوَةَ مِنْ أُسْرَةِ الْعَرِيْسِ يَزُرْنَ بَيْتَ الْعَرُوْسِ فِي اللَّيْلَةِ الَّتِيْ قَبْلَ لَيْلَةِ عَقْدِ الزَّوَاجِ وَمَعَهُنَّ مِقْدَارٌ مِنَ الْحِنَّاءِ وَالْأَشْيَاءِ اللَّازِمَةِ الْأُخْرىٰ فَيُهْدِيْنَهَا إِلَى الْعُرُوْسِ لِتَخْضِبَ بِهَا كَفَّيْهَا وَأَنَامِلَهَا ثُمَّ يَخْرُجُ الْعَرِيْسُ فِيْ مُوْكِبٍ مِنْ أَقَارِبِهٖ وَاصْدِقَاءِ رِجَالًا وَنِسَاءً اَوْهُوَ عَلٰى ظَهْرِ الْفَرَسِ أَوْفِي السَّيَّارَةِ إِلٰى بَيْتِ الْعَرُوْسِ حَيْثُ يَسْتَقْبِلُهُمْ أَهْلُهَا فَيَتِمُّ عَقْدُ الزَّوَاجِ ثُمَّ يُقَدِّمُوْنَ لَهُمُ الطَّعَامَ ثُمَّ يُوَدِّعُوْنَ الْعَرُوْسَ وَيَكُوْنَ مَوْقِفًا حَزِيْنًا حَيْثُ يَبْكِيْ أَهْلُهَا وَصَدِيْقَاتُهَا عَلٰى فِرَاقِهَا۔

خالد: ہمارے ہاں شادی کے رسم ورواج میں سے ہے کہ نکاح کی رات سے ایک رات قبل دلہا کے گھر کی عورتیں دلہن کے گھر جاتی ہیں اور انکے پاس مہندی کی کچھ مقدار اور دوسری ضروری اشیاء ہوتی ہیں۔ پس وہ اسے دلہن کو دے دیتی ہیں۔ تاکہ اس کے ذریعے اپنی ہتھیلیوں اور انگلیوں کو رنگ لے پھر دلہا عورتوں اور مردوں پر مشتمل جلوس میں گھوڑے کی پشت پر بیٹھ کر یا کار میں سوار ہو کر دلہن کے گھر جاتا ہے۔ جہاں دلہن کے گھر والے اس کا استقبال کرتے ہیں۔ پھر نکاح کی رسم ہوتی ہے پھر انھیں کھانا پیش کیا جاتا ہے۔ پھر دلہن کو الوداع کیا جاتا ہے اور یہ موقع پر بڑا غمناک ہوتا ہے۔ جبکہ دلہن کے گھر والے اور اس کی سہیلیاں اس کی جدائی پر روتی ہیں۔

عَبْدُاللّٰہِ: غَرِيْبٌ جِدًّا! مَالِلْحُزْنِ وَمُنَاسَبَةِ الْفَرَحِ وَالسُّرُوْرِ؟

عبداللہ: بہت عجیب بات ہے۔ خوشی ومسرت کے موقع پر غم کی کیا بات؟

خَالِدُ: هٰكَذَا التَّقَالِيدُ عِنْدَ نَا وَأَرَاهَا نَتِيجَةَ التَّأْثِيرِ الْهِنْدُوكِيِّ فِي الْمُجْتَمَعِ الْبَاكِسْتَانِيِّ مُنْذُ الْقَدِيمِ۔

خالد: ہمارے ہاں کے رسم و رواج اسی طرح کے ہیں۔ اور میرا خیال ہے کہ یہ پاکستانی معاشرے پر ہندوؤں کے قدیم زمانے سے موجود اثر کا نتیجہ ہے۔

عَبْدُ اللّٰهِ: شُكْرًا يَا خَالِدُ! وَقَدْ حَانَ وَقْتُ أَذَانِ الْمَغْرِبِ

عبداللہ: شکریہ اے خالد! مغرب کی اذان کا وقت ہو گیا ہے۔

خَالِدُ: هَيَّا بِنَا إِلَى الْمَسْجِدِ لِنُصَلِّيَ مَعَ الْجَمَاعَةِ۔

خالد: میرے ساتھ آؤ مسجد کی طرف چلیں اور باجماعت نماز ادا کریں۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

۱۔ أَيْنَ جَلَسَ الصَّدِيقَانِ لِلْحَدِيثِ وَالشَّايِ؟

دونوں دوست باتوں اور چائے کے لئے کہاں بیٹھے تھے؟

جَلَسَ الصَّدِيقَانِ فِي مَنْزِلِ خَالِدٍ

۲۔ مَاذَا يَرَى الْخُبَرَاءُ عَنْ عَدَدِ سُكَّانِ بَاكِسْتَانَ الْآنَ؟

اس وقت پاکستان کی آبادی ماہرین کی رائے کے مطابق کیا ہے؟

قَدْ تَجَاوَزَ مِائَةَ مِلْيُونِ نَسَمَةٍ۔

۳۔ لِمَاذَا أَنْشَأَ الْمُسْلِمُونَ دَوْلَةً مُسْتَقِلَّةً لَهُمْ؟

مسلمانوں نے اپنے لیے ایک آزاد ملک کیوں قائم کیا تھا؟

لِيَعِيشُوا فِي ظِلِّهَا أَحْرَارًا فِي عَقِيدَتِهِمْ وَعِبَادَتِهِمْ وَثَقَافَتِهِمْ وَيُطَبِّقُوا الشَّرِيعَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ۔

س2۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ۔

نیچے دیئے ہوئے جملوں کے اعراب لگائیں۔

۱۔ مَنْ يُرَافِقُ الْعَرِيسَ فِي الْمَوْكِبِ يَوْمَ الزَّوَاجِ؟

۲۔ مَا الَّذِي اسْتَغْرَبَهُ عَبْدُاللّٰهِ يَحْيَى مِنْ تَصَرُّفِ أَهْلِ الْعَرِيسِ؟

۳۔ إِنَّ بَاكِسْتَانَ تُعْتَبَرُ دَوْلَةً مُتَخَلِّفَةً فِي مَجَالِ الْمَعْرِفَةِ

س3۔ صَحِّحْ مَايَأْتِي مِنَ الْجُمَلِ:
نیچے دیئے ہوئے جملوں کو درست کریں۔

۱۔ مَاهُوَ الْعَدَدُ السُّكَّانِ بَاكِسْتَانَ الْآنَ؟
مَاهُوَ عَدَدُ سُكَّانِ بَاكِسْتَانَ الْآنَ۔

۲۔ اِنَّ عَدَدُ السُّكَّانِ قَدْ تَجَاوَزَتْ ثَمَانُوْنَ مِلْيُوْنَ نَسَمَةٌ۔
اِنَّ الْعَدَدَ سُكَّانِ قَدْ تَجَاوَزَ ثَمَانِيْنَ مِلْيُوْنَ نَسَمَةٍ۔

۳۔ اَلْعَرِيْسُ تَخْرُجُ فِيْ مَوْكِبٍ مِنَ الْبَيْتِهِ۔
اَلْعَرِيْسُ يَخْرُجُ فِيْ مَوْكِبٍ مِن بَيْتِهِ۔

س4۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْكَلِمَاتِ فِيْ كُلِّ سَطْرٍ مِمَّا يَلِيْ۔
دس جملے لکھیں جو اس موضوع پر ہوں۔ "ہوسکتا ہے کہ استاد رسول ہو"

شَأْنُ الْمُعَلِّمِ كَمَثَلِ شَأْنِ الرَّسُوْلِ الْمُعَلِّمُ يُعَلِّمُ تَلَامِيْذَهُ كَمَا يُعَلِّمُ الرَّسُوْلُ اَصْحَابَهُ وَكَيْفِيَّةُ الْمُعَلِّمِ كَكَيْفِيَّةِ الشَّمْسِ يُشْرِقُ الْمُعَلِّمُ وَيُنَوِّرُ النَّاسِ اَىْ تَلَامِيْذَهُ كَمَا يُشْرِقُ الشَّمْسُ وَتُنَوِّرُ النَّاسَ۔

يَبْذُلُ الْمُعَلِّمُ جُهْدَهُ تَمَامًا وَكَامِلًا فِىْ اِصْلَاحِ اَحْوَالِ تَلَامِيْذِهِ وَاِصْلَاحِ نُطْقِهِمْ وَرِعَايَةِ اَلْفَاظِهِمْ۔ اَلْمُعَلِّمُ لَايَتَسَاهَلُ فِىْ تَرْبِيَةِ اَخْلَاقِيَةٍ وَتَرْبِيَةٍ لِدِيْنِيَةٍ۔ وَبِالْجُمْلَةِ فَالْمُعَلِّمُ هُوَ وَسِيْلَةُ نَجَاحِ التَّلَامِيْذَةِ وَبِعَنَايَةِ الْمُعَلِّمِ وَصِدْقِ رَغْبَتِهٖ

وَاخْلَاصِ نِيَّتِهِ فِي التَّعْلِيمِ يَأْتُونَ الطُّلَابُ بِالْغَرَائِبِ مِنَ الْمَعْقُولَاتِ وَلِهٰذَا وَجَبُ اَنْ يَحْتَرِمُوْنَهُ اِحْتِرَامًا۔

س2۔ اِحْفَظِ الْبَيْتَيْنِ الْأَوَّلَ وَالْأَخِيْرَ مِنَ الْقِطْعَةِ الشِّعْرِيَّةِ وَاكْتُبْهُمَا بِخَطٍّ جَمِيْلٍ

پہلے اور آخری دو اشعار نظم میں سے یاد کریں اور انھیں خوشخطی سے تحریر کریں۔

طلبہ خود یاد کریں۔

س3۔ اِحْفَظْ ثَلَاثَةَ أَبْيَاتٍ مِنَ الْقِطْعَةِ الشِّعْرِيَّةِ وَاكْتُبْهَا بِخَطٍّ جَيِّدٍ فِيْ مُذَكِّرَتِكَ۔

تین اشعار یاد کریں اور انھیں خوشخطی سے تحریر کریں۔

طلبہ خود یاد کریں۔

س4۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ۔

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ مَنِ الَّذِيْ يَبْنِيْ وَيُنْشِئُ الْأَنْفُسَ وَالْعُقُوْلَ الْبَشَرِيَّةَ۔

کون عقلوں کی تعمیر اور نشو ونما کرتا ہے؟

اَللّٰهُ يَبْنِيْ وَيُنْشِئُ الْأُنْفُسَ وَالْعُقُوْلَ الْبَشَرِيَّةَ۔

۲۔ مَنِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْعَقْلَ الْبَشَرِيَّ مِنَ الظُّلُمَاتِ وَيَهْدِيْهِ اِلَى النُّوْرِ؟

کون عقل انسانی کو تاریکیوں سے نکال کر ہدایت کی طرف رہنمائی کرتا ہے؟

اَللّٰهُ يُخْرِجُ الْعَقْلَ الْبَشَرِيَّ

۳۔ مَنْ هُوَ ابْنُ الْبَتُوْلِ وَمَاذَا كَانَ يُعَلِّمُ النَّاسَ؟

ابن بتول کون تھے اور انھوں نے انسانوں کو کیا سکھایا؟

اِبْنُ الْبَتُوْلُ هُوَ عِيْسٰى ابْنَ مَرْيَمْ وَ كَانَ يُعَلِّمُ الْإِنْجِيلَا النَّاس

٤۔ مَاذَا تَكُوْنُ النَّتِيْجَةُ اِذَا نَشَأَتِ النِّسَاءُ فِيْ اُمِّيَّةٍ

اگر عورتیں جہالت میں پروان چڑھیں گی تو اس کا کیا نتیجہ ہوگا؟

تَكُوْنُ الْاُمَّةُ خَامِلَةً

س5۔ خُذْ عَشَرَةً مِّنْ اَسْمَاءِ الْجَمْعِ مِنَ الدَّرْسِ وَحَوِّلْهَا إِلَى الْمُفْرَدِ

سبق سے دس اسم جمع لیں اور ان کو مفرد میں بدلیں۔

جمع	واحد	جمع	واحد
۱۔ عُیُوْنٌ	عَیْنٌ	۲۔ أَنْفُسٌ	نَفْسٌ
۳۔ ظُلُمَاتٌ	ظُلْمَةٌ	٤۔ قُرُوْنٌ	قَرْنٌ
۵۔ بَصَائِرُ	بَصِیْرَةٌ	٦۔ اَخْلَاقٌ	خُلُقٌ
۷۔ حَوَلٌ	اَحْوَلُ	۸۔ عُقُوْلٌ	عَقْلٌ
۹۔ نِسَآءٌ	اِمْرَاَةٌ	۱۰۔ شَبَابٌ	شَابٌّ

س 6۔ هَاتِ الْمَاضِیَ لِمَا یَأْتِیْ مِنَ الْأَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ

درج ذیل مضارع افعال کی ماضی بناؤ۔

مضارع	ماضی	مضارع	ماضی
یَبْنِیْ	بَنٰی	یُنْشِئُ	اَنْشَأَ
یَرْثِیْ	رَثَتْ	یَسْتَغِیْثُ	اِسْتِغَاثَ
یَهْتَزُّ	اِهْتَزَّ	یَذُوْبُ	ذَابَ
یَغُرُّ	غَرَّ		

س 7۔ اِسْتَخْدِمِ الْمُفْرَدَاتِ التَّالِیَةَ فِیْ جُمَلٍ مُّفِیْدَةٍ

درج ذیل مفردات کو جملوں میں استعمال کریں۔

مفردات	جملے
۱۔ اَلتَّبْجِیْلُ	قُمْ لِلْمُعَلِّمِ وَفِّهِ التَّبْجِیْلَا مسلم کے لئے کھڑے ہو جاؤ اور اس کو پوری پوری عزت دو۔

٢۔ وَفِّ	قُمْ لِلْمُعَلِّمِ وَفِّهِ التَّبْجِيْلَا مسلم کے لئے کھڑے ہو جاؤ اور اس کو پوری پوری عزت دو۔
٣۔ كَادَ	كَادَ الْمُعَلِّمِ أَنْ يَّكُوْنَ رَسُوْلَا ہوسکتا ہے کہ معلم کا پیغمبرانہ کام ہو۔
٤۔ ضَئِيْلٌ	فِي الْفَصْلِكَ نُوْرٌ ضَئِيلٌ کمرے میں کم روشنی ہے۔
٥۔ لَحْظٌ	حَامِدٌ ذَاسُوءُ اللَّحْظِ حامد بُری نظر والا ہے۔
٦۔ عَوِيْلٌ	أَقِمْ عَلَيْهِمْ مَأْتَمًا وَّعَوِيْلًا قوم پر ماتم اور واویلا کرنے کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔
٧۔ خُمُوْلٌ	هُوَ يَعِيْشُ فِي الْخُمُوْلِ۔ وہ گمنامی میں زندگی گزار رہا ہے۔
٨۔ أُمِيَّةٌ	اَلْاُمِيَّةُ مُشْكَلَةٌ كَبِيْرَةٌ بِوَطَنِي جہالت ہمارے ملک کا بڑا مسئلہ ہے۔

س8۔ غَيِّرِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ حَسْبَ التَّعْلِيْمَاتِ بَيْنَ الْقَوْسَيْنِ فِي اٰخِرِ كُلِّ جُمْلَةٍ۔

ہر جملے کے آخر میں قوسین کے مطابق جملے کو بدلیں۔

١۔ اَلطَّالِبُ يَقُوْمُ لِمُعَلِّمِهِ وَيُوَفِّيْهِ التَّبْجِيْلَ (اسْتَخْدِمْ لِمَ وَلَمْ)

لِمَ لَمْ يَقُمْ الطَّالِبُ لِمُعَلِّمَتِهِ وَيُوفِيْهِ التَّبْجِيْلَ

٢۔ اَللّٰهُ خَيْرُ مُعَلِّمٍ وَّ عَلَّمَ الْإِنْسَانَ بِالْقَلَمِ (حَوِّلِ الْجُمْلَةَ مِنَ الْغَائِبِ إِلَى الْمُخَاطَبِ)

أَللّٰهُمَّ خَيْرَ مُعَلِّمٍ وَّعَلَّمْتَ الْإِنْسَانَ بِالْقَلَمِ۔

٣۔ إِذَا كَانَ الْمُعَلِّمُ سَيِّئُ الْبَصِيْرَةِ يَجْعَلُ بَصَائِرَ تَلَامِيْذِهِ حَوْلًا (حَوِّلِ الْفِعْلَ اِلَى النَّفْيِ)

إِذَا مَا كَانَ الْمُعَلِّمُ سَيِّئُ الْبَصِيْرَةِ يَجْعَلُ بَصَائِرَ تَلَامِيْذِهِ حَوْلًا

س9۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ۔

عربی ترجمہ کریں۔

۱۔ استاد کی عزت کرو۔

اَكْرِمُوا الْمُعَلِّمَ

۲۔ اللہ نے انسان کو قلم سے سکھایا۔

عَلَّمَ اللّٰهُ الْاِنْسَانَ بِالْقَلَمِ۔

۳۔ اللہ نے واضح راستہ دکھایا۔

اَهْدِى اللّٰهُ اِلٰى دِيْنٍ مُّبِيْنٍ

۴۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل ہوئی۔

نَزَلَ التَّوْرَاةَ عَلٰى مُوْسٰى

۵۔ تم سب اللہ کے بندے اور بھائی بھائی ہو۔

كُلُّكُمْ عِبَادُ اللّٰهِ وَاِخْوَانٌ بَيْنَكُمْ

......☆......

اَلدَّرْسُ الْأَرْبَعُوْنَ: (چالیسواں سبق)

مکالمہ (۱۰)

دُنْيَانَا هٰذِهٖ!

ہماری یہ دنیا

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ تَقُوْلُ	تم کہتے ہو۔تمہاری رائے	۲۔ نَعِيْشُ	ہم رہتے ہیں
۳۔ لَا تُحْصٰى	شمار نہیں کیے جاسکتے	٤۔ تُعَدُّ	گنا جاسکتا ہے
۵۔ أَبْتَدِرُ	میں ابتدا کرتا ہوں	٦۔ غَرَائِبُ	عجائبات
۷۔ بَنِی آدَمُ	انسان	٨۔ اَلْبِحَارُ	سمندر
۹۔ لَايَزَالُ	مسلسل	۱۰۔ اَلْمِلْحُ	نمک
۱۱۔ زَمَنٌ	زمانہ	۱۲۔ يَصْنَعُوْنَ	وہ تیار کرتے ہیں
۱۳۔ أَعْمَاقٌ	گہرائی	١٤۔ اِحْصَاءٌ	گننا
۱۵۔ اِحَاطَةٌ	گھیراؤ کرنا	١٦۔ اَلدُّهُوْرُ	زمانے
۱۷۔ أَسْمَاكٌ	مچھلیاں	۱۸۔ اَلثُّلُوْجُ	برف
۱۹۔ مَسَاحَةٌ	رقبہ	۲۰۔ مَلَايِيْنَ	ملین (جمع)
۲۱۔ اَللَّآلِئُ	موتی	۲۲۔ بَشَرٌ	انسان
۲۳۔ أَنْوَاعٌ	اقسام	٢٤۔ اِكْتِشَافٌ	دریافت
۲۵۔ تَرْزَحُ	دبا ہوا	٢٦۔ اَلْكُتَلُ	بلاک
۲۷۔ اَلضَّخْمَةُ	بھاری	۲۸۔ تُغَطِّي	ڈھکا ہوا ہے
۲۹۔ يَجْرِي	جاری کرتا ہے	۳۰۔ بُحُوْثٌ	تحقیقات
۳۱۔ بَرَاكِيْنُ	آتش فشاں	۳۲۔ اَلثَّائِرَةُ	بھڑکتے ہوئے

اردو ترجمہ

عِمْرَانُ: مَاذَا تَقُوْلُ يَا أُسْتَاذَنَا الْكَرِيْمَ فِيْ دُنْيَانَا هٰذِهِ الَّتِيْ نَعِيْشُ فِيْهَا۔

عمران: استادِ محترم! آپ اس دنیا کے بارے میں کیا کہتے ہیں جس میں ہم رہتے ہیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: إِنَّ دُنْيَا كُمْ هٰذِهِ لَاتُحْصٰى عَجَائِبُهَا وَلَا تُعَدُّ غَرَائِبُهَا۔

استاد: تمہاری اس دنیا کے عجائب کو شمار نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی اس کے غرائب کو گنا جاسکتا ہے۔

أَحْمَدُ: يَا أُسْتَاذَنَا ! أَبْتَدِرُ بِالسُّؤَالِ عَنِ الْبِحَارِ وَعَجَائِبِهَا وَمَا تُوْجَدُ فِيْهَا مِنَ الْمَنَافِعِ لِبَنِيْ آدَمَ۔

احمد: استادِ محترم! میں سمندر اور اس کے عجائبات اور ابن آدم کے لئے اس میں جو منافع پائے جاتے ہیں کے متعلق سوال سے ابتداء کرتا ہوں۔

اَلْأُسْتَاذُ: إِنَّ الْبِحَارَ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ فَالنَّاسُ كَانُوْا وَلَا يَزَالُوْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْمِلْحَ مِنَ الْمِيَاهِ الْبَحْرِيَّةِ مُنْذُ زَمَنٍ بَعِيْدٍ كَمَا أَنَّهُمْ يَصْنَعُوْنَ أَشْيَاءَ كَثِيْرَةً مِّنَ الْأَسْفَنْجِ وَفِيْ أَعْمَاقِ الْبِحَارِ عَجَائِبُ لَايُمْكِنُ إِحْصَاؤُهَا وَالْإِحَاطَةُ بِهَا وَمِنْهَا اللَّآلِيُ الَّتِيْ ظَلَّتْ مَوْضِعَ الْإِعْجَابِ عِنْدَ الْبَشَرِ طِوَالَ الدُّهُوْرِ وَمِنْهَا الْأَسْمَاكُ بِأَنْوَاعِهَا۔

استاد: بے شک سمندروں میں انسانوں کے لیے بہت سے منافع ہیں۔ لوگ پرانے زمانے سے سمندری پانیوں سے نمک حاصل کرتے رہے ہیں۔ جیسا کہ وہ اسفنج سے بہت سی چیزیں بناتے ہیں۔ سمندر کی گہرائیوں میں ایسے ایسے عجائبات ہیں کہ ان کا شمار ناممکن ہے، ان میں موتی ہیں جو زمانوں تک انسانوں کے نزدیک دلچسپی کا باعث بنے ہوئے ہیں اور قسم قسم کی مچھلیاں ہیں۔

عَلِيٌّ: وَأَغْرَبُ مِنْ هٰذَا هُوَ اكْتِشَافُ قَارَّةِ أَنْتَارْكَتِيْكَا يَا أُسْتَاذَنَا الْمُحْتَرَمَ۔

علی: استادِ محترم! اس سے بھی زیادہ عجیب براعظم انٹارکٹکا کی دریافت ہے۔

اَلْأُسْتَاذُ: نَعَمْ وَهِيَ قَارَّةٌ تَرْزَحُ تَحْتَ الْكُتَلِ الضَّخْمَةِ مِنَ الْجَلِيْدِ وَالثُّلُوْجِ وَمَسَاحَتُهَا تُقَدَّرُ بِحَوَالَيْ خَمْسَةِ مَلَايِيْنَ مِيْلٍ مُرَبَّعٍ

تُغَطِّي الثُّلُوجُ خَمْسَةً وَّتِسْعِيْنَ فِي الْمِائَةِ مِنْهَا وَيَجْرِيْ عَلَيْهَا الْآنَ بُحُوثٌ عِلْمِيَّةٌ۔

استاد: ہاں اور یہ ایسا براعظم ہے جو برف کے بڑے بڑے بلاکوں کے نیچے دبا ہوا ہے۔ اس کا رقبہ پانچ ملین مربع میل ہے۔ 95 فیصد رقبہ برف سے ڈھکا ہوا ہے۔ اب اس پر سائنسی تحقیقات ہو رہی ہیں۔

عِمْرَانُ: وَمَا رَأْيُكُمْ فِي الْحَدِيْثِ عَنِ الْبَرَاكِيْنِ الثَّائِرَةِ الَّتِيْ تُعَدُّ مِنْ أَقْوَى الظَّوَاهِرِ الطَّبِيْعِيَّةِ وَأَشَدِّهَا خَطَرًا عَلٰى حَيَاةِ الْإِنْسَانِ وَمُمْتَلِكَاتِهٖ۔

عمران: بھڑکتے ہوئے آتش فشاں پہاڑوں کے سلسلے میں بات کرنے میں آپ کی کیا رائے ہے جو فطرت کے قوی ترین مملکہ مظاہر فطرت میں شمار ہوتے ہیں اور جن کا انسان کی زندگی اور اس کی جائیداد کے بڑا خطرہ ہے۔

اَلْأُسْتَاذُ: إِنَّ بَاطِنَ الْأَرْضِ شَدِيْدُ الْحَرَارَةِ الَّتِيْ تَصْهَرُ الْمَوَادَّ الْمَعْدِنِيَّةَ وَالصُّخُوْرَ الْكَامِنَةَ فِيْ بَاطِنِ الْأَرْضِ فَتَنْبَعِثُ مِنْهَا غَازَاتٌ وَأَبْخِرَةٌ تَبْحَثُ لَهَا عَنْ مُّتَنَفَّسٍ تَخْرُجُ مِنْهُ بِضَغْطٍ شَدِيْدٍ عَلٰى هَيْئَةِ بَرَاكِيْنَ ثَائِرَةٍ فَتُحْدِثُ الزِّلْزَالَ۔

استاد: بے شک زمین کے اندر شدید گرمی ہے جو معدنی مواد اور زمین کے اندر چھپی ہوئی چٹانوں کو پگھلاتی ہے۔ پس اس سے گیسیں اور بخارات نکلتے ہیں جو اپنے لیے باہر نکلنے کی جگہ تلاش کرتے ہیں۔ پس وہ آتش فشاں کی صورت میں شدید دباؤ سے باہر نکلتے ہیں تو زلزلہ آجاتا ہے۔

عِمْرَانُ: أَشْكُرُكُمْ يَا أُسْتَاذَنَا الْجَلِيْلَ عَلٰى هٰذَا التَّكَرُّمِ وَالْحَدِيْثِ الْمُمْتِعِ الْمُفِيْدِ۔

عمران: اس مہربانی اور مفید دلچسپ گفتگو پر آپ کا شکر گزار ہوں۔

اَلْأُسْتَاذُ: لَاشُكْرَ عَلَى الْوَاجِبِ يَا عِمْرَانُ ...... وَإِلَى اللِّقَاءِ۔

استاد: عمران شکریے کی ضرورت نہیں۔ پھر ملاقات ہوگی۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س 1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ مَاذَا یَتَّخِذُ النَّاسُ مِنَ الْمِیَاهِ الْبَحْرِیَّةِ؟
لوگ سمندری پانیوں سے کیا حاصل کرتے رہے ہیں۔
یَتَّخِذُ النَّاسُ مِنَ الْمِیَاهِ الْبَحْرِیَّةِ الْمِلْحَ

۲۔ مَاذَا ظَلَّ مَوْضِعَ الْإِعْجَابِ عِنْدَ الْبَشَرِ طِوَالَ الدُّهُوْرِ؟
طویل زمانوں تک کیا چیز انسان کی دلچسپی کا باعث رہی ہے۔
اَللَّاٰلِیُٔ الَّتِیْ ظَلَّتْ مَوْضِعَ الْإِعْجَابِ۔

۳۔ مَا رَأْیُکُمْ عَنِ الْبَرَاکِیْنَ؟
آتش فشانوں کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔
هٰذِهٖ خَطَرَةٌ عَلٰی حَیَاةِ الْإِنْسَانِ وَمُمْتَلَکَاتِهٖ۔

س2۔ إِمْلَأِ الْفَرَاغَ بِکَلِمَةٍ مُنَاسَبَةٍ۔
مناسب الفاظ سے خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ وَأَغْرَبُ مِنْ هٰذَا هُوَ اکْتِشَافُ قَارَّةِ اَنْتَارْکَتِیْکَا۔
۲۔ وتُغَطِّی الثُّلُوْجُ خَمْسَةً وَّتِسْعِیْنَ فِی الْمِائَةِ مِنْهَا
۳۔ وَیَجْرِیْ عَلَیْهَا الْآنَ بُحُوْثٌ عِلْمِیَّةٌ

س3۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْکَلِمَاتِ فِیْ کُلِّ سَطْرٍ۔
ہر سطر میں دیئے ہوئے الفاظ سے جملے بنائیں۔

۱۔ اَلْحَرَارَةِ ، اِنَّ ، شَدِیْدُ ، بَاطِنَ ، اَلْأَرْضِ
اِنَّ بَاطِنَ الْأَرْضِ شَدِیْدُ الْحَرَارَةِ

۲۔ اَلزِّلْزَالَ ، تُحْدِثُ ، الثَّائِرَةُ ، الْبَرَاکِیْنُ
اَلْبَرَاکِیْنُ الثَّائِرَةُ تُحْدِثُ الزِّلْزَالُ

۳۔ وَ ، الْغَازَاتُ ، تَنْبَعِثُ ، الْأَبْخِرَةُ ، بَاطِنِ ، مِنْ ، اَلْأَرْضِ
اَلْغَازَاتُ وَالْأَبْخِرَةُ تَنْبَعِثُ مِنْ بَاطِنِ الْأَرْضِ

س4۔ خُذْ عَشَرَةَ أَسْمَاءِ الْجَمْعِ وَهَاتِ بِالْمُفْرَدَاتِ لَهَا
دس اسم جمع لیں اور انھیں مفرد بنائیں۔

جمع	واحد	جمع	واحد
۱۔ صُخُوْرٌ	صَخْرَةٌ	۲۔ غَازَاتٌ	غَازٌ

۳۔ بَرَاكِيْنَ	بُرْكَانٌ	٤۔ ثُلُوْجٌ	ثَلْجٌ
٥۔ دُهُوْرٌ	دَهْرٌ	٦۔ بِحَارٌ	بَحْرٌ
٧۔ غَرَائِبُ	غَرِيْبٌ	٨۔ أَبْخِرَةٌ	بُخَارٌ
٩۔ كُتَلٌ	كُتْلَةٌ	١٠۔ مِيَاهٌ	مَاءٌ

س5۔ اِسْتَخْرِجْ خَمْسَةً مِّنَ الْأَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ وَصَرِّفْهَا تَصْرِيْفَ الْمُضَارِعِ وَالْأَمْرِ وَالنَّهْيِ

پانچ افعال ماضیہ لیں اور ان کی مضارع، امر اور نہی کی گردانیں کریں۔

مضارع کی گردانیں

يَتَّخِذُ	يَصْنَعُ	يَرْزَحُ	يَنْبَعِثُ	يَصْهَرُ
يَتَّخِذَانِ	يَصْنَعَانِ	يَرْزَحَانِ	يَنْبَعِثَانِ	يَصْهَرَانِ
يَتَّخِذُوْنَ	يَصْنَعُوْنَ	يَرْزَحُوْنَ	يَنْبَعِثُوْنَ	يَصْهَرُوْنَ
تَتَّخِذُ	تَصْنَعُ	تَرْزَحُ	تَنْبَعِثُ	تَصْهَرُ
تَتَّخِذَانِ	تَصْنَعَانِ	تَرْزَحَانِ	تَنْبَعِثَانِ	تَصْهَرَانِ
يَتَّخِذْنَ	يَصْنَعْنَ	يَرْزَحْنَ	يَنْبَعِثْنَ	يَصْهَرْنَ
تَتَّخِذُ	تَصْنَعُ	تَرْزَحُ	تَنْبَعِثُ	تَصْهَرُ
تَتَّخِذَانِ	تَصْنَعَانِ	تَرْزَحَانِ	تَنْبَعِثَانِ	تَصْهَرَانِ
تَتَّخِذُوْنَ	تَصْنَعُوْنَ	تَرْزَحُوْنَ	تَنْبَعِثُوْنَ	تَصْهَرُوْنَ
تَتَّخِذِيْنَ	تَصْنَعِيْنَ	تَرْزَحِيْنَ	تَنْبَعِثِيْنَ	تَصْهَرِيْنَ
تَتَّخِذَانِ	تَصْنَعَانِ	تَرْزَحَانِ	تَنْبَعِثَانِ	تَصْهَرَانِ
تَتَّخِذْنَ	تَصْنَعْنَ	تَرْزَحْنَ	تَنْبَعِثْنَ	تَصْهَرْنَ
اَتَّخِذُ	اَصْنَعُ	اَرْزَحُ	اَنْبَعِثُ	اَصْهَرُ
نَتَّخِذُ	نَصْنَعُ	نَرْزَحُ	نَنْبَعِثُ	نَصْهَرُ

فعل امر کی گردانیں

اِتَّخِذْ	اِصْنَعْ	اِرْزَحْ	اِنْبَعِثْ	تَصْهَرْ

اِتَّخِذَا	اِصْنَعَا	اِرْزَحَا	اِنْبَعِثَا	تَصْهَرَا
اِتَّخِذُوْا	اِصْنَعُوْا	اِرْزَحُوْا	اِنْبَعِثُوْا	تَصْهَرُوْا
اِتَّخِذِیْ	اِصْنَعِیْ	اِرْزَحِیْ	اِنْبَعِثِیْ	تَصْهَرِیْ
اِتَّخِذَا	اِصْنَعَا	اِرْزَحَا	اِنْبَعِثَا	تَصْهَرَا
اِتَّخِذْنَ	اِصْنَعْنَ	اِرْزَحْنَ	اِنْبَعِثْنَ	تَصْهَرْنَ

فعل نہی کی گردانیں

لَاتَتَّخِذْ	لَاتَصْنَعْ	لَاتَرْزَحْ	لَاتَنْبَعِثْ	لَاتَصْهَرْ
لَاتَتَّخِذَا	لَاتَصْنَعَا	لَاتَرْزَحَا	لَاتَنْبَعِثَا	لَاتَصْهَرَا
لَاتَتَّخِذُوْا	لَاتَصْنَعُوْا	لَاتَرْزَحُوْا	لَاتَنْبَعِثُوْا	لَاتَصْهَرُوْا
لَاتَتَّخِذِیْ	لَاتَصْنَعِیْ	لَاتَرْزَحِیْ	لَاتَنْبَعِثِیْ	لَاتَصْهَرِیْ
لَاتَتَّخِذَا	لَاتَصْنَعَا	لَاتَرْزَحَا	لَاتَنْبَعِثَا	لَاتَصْهَرَا
لَاتَتَّخِذْنَ	لَاتَصْنَعْنَ	لَاتَرْزَحْنَ	لَاتَنْبَعِثْنَ	لَاتَصْهَرْنَ

س6۔ خُذْ عَشَرَةً مِنَ التَّرَاكِيْبِ التَّوْصِيْفِيَّةِ مِنَ الدَّرْسِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِیْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ۔

سبق سے دس مرکبات توصیفی لیں اور انھیں جملوں میں استعمال کریں۔

مرکبات توصیفی	جملے
۱۔ أُسْتَاذُ نَاالْكَرِيْمُ	مَاذَا تَقُوْلُ يَا أُسْتَاذَ نَاالْكَرِيْمَ فِیْ دُنْيَانَا؟ اے استاد محترم ہماری اس دنیا کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟
۲۔ مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ	اِنَّ الْبِحَارَ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ بے شک سمندروں میں بہت سے منافع ہیں۔
۳۔ مِيَاهُ الْبَحْرِيَّةُ	اَلنَّاسُ يَتَّخِذُوْنَ الْمِلْحَ مِنَ الْمِيَاهِ الْبَحْرِيَّةِ لوگ سمندری پانیوں سے نمک حاصل کرتے ہیں۔
۳۔ زَمَنٌ بَعِيْدٌ	اَلنَّاسُ يَتَّخِذُوْنَ الْمِلْحَ مِنَ الْمِيَاهِ الْبَحْرِيَّةِ مُنْذُ زَمَنٍ بَعِيْدٍ لوگ قدیم زمانے سے سمندری پانیوں سے نمک حاصل کرتے ہیں۔

٤۔ أَشْيَاءُ كَثِيرَةٌ	إِنَّ النَّاسَ يَصْنَعُونَ أَشْيَاءَ كَثِيرَةً مِنَ الْأَسْفَنْجِ بے شک لوگ اسفنج سے بہت سی اشیاء تیار کرتے ہیں۔
٥۔ طِوَالُ الدُّهُورِ	اَللَّآلِي ظَلَّتْ مَوْضِعَ الْإِعْجَابِ موتی پسندیدگی کا باعث بنے رہے ہیں۔
٦۔ كُتَلٌ ضَخْمَةٌ	قَارَّةِ اَنْتَارْ كَتِيكَا تَرْزَحُ تَحْتَ الْكُتَلِ الضَّخْمَةِ براعظم انٹارکٹکا برف کے ایک بڑے بلاک تلے دبا ہوا ہے۔
٧۔ بُحُوثٌ عِلْمِيَّةٌ	وَيَجْرِي عَلٰى اَنْتَارْ كَتِيكَا اَلْآنَ بُحُوثٌ عِلْمِيَّةٌ اب انٹارکٹکا پر سائنسی تحقیقات جاری ہیں۔
٨۔ اَلظَّوَاهِرُ الطَّبِيعِيَّةُ	اَلْبَرَاكِينُ الثَّائِرَةُ تُعَدُّ مِنْ أَقْوَى الظَّوَاهِرِ الطَّبِيعِيَّةِ بھڑکتے ہوئے آتش فشاں قوی ترین مظاہر فطرت شمار کیے جاتے ہیں۔
٩۔ اَلصُّخُورُ الْكَامِنَةُ	إِنَّ فِي بَاطِنِ الْأَرْضِ صُخُورٌ كَامِنَةٌ بے شک زمین کے اندر چھپی ہوئی چٹانیں ہیں۔

س7۔ تَرْجِمْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ

عربی ترجمہ کریں۔

۱۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے۔

قَدْ تَذَكَّرْتُ جَيِّدًا

۲۔ ہم نے سائنسی ایجادات کی باتیں کیں۔

تَحَدَّثْنَا عَنِ الْإِخْتِرَاعَاتِ الْعِلْمِيَّةِ۔

۳۔ میں سوال میں پہل کرتا ہوں۔

أَنَا اَبْتَدِرُ بِالسُّؤَالِ

۴۔ ابلتے ہوئے آتش فشاں خطرناک ہیں۔

اَلْبَرَاكِينُ الثَّائِرَةُ خَطِيرَةٌ

......☆......

حصہ گرائمر

قواعد (برائے جماعت نہم و دہم)

فعل ماضی، مضارع، فعل معروف و مجہول، اقسام ماضی اور تغیرات مضارع (لفظی و معنی)، اسم فاعل، صفت، مشبہ بالفعل، حروف جارہ، حروف ناصبہ، حروف جازمہ، حروف ندا، اسماء موصولہ، اسماء عدد، اسماء ضمائر، مرکبات ناقصہ، اوزانِ جمع، فاعل، مفعول، مبتداء خبر، معرب و مبنی۔

سوال: علم الصرف کی تعریف کریں۔

جواب: علم الصرف گرائمر کا وہ حصہ ہے جس میں کلمات کو بنانے اور ان میں ردوبدل کرنے کے طریقے بتائے جاتے ہیں۔ اس علم کے ذریعہ انسان کلمات کو درست اور صحیح لکھ اور پڑھ سکتا ہے اور تلفظ میں غلطی نہیں ہو سکتی۔

سوال: کلمہ کی تعریف کریں نیز اس کی قسمیں بتائیں۔ شجرہ سے واضح کریں۔

جواب: مفرد اور بامعنی لفظ کو کلمہ کہا جاتا ہے اس کی مشہور اقسام تین ہیں:
اسم، فعل اور حرف جن کی وضاحت نقشہ ذیل میں کی گئی ہے:

سوال: اسم کی تعریف کریں نیز اس کی تمام اقسام کی تعریف مع امثلہ نوٹ کریں۔

جواب: اسم وہ بامعنی کلمہ ہے جس میں کسی شخص، جگہ یا شے کا نام پایا جائے اور اس میں کوئی زمانہ

(ماضی، حال یا مستقبل) نہ پایا جائے جیسے رَجُلٌ (مرد)، قَلَمٌ (قلم)، هِرَّةٌ بلی جنس یعنی نر اور مادہ کے لحاظ سے اس کی دو قسمیں ہیں:

مذکر: مذکر نر کو کہتے ہیں مثلاً اِبْنٌ (بیٹا)، کَلْبٌ (کتا)۔

مؤنث: مونث مادہ کو کہتے ہیں مثلاً بِنْتٌ (لڑکی)، کَلْبَۃٌ (کتیا)۔

واحد، تثنیہ، جمع

گنتی کے لحاظ سے عربی زبان میں اسم کی تین قسمیں ہیں۔ واحد، تثنیہ اور جمع۔

واحد: ایک کو کہتے ہیں مثلاً کِتَابٌ، کَلِمَۃٌ، عَیْنٌ اور طَالِبٌ وغیرہ۔

تثنیہ: دو کو کہتے ہیں اور صیغہ واحد کے آخر میں (اِن زیادہ کرنے سے تثنیہ بن جاتا ہے مثلاً قَلَمٌ سے قَلَمَانِ۔ کِتَابٌ سے کِتَابَانِ۔

جمع: دو سے زیادہ مقدار کو جمع کہا جاتا ہے اسے طَالِبُون، مُسْلِمُون، کُتُبٌ، کلماتٌ وغیرہ۔

بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی تین قسمیں ہیں۔ جامد، مصدر اور مشتق، اسم مشتق کی مشہور قسمیں درج ذیل ہیں:

اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل، اسم ظرف، اسم آلہ۔

اسم فاعل:

وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس سے فعل صادر ہو یا جس کے ساتھ فعل قائم ہو۔ جیسے ناصِرٌ۔

اسم فاعل بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد فعل سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے اور غیر ثلاثی مجرد سے اسی فعل کے مضارع معروف کے وزن پر آتا ہے اس طرح کہ علامت مضارع کی جگہ میم مضموم اور آخر میں تنوین لگائی جاتی ہے جیسے یُشْرِفُ سے مُشْرِفٌ اور یُصَرِّفُ سے مُصَرِّفٌ وغیرہ۔

گردان اسم فاعل

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	ضَارِبٌ مارنے والا ایک (مذکر)	ضَارِبَانِ مارنے والے دو	ضَارِبُوْنَ بہت سے مارنے والے

مونث	ضَارِبَۃٌ مارنے والی (مونث)	ضَارِبَتَانِ دو مارنے والیاں	ضَارِبَاتٌ بہت سی مارنے والیاں

نوٹ: جب فاعل میں مصدری معنی کی زیادتی پائی جائے تو اسے اسم مبالغہ کہتے ہیں جیسے رَحِیْمٌ (زیادہ رحم کرنے والا)' سَفَّاکٌ (بڑا خون ریز)' صِدِّیْقٌ (بہت سچا)' کَذَّابٌ (بہت جھوٹا)' اَکُوْلٌ (بہت کھانے والا) کُبَّارٌ (بہت بزرگ)۔

اسم مفعول:

اسم مفعول وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس پر فعل واقع ہوا ہو جیسے مَقْتُوْلٌ (قتل کیا ہوا)' مَشْرُوْبٌ (پیا ہوا)۔

بنانے کا قاعدہ:

سہ حرفی فعل سے مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے اور غیر سہ حرفی فعل سے مضارع مجہول کے وزن پر آتا ہے۔ اس طرح کہ علامت مضارع کی جگہ میم مضموم اور آخر میں تنوین ہوتی ہے جیسے یُکْرَمُ سے مُکْرَمٌ' یُصَرَّفُ سے مُصَرَّفٌ وغیرہ۔

گردان اسم مفعول

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	مَنْصُوْرٌ	مَنْصُوْرَانِ	مَنْصُوْرُوْنَ
مونث	مَنْصُوْرَۃٌ	مَنْصُوْرَتَانِ	مَنْصُوْرَاتٌ

نوٹ: اسم مفعول بھی فَعِیْلٌ جیسے جَرِیْحٌ (بمعنی مَجْرُوْحٌ) اور فُعَلَۃٌ جیسے ضُحَکَۃٌ (بمعنی ہنستا ہوا) کے وزن پر بھی آتا ہے۔

صفت مشبہ

وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس میں مصدری معنی بطور پائیداری کے پائے جائیں یہ فعل لازم سے بنتا ہے جیسے جَمِیْلٌ (خوبصورت) اس کے مشہور اوزان یہ ہیں:

فَعِیْلٌ	کَرِیْمٌ	(کرم والا)	فِعْلٌ	صِفْرٌ	(خالی)
فَعَلٌ	حَسَنٌ	(نیک)	فُعُلٌ	جُنُبٌ	(ناپاک)
اَفْعَلُ	اَحْمَرُ	(سرخ)	فَعِیْلٌ	سَیِّدٌ	(سردار)

فُعَالٌ	شُجَاعٌ	(بہادر)	فُعْلَانٌ	عُرْيَانٌ	(برہنہ)
فَعْلَانٌ	عَطْشَانٌ	(پیاسا)			

اسم تفضیل:

اسم تفضیل وہ اسم ہے جو اس شخص یا چیز کو بتائے جس میں مصدری معنی کی اوروں کی نسبت زیادتی پائی جائے۔ جیسے **اَللّٰهُ اَكْبَرُ** (اللہ سب سے بڑا ہے)۔

گردان اسم تفضیل

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	اَضْرَبُ	اَضْرَبَانِ	اَضْرَبُوْنَ
مونث	ضُرْبٰى	ضُرْبَيَانِ	ضُرْبَيَاتٌ

نوٹ: جب کسی شخص پر تفضیل مقصود ہوتی ہے تو اسم تفضیل کے بعد **مِنْ** لاتے ہیں جیسے **رَشِيْدٌ اَفْضَلُ مِنْ بَكْرٍ** (رشید بکر سے افضل ہے) اور جب کل پر فضیلت جتلانی مقصود ہو تو پھر اسم تفضیل کو مضاف کر دیتے ہیں یا اس پر اَلْ لگاتے ہیں جیسے **زَيْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ** یا **زَيْدُنِ الْاَفْضَلُ**۔

اسم ظرف:

وہ اسم مشتق ہے جو اس زمان یا مکان پر دلالت کرے جس میں کام واقع ہو جیسے **مَضْرِبٌ** (وہ جگہ یا مقام جس میں ضرب واقع ہو) اس کا **مَفْعَلٌ** یا **مَفْعِلٌ** کے وزن پر آتا ہے۔

بنانے کا طریقه:

اگر مضارع مضموم العین یا مفتوح العین ہو اسم ظرف مفتوح العین آتا ہے جیسے **مَفْتَحٌ**، **مَنْصَرٌ** اور مضارع اگر مسکور العین ہو تو ظرف بھی مسکور العین ہی آئے گی جیسے **مَضْرِبٌ**، **مَوْعِدٌ**۔

لیکن مندرجہ ذیل اسماء ظرف خلاف قیاس آتے ہیں جیسے **مَسْجِدٌ**، **مَنْبِتٌ**، **مَشْرِقٌ**، **مَغْرِبٌ**، **مَسْقِطٌ**، **مَسْكِنٌ**، **مَطْلِعٌ** وغیرہ۔

گردان اسم ظرف

مذکر مونث	واحد	تثنیہ	جمع
مشترک	مَفْعَلٌ	مَفْعَلَانِ	مَفَاعِلُ

نوٹ: اسم ظرف میں مذکر اور مونث کا امتیاز نہیں ہوتا بلکہ مشترک ہوتے ہیں۔ غیر ثلاثی مجرد سے اسم ظرف ان ابواب کے اسم مفعول کے وزن پر آتا ہے' جیسے مَعْسْکَرٌ (لشکر کی سکونت کی جگہ) مَخْرَجٌ (نکلنے کی جگہ)۔

اسم آلہ:

اسم آلہ وہ اسم مشتق ہے جو اس چیز کو بتائے جس سے کوئی کام لیا جائے مِخْیَطٌ (سوئی)' مِرْوَحَةٌ (پنکھا)' مِفْتَاحٌ (چابی) اس کے تین وزن ہیں جیسے کہ گردان کے نقشہ سے واضح ہو رہا ہے۔

گردان اسم آلہ

واحد	تثنیہ	جمع
مِفْعَلٌ	مِفْعَلَانِ	مَفَاعِلُ
مِفْعَلَةٌ	مِفْعَلَتَانِ	مَفَاعِلُ
مِفْعَالٌ	مِفْعَالَانِ	مَفَاعِيْلُ

نوٹ: اسم آلہ میں بھی مذکر و مونث کی کوئی تمیز نہیں ہوتی۔ اسم ظرف کی مثل اس کے صیغے بھی تذکیر و تانیث میں مشترک ہوتے ہیں۔

سوال: اسم نکرہ اور معرفہ کی تعریف کریں نیز ان کی قسمیں لکھیں۔

جواب: اسم نکرہ وہ اسم ہے جو غیر معین اور عام ہو مثلاً کِتَابٌ' قَلَمٌ۔

اسم معرفہ:

اسم معرفہ وہ اسم ہے جو معین اور خاص چیز کے لیے بولا جائے مثلاً اَلْکِتَابُ (خاص کتاب)' زَیْدٌ' لاھور۔

معرفہ کی مشہور اقسام

1- معرف باللام (یعنی وہ اسم جس پر لام تعریف داخل ہو)' 2- ضمائر' 3- اسم اشارہ' 4- اسم موصول۔

سوال: اسم ضمیر کی تعریف کریں۔ نیز اس کی اقسام مع گردان نوٹ کریں۔

جواب: اسم ضمیر وہ چھوٹا سا نام ہے جو اسم کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے مثلاً زَیْدٌ کے بجائے ھُوَ (وہ) یا اَنْتَ (تو) وغیرہ استعمال ہو۔

ضمیر کی دو قسمیں

ضمیر متصل اور ضمیر منفصل

ضمیر متصل: ضمیر متصل وہ ضمیر ہوتی ہے جو کسی کے ساتھ مل کر آئے جیسے **ضَرَبَهٗ** میں **هٗ** ضمیر فعل کے ساتھ لگی ہوئی ہے۔

ضمیر منفصل: ضمیر منفصل وہ ہے جو الگ استعمال ہو جیسے **جَاءَ هُوَ** میں **هُوَ جَاءَ** فعل استعمال سے الگ ہے اگر ضمیر فاعل کی جگہ پر استعمال ہو تو اسے ضمیر مرفوع اور اگر مفعول کی جگہ پر استعمال ہو تو ضمیر منصوب اور حرف جر یا مضاف کے بعد آئے اسے ضمیر مجرور کہتے ہیں۔

گردان ضمیر مرفوع منفصل

	مذکر			مونث		
غائب	هُوَ	هُمَا	هُمْ	هِيَ	هُمَا	هُنَّ
حاضر	اَنْتَ	اَنْتُمَا	اَنْتُمْ	اَنْتِ	اَنْتُمَا	اَنْتُنَّ
متکلم	اَنَا	نَحْنُ	نَحْنُ	اَنَا	نَحْنُ	نَحْنُ

گردان ضمیر منصوب منفصل

	مذکر			مونث		
غائب	اِيَّاهُ	اِيَّاهُمَا	اِيَّاهُمْ	اِيَّاها	اِيَّاهُمَا	اِيَّاهُنَّ
حاضر	اِيَّاكَ	اِيَّاكُمَا	اِيَّاكُمْ	اِيَّاكِ	اِيَّاكُمَا	اِيَّاكُنَّ
متکلم	اِيَّایَ	اِيَّانَا	اِيَّانَا	اِيَّایَ	اِيَّانَا	اِيَّانَا

گردان ضمیر منصوب و مجرور منفصل

	مذکر			مونث		
غائب	هٗ	هُمَا	هُمْ	ها	هُمَا	هُنَّ
حاضر	كَ	كُمَا	كُمْ	كِ	كُمَا	كُنَّ
متکلم	ی	نا	نا	ی	نا	نَا

نوٹ: i- ضمیر متصل اگر فعل کے ساتھ بطور مفعول آئے تو اسے منصوب متصل کہتے ہیں۔ جیسے

ضَرَبَهٗ، ضَرَبَهُمَا وغیرہ اور اگر حروف جر کے بعد لائی جائے تو ضمیر مجرور متصل کہلائے گی جیسے
كَلْبُهٗ، كَلْبُهُمَا، لَهٗ، لَهُمَا وغیرہ۔

-ii فعل ماضی کے ساتھ جو ضمیر آئے اسے ضمیر مرفوع متصل بازر (ظاہر) کہتے ہیں جیسے نَصَرَا نَصَرُوا وغیرہ سوائے نَصَرَ اور نَصَرَتْ کے ان میں ضمیر پوشیدہ (مستتر) ہے اور فعل مضارع کی گردان میں يَفْعِلُ، تَفْعِلُ، اَفْعِلُ اور نَفْعِلُ کے صیغوں میں ضمیر مرفوع متصل مستتر (پوشیدہ) ہے اسی طرح فعل امر کے پہلے صیغہ میں بھی ضمیر مرفوع مستتر ہے۔

سوال: اسم اشارہ کی تعریف کریں اور اس کی گردان بھی سپرد قلم کریں۔

جواب: جس اسم سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے اسے اسم اشارہ کہتے ہیں اور جس چیز کی طرف اشارہ کیا جائے اسے مشارٌ الیہ کہتے ہیں جیسے هٰذَا كِتَابٌ میں هٰذا کا لفظ اسم اشارہ اور كِتَابٌ کا لفظ مشارٌ الیہ کہلاتا ہے۔

اسم اشارہ کی دو قسمیں

اشارہ قریب، اشارہ بعید

گردان اسم اشارہ قریب

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	هٰذَا (یہ)	هٰذَانِ (یہ دو)	هٰؤُلَآءِ (یہ سب)
مونث	هٰذِهٖ (یہ)	هَاتَانِ (یہ دو)	هٰؤُلَآءِ (یہ سب)

گردان اسم اشارہ بعید

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	ذَالِكَ (وہ ایک)	ذَانِكَ (وہ دو)	أُولٰئِكَ (وہ سب)
مونث	تِلْكَ (وہ ایک)	تَانِكَ (وہ دو)	أُولٰئِكَ (وہ سب)

نوٹ: جمع کا اشارہ مذکر اور مونث دونوں کے لیے ایک جیسا ہے۔

هُنَا، هٰهُنَا، هُنَالِكَ وغیرہ سے خاص مکان یا جگہ کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اس لیے انہیں اشارہ مکانی کہا جاتا ہے۔ یہ اشارہ کسی چیز کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔

سوال: اسم موصول کی تعریف کریں اور اسماء موصولہ کا تذکرہ بھی کریں۔

جواب: اسم موصول وہ ہے جس کے بعد ایک جملہ آ کر مقصود کو متعین کر دیتا ہے جس جملے سے

اس کے معنی کی تعین ہوتی ہے وہ اس کا صلہ کہلاتا ہے' جیسے اَکْرِمِ الَّذِیْ عَلَّمَكَ میں اَلَّذِیْ اسم موصول اور عَلَّمَكَ جملہ اس کا صلہ ہے۔

گردان اسم موصول

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	اَلَّذِیْ	اَللَّذَان	اَلَّذِیْنَ
مونث	اَلَّتِیْ	اَللَّتَانِ/اَللَّتَیْنِ	اَللّٰوَاتِیْ

مَنْ اور مَا بھی اسم موصول ہیں۔فرق یہ ہے کہ مَنْ ذی عقل (انسان) کے لیے اور مَا غیر ذی عقل اشیاء کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

سوال: عربی زبان کے اسماء اعداد نوٹ کریں۔نیز ان کے چیدہ چیدہ قواعد بھی درج کریں۔

جواب: اسم عدد کی دو قسمیں ہیں۔ کچھ عدد وہ ہوتے ہیں جو کسی ذات کو شمار کریں۔ یہ اعداد ذاتی کہلاتے ہیں۔ دوسرے وہ اعداد ہوتے ہیں جو کسی کی صفت میں واقع ہوں ان کو اعداد صفاتی کہا جاتا ہے۔عربی زبان میں اعداد ذاتی یہ ہیں۔

اسماء اعداد ذاتی

نمبر شمار	مذکر	مونث	نمبر شمار	مذکر	مونث
1-	وَاحِدٌ' اَحَدٌ	وَاحِدَۃٌ' اِحْدٰی	9-	تِسْعَۃٌ	تِسْعٌ
2-	اِثْنَانِ	اِثْنَتَانِ	10-	عَشَرَۃٌ	عَشَرٌ
3-	ثَلٰثَۃٌ	ثَلٰثٌ	11-	اَحَدَ عَشَرَ	اِحْدٰی عَشَرَۃَ
4-	اَرْبَعَۃٌ	اَرْبَعٌ	12-	اِثْنَا عَشَرَ	اِثْنَتَا عَشَرَۃَ
5-	خَمْسَۃٌ	خَمْسٌ	13-	ثَلٰثَۃَ عَشَرَ	ثَلٰثَ عَشَرَۃَ
6-	سِتَّۃٌ	سِتٌّ	14-	اَرْبَعَۃَ عَشَرَ	اَرْبَعَ عَشَرَۃَ
7-	سَبْعَۃٌ	سَبْعٌ	15-	خَمْسَۃَ عَشَرَ	خَمْسَ عَشَرَۃَ
8-	ثَمَانِیَۃٌ	ثَمَانٍ	16-	سِتَّۃَ عَشَرَ	سِتَّ عَشَرَۃَ
9-	سَبْعَۃَ عَشَرَ	سَبْعَ عَشَرَۃَ	18-	تِسْعَۃَ عَشَرَ	تِسْعَ عَشَرَۃَ
19-	ثَمَانِیَۃَ عَشَرَ	ثَمَانِی عَشَرَۃَ	20-	عِشْرُوْنَ	عِشْرُوْنَ

نوٹ:

i- 1‘ 2‘ 11‘ 12 ان اعداد کی تذکیروتانیث قیاس کے مطابق ہوگی۔ 3 سے 10 تک اعداد کی تذکیروتانیث خلاف قیاس ہوگی۔ معدود مذکر ہوتو عدد مونث اور اگر معدود مونث ہوتو عدد مذکر آئے گا۔ 21 سے 99 تک اعداد میں اکائی اور دہائی کے درمیان واؤ بڑھ جاتی ہے مثلاً **اَحَدٌ وَّ عِشْرُوْنَ** وغیرہ نیز 21 سے 99 تک اعداد کی تذکیروتانیث حسب ذیل طریق پر ہوگی۔

ہر دہائی کے ساتھ 1‘ 2 اکائی کی صورت میں مطابق قیاس معدود مذکر ہوتو عدد مذکر اور اگر معدود مونث ہوتو عدد بھی مونث ہوگا۔ مثلاً **اَحَدٌ وَّ عِشْرُوْنَ رَجُلاً‘ اِحْدٰی وَعِشْرُوْنَ امْرَأَةً** اور ہر دہائی کے ساتھ 3 تا 9 اکائی کی صورت میں خلاف قیاس یعنی معدود مذکر ہوتو اکائی مذکر ہوگی جیسے **ثَلٰثَةٌ وَّعِشْرُوْنَ رَجُلاً، ثَلٰثٌ وَّعِشْرُوْنَ اِمْرَأَةً**۔ یاد رہے دہائی میں تذکیروتانیث کی کوئی تمیز نہیں ہے۔

ii- دہائی کی عربی حسب ذیل آئے گی۔

عِشْرُوْنَ‘ ثَلٰثُوْنَ‘ اَرْبَعُوْنَ‘ خَمْسُوْنَ‘ سِتُّوْنَ‘ سَبْعُوْنَ‘ ثَمَانُوْنَ‘ تِسْعُوْنَ‘ مِأَةٌ (ایک سو) **مِأَتَانِ** (دوسو) اوراس کے آگے اُحاد کے آخر میں **مَأَةٌ** زیادہ کرتے جاؤ مثلاً **ثَلٰثُ مِأَةٍ** وغیرہ **مِأَةٌ** کی جمع **مِأَاتٍ** آئے گی۔ **اَلْفٌ** (ایک ہزار)‘ **اَلْفَانِ** (دوہزار) **اٰلافٌ** جمع آئے گی۔

اعداد صفائی:

اَوَّلُ (پہلا) اور **اُوْلٰی** (پہلی) کے آگے اعداد صفتی **قیاسًا** مذکر کے لیے **فَاعِلٌ** اور مونث کے لیے **فَاعِلَةٌ** کے وزن پر آتے ہیں۔ جیسے **ثَانِی‘ ثَانِیَةٌ‘ ثَالِثٌ‘ ثَالِثَةٌ** وغیرہ۔

کسور کے لیے **نِصْفٌ** کے سوا **فُعْلٌ** کے وزن پر $\frac{1}{3}$ سے $\frac{1}{10}$ تک عدد آتا ہے مثلاً

ثُلُثٌ $\frac{1}{3}$‘ **رُبُعٌ** $\frac{1}{4}$‘ **خُمُسٌ** $\frac{1}{5}$‘ **سُدُسٌ** $\frac{1}{6}$‘ **سُبُعٌ** $\frac{1}{7}$‘ **ثُمُنٌ** $\frac{1}{8}$‘ **تُسُعٌ** $\frac{1}{9}$‘ **عُشُرٌ** $\frac{1}{10}$۔

سوال: جمع بنانے کے قاعدے لکھیے اور مشہور الفاظ کی جمع لکھیے۔

جواب: جمع کی دو قسمیں ہیں ایک جمع سالم اور دوسری جمع مکسر۔

جمع سالم بناتے وقت واحد کی بنا میں کوئی فرق نہیں آتا جیسے **مُسْلِمٌ** سے **مُسْلِمُوْنَ** اور **مُسْلِمَةٌ** سے **مُسْلِمَاتٌ** اور جمع مکسر بناتے وقت واحد کی بناء سالم نہیں رہتی ٹوٹ جاتی ہے جیسے

عَالِمٌ سے عُلَمَاء، رَجُلٌ سے رِجَالٌ وغیرہ۔ جمع سالم کی دو قسمیں ہیں ایک مذکر اور دوسری مونث۔

جمع مذکر سالم بنانے کا قاعدہ:

واحد کے آخر میں ''ون'' ماقبل مضموم یا ''ین'' ماقبل مکسور زیادہ کرنے سے جمع مذکر سالم بن جاتی ہے جیسے مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمِیْنَ۔

جمع مونث سالم بنانے کا قاعدہ:

واحد مذکر کے آخر میں ''ات'' زیادہ کرنے سے جمع مؤنث سالم بن جاتی ہے جیسے مُسْلِمٌ سے مُسْلِمَاتٌ۔

نوٹ: جمع مکسر بنانے کا کوئی قاعدہ نہیں صرف اوزان مقرر ہیں جن کے مطابق جمع آتی ہے جیسے عَالِمٌ سے عُلَمَاء، آيَةٌ سے آيَاتٌ۔ اَخٌ سے اِخْوَانٌ، بَيْتٌ سے بُيُوْتٌ، عَمَلٌ سے اَعْمَالٌ، اَقْلِيْمٌ سے اَقَالِيْمٌ، حِصَّةٌ سے حِصَص وغیرہ۔

سوال: مونث کی کتنی قسمیں ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔

جواب: مونث کی دو قسمیں ہیں: مونث حقیقی، مونث غیر حقیقی۔

جس مونث کے مقابلہ میں مذکر یعنی نر ہو اسے مونث حقیقی کہتے ہیں جیسے اِمْـرَأَةٌ کے مقابلہ میں رَجُلٌ اور اگر مونث کے مقابلہ میں نر نہ ہو تو وہ مونث غیر حقیقی کہلائے گا۔

علامات مونث:

علامات مونث تین ہیں:

1- ۃ اسم کے آخر میں ۃ بڑھانے سے لفظ مؤنث بن جاتا ہے جیسے حَسَنٌ سے حَسَنَةٌ اور مَلِكٌ سے مَلِكَةٌ، ضَارِبٌ سے ضَارِبَةٌ اس قاعدہ کا استعمال زیادہ اسم جامد اور اسم صفت میں ہوتا ہے۔

2- الف مقصورہ جیسے صُغْرٰى، كُبْرٰى وغیرہ۔

3- الف ممدودہ (اء) بعض اسموں کے آخر میں الف مقصورہ الف ممدودہ تانیث کی علامت ہوتی ہے جیسے زَهْرَاءُ، خَضْرَاءُ وغیرہ۔

بعض اسماء بغیر کسی علامتِ تانیث کے مونث مانے جاتے ہیں ان کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

الف۔ جو اسم کسی مونث پر بولا جائے اُمٌّ (ماں)، عَرُوْسٌ (دلہن)، هِـنْـدٌ (نام عورت)۔

ب۔ ملکوں کے نام مثلاً مِصْرُ (ملک مصر)، اَلشَّامُ (ملک شام)، اَلرُّوْمُ (ملک روم)۔

ج۔ بدن کے اعضاء کے نام جو جفت ہوں جیسے **یَدٌ** (ہاتھ)، **رِجْلٌ** (پاؤں)، **اُذُنٌ** (کان)، **عَیْنٌ** (آنکھ)، سوائے **حَاجِبٌ** (ابرو) اور **خَدٌّ** (رخسار) کے۔

د۔ اسماء مذکورہ کے علاوہ بعض ایسے اسم ہیں جس کو اہل عرب مونث استعمال کرتے ہیں انہیں مؤنث سماعی کہا جاتا ہے مثلاً **حَرْبٌ** (لڑائی)، **خَمْرٌ** (شراب)، **رِیْحٌ** (ہوا)، **سُوْقٌ** (بازار)، **شَمْسٌ** (سورج)، **نَارٌ** (آگ)، **نَفْسٌ** (جان)۔

ہ۔ حروف تہجی تمام مونث ہیں۔

نوٹ: بعض اسماء کے آخر میں ۃ ہوتی ہے مگر ان کا استعمال مذکر جیسا ہوتا ہے کیونکہ وہ مردوں پر بولے جاتے ہیں مثلاً **عَلَّامَۃٌ** (بہت عالم)، **خَلِیْفَۃٌ** (بادشاہ) وغیرہ۔

سوال: فعل کی تعریف کریں۔ نیز اس کی قسمیں بھی بیان کریں۔

جواب: فعل کلمہ کی وہ قسم ہے جس میں کسی کام کا کرنا، ہونا یا سہنا پایا جائے اور اس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے۔ زمانے تین ہیں ماضی، حال، مستقبل، فعل کی زمانے کے لحاظ سے چار قسمیں ہیں۔

1- ماضی، 2- مضارع، 3- امر، 4- نہی۔

ماضی:

وہ فعل ہے جس میں گزرا ہوا زمانہ پایا جائے جیسے **ضَرَبَ زَیْدٌ** (زید نے مارا)۔

مضارع:

وہ فعل ہے جس میں زمانہ حال اور زمانہ مستقبل پایا جائے جیسے **یَنْصُرُ** (وہ مدد کرتا ہے یا مدد کرے گا)۔

امر:

وہ فعل ہے جس میں حکم پایا جائے جیسے **اِضْرِبْ** (تو مار)، **اُنْصُرْ** (تو مدد کر)۔

نہی:

وہ فعل ہے جس میں کسی کام سے روکا جائے جیسے **لَاتَضْرِبْ** (مت مار)۔

سوال: فعل لازم اور فعل متعدی کی تعریف کریں اور مثالیں بھی دیں۔

جواب: فعل لازم وہ فعل ہے جو صرف اپنے فاعل پر ختم ہو جائے اور اس میں مفعول کی ضرورت نہ پڑے جیسے **جَلَسَ زَیْدٌ** (زید بیٹھا)، **قَامَ رَشِیْدٌ** (رشید کھڑا ہوا)۔

فعل متعدی وہ فعل ہے جو اپنے فاعل کے ساتھ مفعول کو بھی چاہے جیسے **اَکَلَ زَیْدٌ خُبْزًا** (زید نے روٹی کھائی) اس میں **زَیْدٌ** فاعل اور **خُبْزًا** مفعول ہے۔

سوال: فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف مع امثلہ درج کریں۔

جواب: فعل معروف وہ فعل ہے جس کے فاعل (کرنے والا) کا پتہ ہو کہ اس کام کے کرنے والا فلاں ہے مثلاً سَرَقَ رَجُلٌ (آدمی نے چوری کی) اس میں سَرَقَ فعل ہے جس کا فاعل رَجُلٌ موجود ہے۔

فعل مجہول وہ فعل ہے جس کے فاعل (کرنے والا) کا پتہ معلوم نہ ہو کہ کام کا کرنے والا کون ہے جیسے نُصِرَ رَشِیْدٌ (رشید کی مدد کی گئی) اس جملہ میں یہ معلوم نہیں کہ مدد کرنے والا کون ہے نُصِرَ کا لفظ فعل مجہول ہے۔

نوٹ: ہر فعل کی دو قسمیں ہیں فعل معروف اور فعل مجہول۔

سوال: فعل ماضی معروف کی گردان لکھیں۔

جواب: **گردان فعل ماضی معروف**

واحد	تثنیہ	جمع
فَعَلَ اس نے کیا (مذکر)	فَعَلَا ان دونے کیا	فَعَلُوْا ان سب نے کیا (مذکر)
فَعَلَتْ اس نے کیا (مونث)	فَعَلَتَا ان دونے کیا	فَعَلْنَ ان سب نے کیا (مونث)
فَعَلْتَ تو ایک (مذکر) نے کیا	فَعَلْتُمَا تم دونے (مذکر) کیا	فَعَلْتُمْ تم سب نے کیا (مذکر)
فَعَلْتِ تو ایک (مونث) نے کیا	فَعَلْتُمَا تم دونے (مونث) کیا	فَعَلْتُنَّ تم سب نے (مونث) کیا
فَعَلْتُ میں نے کیا	فَعَلْنَا ہم دونے کیا	فَعَلْنَا ہم سب نے کیا

نوٹ: عربی زبان میں فاعل کی تعداد تین ہیں (1) واحدؔ (2) تثنیہؔ (3) جمع۔

اُردو اور فارسی میں تثنیہ کو جمع میں شمار کرتے ہیں۔ نیز عربی زبان میں فعل کی تذکیر و تانیث کا بھی فرق ہوتا ہے پھر فاعل یا غائب ہوگا یا مخاطب یا متکلم۔ اس لحاظ سے فعل ماضی اور فعل مضارع کے اٹھارہ صیغے ہوتے ہیں مگر عربوں کے استعمال میں بعض صیغے مشترک آتے ہیں۔ چنانچہ متکلم کے چھ صیغوں کے بجائے دو صیغے مستعمل ہیں یعنی واحد متکلم مذکر و مونث اور تثنیہ جمع متکلم مذکر

ومونث صیغوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

تفصیل صیغہاء ماضی

مذکر غائب کے صیغے	3	مونث غائب کے صیغے	3
مذکر مخاطب کے صیغے	3	مونث مخاطب کے صیغے	3
مذکر متکلم کے صیغے	3	مونث متکلم کے صیغے	3

سوال: فعل ماضی مجہول کے بنانے کا قاعدہ اور گردان لکھیں۔

جواب: فعل ماضی مجہول میں فاعل کا پتہ نہیں ہوتا۔ جیسے کُتِبَ کِتَابٌ (کتاب لکھی گئی) قُرِأَ کِتَابٌ (کتاب پڑھی گئی)۔

فعل ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ:

ماضی معروف کے پہلے حرف کو پیش اور آخر کے ماقبل کو زیر دینے سے ماضی مجہول بن جاتی ہے جیسے مَنَعَ سے مُنِعَ اور اگر ماقبل آخر کے پہلے کوئی حرف متحرک ہو تو وہ بھی مضموم ہوگا جیسے اِسْتَنْصَرَ سے اُسْتُنْصِرَ۔

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	فُعِلَ	فُعِلَا	فُعِلُوْا
	مونث	فُعِلَتْ	فُعِلَتَا	فُعِلْنَ
حاضر	مذکر	فُعِلْتَ	فُعِلْتُمَا	فُعِلْتُمْ
	مونث	فُعِلْتِ	فُعِلْتُمَا	فُعِلْتُنَّ
متکلم		فُعِلْتُ	فُعِلْنَا	فُعِلْنَا

نوٹ: i- ما اور لا کے آنے سے ماضی میں منفی کے معنی پیدا ہوتے ہیں لفظوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ دونوں لفظوں کے استعمال میں یہ فرق ہے کہ ما تنہا آتا ہے جیسے مَافَعَلَ (اس نے نہیں مارا) اور لا کے واسطے [illegible] لا اور ماضی کا آنا ضروری ہوتا ہے جیسے لَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰی (نہ اس نے تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی)۔

ii- ماضی کے شروع میں قَدْ داخل ہونے سے ماضی قریب کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں جیسے قَدْ ذَهَبَ (وہ چلا گیا ہے) لفظوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

iii- کان ماضی پر زیادہ کرنے سے ماضی بعید کا صیغہ بن جاتا ہے جیسے کَانَ قَتَلَ (اس

نے قتل کیا تھا) ماضی بعید میں ماضی کے الفاظ کے ساتھ لفظ کَـــانَ میں بھی برابر تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔

سوال: کان کی گردان نوٹ کریں۔

جواب: **كَانَ، كَانَا، كَانُوا، كَانَتْ، كَانَتَا، كُنَّ، كُنْتَ، كُنْتُمَا، كُنْتُمْ، كُنْتِ، كُنْتُمَا، كُنْتُنَّ، كُنْتُ، كُنَّا۔**

سوال: مضارع معروف کے بنانے کا قاعدہ اور گردان تحریر کریں۔

جواب: مضارع وہ فعل ہے جس میں کام زمانہ حال اور مستقبل میں پایا جائے مثلاً **يَكْتُبُ زَيْدٌ** (زید لکھتا ہے یا لکھے گا)

بنانے کا قاعدہ:

مضارع معروف ماضی معروف سے یوں تیار کیا جاتا ہے کہ علامت مضارع حروف ''اتین'' (ا ت ی ن) میں سے ''ی'' چار صیغوں کے شروع میں بڑھایا جائے اور ''ت'' آٹھ صیغوں کے شروع میں اور ''ا'' اور ''ن'' ایک ایک صیغہ کے شروع میں بڑھایا جائے اور فاء کلمہ کو ساکن کر کے آخر میں پیش یا نون اعرابی لگایا جائے۔

نوٹ: علامت مضارع سب جگہ مفتوح ہوتی ہے مگر ماضی چار حرفی کے مضارع میں مضموم ہوتی ہے جیسے **دَحْرَجَ** سے **يُدَحْرِجُ**۔

گردان مضارع معروف

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	يَضْرِبُ	يَضْرِبَانِ	يَضْرِبُوْنَ
	مونث	تَضْرِبُ	تَضْرِبَانِ	يُضْرِبْنَ
حاضر	مذکر	يَضْرِبُ	يَضْرِبَانِ	يَضْرِبُوْنَ
	مونث	تَضْرِبِيْنَ	تَضْرِبَان	تَضْرِبْنَ
متکلم		اَضْرِبُ	نَضْرِبُ	نَضْرِبُ

نوٹ: مضارع کے ماقبل آخر کی حرکت مختلف ہوتی ہے یعنی مکسور، مفتوح اور مضموم تینوں حرکتیں استعمال ہوتی ہیں جیسا کہ ثلاثی مجرد کے ابواب سے واضح ہوگا۔

سوال: مضارع مجہول کی تعریف کریں نیز گردان بھی لکھیں۔

جواب: مضارع مجہول وہ فعل ہے جس کے فاعل کا پتہ نہ ہو مثلاً يُنْصَرُ (مدد کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا) اس کے بنانے کا قاعدہ درج ذیل ہے:

بنانے کا قاعدہ:

مضارع مجہول کے مضارع معروف سے تیار کیا جاتا ہے علامت مضارع کو مضموم اور ماقبل آخر کو مفتوح کرنے سے مضارع مجہول بنتا ہے۔

گردان مضارع مجہول

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	يُضْرَبُ	يُضْرَبَانِ	يُضْرَبُوْنَ
	مونث	تُضْرَبُ	تُضْرَبَانِ	يُضْرَبْنَ
حاضر	مذکر	تُضْرَبُ	تُضْرَبَانِ	تُضْرَبُوْنَ
	مونث	تُضْرَبِيْنَ	تُضْرَبَانِ	تُضْرَبْنَ
متکلم		اُضْرَبُ	نُضْرَبُ	نُضْرَبُ

نوٹ: i- س اور سوف مضارع کے پہلے زیادہ کرنے سے خاص مستقبل کا صیغہ بن جاتا ہے فرق صرف یہ ہے س مستقبل قریب کے لیے اور سوف مستقبل بعید کے لیے آتا ہے مثلاً سَيَضْرِبُ (وہ جلدی مارے گا) سَوْفَ يَضْرِبُ (عنقریب مارے گا)۔

ii- اگر مضارع کو زمانہ حال کے ساتھ مخصوص کرنا ہو تو اس سے پہلے "ل" بڑھا دیتے ہیں جیسے لَيَضْرِبُ (وہ مارتا ہے)۔

iii- كَانَ مضارع سے پہلے زیادہ کرنے سے ماضی استمراری کا صیغہ بن جاتا ہے جیسے كَانَ يَضْرِبُ (وہ مارتا تھا/وہ مار رہا تھا) مضارع کے صیغوں کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ كَانَ کے لفظ بھی بدلتے رہیں گے۔

iv- مضارع ہر حرف نفی لَا یا مَا زیادہ کیا جائے تو مثبت سے نفی بن جاتا ہے لیکن الفاظ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی جیسے لَا يَضْرِبُ (وہ نہیں مارتا یا نہیں مارے گا)۔

سوال: فعل نفی جحد بہ لم کی تعریف کریں نیز گردان بھی تحریر کریں۔

جواب: فعل مضارع کے پہلے حرف لَمْ لگانے سے ماضی منفی کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس وقت مضارع کے آخر میں پیش اور نون اعرابی اور حرف علت (اگر ہوں) سب گر جاتے ہیں سوائے

چھٹے اور بارہویں صیغے کے کہ ان کا نون نہیں گرتا۔

گردان نفی جحد بہ لم

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	لَمْ یَضْرِبْ	لَمْ یَضْرِبَا	لَمْ یَضْرِبُوْا
	مونث	لَمْ یَضْرِبْ	لَمْ یَضْرِبَا	لَمْ یَضْرِبْنَ
حاضر	مذکر	لَمْ تَضْرِبْ	لَمْ تَضْرِبَا	لَمْ تَضْرِبُوْا
	مونث	لَمْ تَضْرِبِیْ	لَمْ تَضْرِبَا	لَمْ تَضْرِبْنَ
متکلم		لَمْ اَضْرِبْ	لَمْ نَضْرِبْ	لَمْ نَضْرِبْ

سوال: مضارع تاکید نفی بہ حرف لن ناصبہ کی تعریف کریں اور گردان لکھیں۔

جواب: مضارع پر حرف لَنْ داخل کرنے سے تاکید نفی مستقبل کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں لَنْ ناصبہ جہاں معنوں میں تبدیلی کرتا ہے وہاں لفظی تبدیلی بھی ہوتی ہے۔ واحد کے صیغوں میں آخری حرف پر زبر دیتا ہے اور سوائے چھٹے اور بارہویں صیغے کے تمام نون اعرابی گر جاتے ہیں۔

مضارع تاکید نفی بہ لن

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	لَنْ یَضْرِبَ	لَنْ یَّضْرِبَا	لَنْ یَّضْرِبُوْا
	مونث	لَنْ تَضْرِبَ	لَنْ یَضْرِبَا	لَنْ یَّضْرِبْنَ
حاضر	مذکر	لَنْ تَضْرِبَ	لَنْ تَضْرِبَا	لَنْ تَضْرِبُوْا
	مونث	لَنْ تَضْرِبِیْ	لَنْ تَضْرِبَا	لَنْ تَضْرِبْنَ
متکلم		لَنْ اَضْرِبَ	لَنْ نَضْرِبَ	لَنْ نَضْرِبَ

سوال: فعل امر کی تعریف کریں اور ساتھ ہی گردان بھی لکھیں۔

جواب: فعل امر وہ فعل ہے جس میں حکم پایا جائے فعل امر حاضر مضارع حاضر سے بنایا جاتا ہے۔ مضارع معروف کے واحد مذکر مخاطب کی علامت مضارع ت کو دور کر کے آخری حرف کو جزم دی جاتی ہے اگر مضارع کے آخر میں حرف علت ہو تو وہ گر جاتا ہے جیسے تَدْعُوْ سے اُدْعُ علامت

مضارع دور کرنے کے بعد جو حرف باقی رہ جاتا ہے اگر وہ ساکن ہو تو پہلے الف یعنی ہمزہ وصل زیادہ کر کے الف پر ضمہ لگایا جاتا ہے جب مضارع کا عین کلمہ مضموم ہوگا اور فتحہ یا کسرہ ہونے کی صورت پر الف پر کسرہ لگائیں گے جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ اور تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ اور تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ فعل امر بن جائے گا۔

گردان فعل امر

جنس		واحد	تثنیہ	جمع
مخاطب	مذکر	اِضْرِبْ	اِضْرِبَا	اِضْرِبُوْا
	مونث	اِضْرِبِيْ	اِضْرِبَا	اِضْرِبْنَ

نوٹ: فعل امر میں حکم پایا جاتا ہے چونکہ حکم صرف حاضر ہی کو دیا جاتا ہے اسی بنا پر فعل امر اور نہی میں صرف چھ صیغے ہوتے ہیں۔

سوال: فعل نہی کی تعریف کریں اور گردان لکھیں۔

جواب: فعل نہی میں کسی کام سے روکا جاتا ہے اور فعل امر کی طرح اس کے بھی چھ صیغے ہوتے ہیں۔

بنانے کا قاعدہ:

مضارع مخاطب معروف کے شروع میں لا زیادہ کر کے آخر کو جزم دی جائے تثنیہ اور جمع کے صیغوں میں نون اعرابی گر جاتا ہے لیکن جمع مونث کا نون باقی رہتا ہے کیونکہ وہ نون ضمیری ہے اگر مضارع کے آخر میں حرف علت ہو تو گر جاتا ہے جیسے تَدْعُوْ سے لَاتَدْعُ۔

گردان فعل نہی

جنس		واحد	تثنیہ	جمع
مخاطب	مذکر	لَاتَضْرِبْ تو نہ مار	لَاتَضْرِبَا تم دو نہ مارو	لَاتَضْرِبُوْا تم سب نہ مارو
	مونث	لَاتَضْرِبِيْ تو نہ مار	لَاتَضْرِبَا تم دو نہ مارو	لَاتَضْرِبْنَ تم سب نہ مارو

سوال: ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید کی تعریف کریں نیز ثلاثی مجرد کے ابواب درج کریں۔

جواب: عربی گرائمر میں ف، ع، ل کو میزان یعنی ترازو قرار دیا گیا ہے۔ کسی لفظ کو جانچنے کے لیے کہ وہ مجرد (اصلی) ہے یا مزید۔ اسی ترازو پر تولا جاتا ہے اگر کوئی لفظ ف ع ل کے مقابلہ میں پورا اترتا ہے تو وہ مجرد یا اصلی کہلائے گا اور اگر ان حروف کے علاوہ کچھ زائد ہیں تو وہ مزید کہلائے گا جس کلمہ میں تین حرف اصلی ہوں اسے ثلاثی اور جس میں چار ہوں اسے رباعی کہتے ہیں۔

اس لحاظ سے فعل کی چار اقسام ہیں:

1- ثلاثی مجرد جیسے ضَرَبَ بروزن فَعَلَ
2- ثلاثی مجرد مزید فیہ جیسے اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ
3- رباعی مجرد جیسے دَحْرَجَ بروزن فَعْلَلَ
4- رباعی مزید فیہ جیسے تَدَحْرَجَ بروزن تَفَعْلَلَ

(اس میں ت زیادہ ہے)

ثلاثی مجرد کے چھ ابواب ہیں

1- فَعَلَ یَفْعِلُ ماضی مفتوح العین اور مضارع مکسور العین جیسے ضَرَبَ یَضْرِبُ
2- فَعَلَ یَفْعُلُ ماضی مفتوح العین اور مضارع مضموم العین جیسے نَصَرَ یَنْصُرُ
3- فَعِلَ یَفْعَلُ ماضی مکسور العین مضارع مفتوح العین جیسے سَمِعَ یَسْمَعُ
4- فَعَلَ یَفْعَلُ ماضی اور مضارع دونوں مفتوح العین جیسے فَتَحَ یَفْتَحُ
5- فَعِلَ یَفْعِلُ ماضی اور مضارع دونوں مکسور العین جیسے حَسِبَ یَحْسِبُ
6- فَعُلَ یَفْعُلُ ماضی اور مضارع دونوں مضموم العین جیسے کَرُمَ یَکْرُمُ۔

نوٹ:

i- سَمِعَ یَسْمَعُ باب کا اسم فاعل فَعِیْلٌ کے وزن پر بھی آتا ہے جیسے عَلِیْمٌ، سَمِیْعٌ وغیرہ۔

ii- کَرُمَ یَکْرُمُ باب کا اسم فاعل ہمیشہ فَعِیْلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے کَرِیْمٌ، شَرِیْفٌ اور حَسِیْنٌ وغیرہ۔

iii- آسانی کے لیے ان ابواب کو امثلہ کے نام سے پکارا جاتا ہے مثلاً باب ضَرَبَ یَضْرِبُ باب مَنَعَ یَمْنَعُ وغیرہ۔

سوال: مشہور ابواب ثلاثی مزید کتنے ہیں؟ مع نام تحریر کریں۔

جواب: ثلاثی مزید فیہ کے مشہور ابواب درج ذیل ہیں:

		مصدر	ماضی	مضارع
اِفْعَالٌ	جیسے	اِكْرَمٌ	اَكْرَمَ	يُكْرِمُ
تَفْعِيلٌ	جیسے	تَصْرِيفٌ	صَرَّفَ	يُصَرِّفُ
مُفَاعَلَةٌ	جیسے	مُقَابَلَةٌ	قَابَلَ	يُقَابِلُ
تَفَعُّلٌ	جیسے	تَقَبُّلٌ	تَقَبَّلَ	يَتَقَبَّلُ
تَفَاعُلٌ	جیسے	تَقَابُلٌ	تَقَابَلَ	مضارع يَتَقَابَلُ
اِفْتِعَالٌ	جیسے	اِكْتِسَابٌ	اِكْتَسَبَ	يَكْتَسِبُ
اِنفِعَالٌ	جیسے	اِنْصِرَافٌ	اِنْصَرَفَ	يَنْصَرِفُ
اِسْتِفْعَالٌ	جیسے	اِسْتِغْفَارٌ	اِسْتَغْفَرَ	يَسْتَغْفِرُ

نوٹ: باب مفاعلہ اور تَفَاعُل کی ماضی مجہول کا الف واؤ سے بدل جاتا ہے جیسے قَابَلَ سے قُوْبِلَ اور تَقَابَلَ سے تُقُوْبِلَ۔

سوال: ہفت اقسام کیا ہیں؟ تعریف کریں اور مثالوں سے واضح کریں۔

جواب: **ہفت اقسام:**

شعر صحیح است و مثال است و مضاعف: لَفِیف و ناقص و مہموز و اجوف۔

1- صحیح:

صحیح وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلی میں ہمزہ، حرف علت اور دو حروف ہم جنس نہ ہوں۔ جیسے ضَرَبَ، دَحْرَجَ، رَجُلٌ، اِجْتَنَبَ وغیرہ۔

2- مهموز:

مہموز وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلی میں ہمزہ ہو۔ جیسے أَمَرَ، سَأَلَ، قَرَأَ وغیرہ۔

3- معتل:

معتل وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلی میں حرف علت (واؤ، یاء) ہو اس کی تین قسمیں ہیں:

1- معتل الفاء: اس کا دوسرا نام مثال ہے جس کا ف کلمہ حرف علت ہو جیسے وَعَدَ، يُسْرٌ۔

2- معتل العین: اس کا دوسرا نام اجوف ہے جس کا عین کلمہ حرف علت ہو جیسے قَوْلٌ، بَيْعٌ۔

3- معتل اللام: اس کا دوسرا نام ناقص ہے جس کا لام کلمہ حرف علت ہو جیسے دَعْوٌ' رَضِيَ وغیرہ۔

4- لفیف:

لفیف جس میں دو حرف علت ہوں۔ اگر دونوں حرف علت میں ایک اور حرف آ گیا ہے تو اسے لفیف مفروق کہتے ہیں جیسے وَلِيٌّ' وَحْيٌ اور اگر دونوں حرف علت ملے ہوئے ہوں تو اسے لفیف مقرون کہتے ہیں جیسے طَوٰی' یَوْمٌ وغیرہ۔

5- مضاعف:

مضاعف وہ ہے جس میں دو حرف اصلی ایک ہی جنس کے ہوں جیسے مَدٌّ' مَرٌّ وغیرہ۔

6- مثال

اس میں حسب ذیل تغیرات واقع ہوتے ہیں:

1- ثلاثی مجرد کے مکسور العین مضارع سے حرف واؤ گر جاتا ہے۔ جیسے وَعَدَ کا مضارع یَعِدُ سے جو اصل میں یَوْعِدُ تھا۔ اس کے امر سے بھی واؤ اور الف دونوں گر جاتے ہیں جیسے عِدْ' زِنْ' صِفْ جو اصل میں اِوْعِدْ' اِوْزِنْ اور اِوْصِفْ تھے نیز اس کے مصدر سے واؤ گرا کر آخر میں ۃ لاحق کرنا جائز ہے۔ جیسے وَعْدٌ' وَصْفٌ' وَزْنٌ' وَصْلٌ سے عِدَۃٌ صِفَۃٌ' زِنَۃٌ اور صِلَۃٌ بنا لیتے ہیں۔

2- باب افتعال کے فاء کلمے میں جو واؤ پایا واقع ہو وہ ت سے بدل کر ت میں ادغام ہو کرتی ہے۔ جیسے اِتَّقَدَ' اتَّعَظَ' اِتَّسَرَ کہ اصل میں اِوْتَقَدَ' اِوْتَعَظَ اور اِیْتَسَرَ تھے۔

3- باب افعال کے مضارع' اسم فاعل اور اسم مفعول کے فاء کلمے کی یاء بسبب واقع ہونے کے بعد ضَمَّہ کے واؤ سے بدل جاتی ہے جیسے یُوْسِرُ مُوْسَرٌ کہ اصل میں یُیْسِرُ' مُیْسِرٌ اور مُیْسَرٌ تھے۔

4- اِفْعَال اور استفعال کا واو کسرہ کے بعد واقع ہونے کے سبب ی سے بدل جاتا ہے۔ جیسے اِیْقَادُ' اِسْتِیْقَادُ جو کہ اصل میں اِوْقَادُ اور اِسْتِوْقَادُ تھے۔

7- اجوف

اجوف واوی (باب نَصَرَ یَنْصُرُ ماضی مفتوح العین اور مضارع مضمون العین)

گردان ماضی معروف

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	قَالَ	قَالَا	قَالُوْا
	مونث	قَالَتْ	قَالَتَا	قُلْنَ
مخاطب	مذکر	قُلْتَ	قُلْتُمَا	قُلْتُمْ
	مونث	قُلْتِ	قُلْتُمَا	قُلْتُنَّ
متکلم	مذکر مونث	قُلْتُ	قُلْنَا	قُلْنَا

قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا واؤ متحرک ماقبل مفتوح' الف سے بدل گئی۔ قُلْنَ اصل میں قَوَلْنَ تھا واؤ الف ہوکر بسبب اجتماع ساکنین گر گئی اور فاء کلمہ پر ضمہ دیا گیا ایسا ہی قُلْتَ سے قُلْنَا تک۔

گردان ماضی مجہول

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	قِيْلَ	قِيْلَا	قِيْلُوْا
	مونث	قِيْلَتْ	قِيْلَتَا	قُلْنَ
مخاطب	مذکر	قُلْتَ	قُلْتُمَا	قُلْتُمْ
	مونث	قُلْتِ	قُلْتُمَا	قُلْتُنَّ
متکلم	مذکر مونث	قُلْتُ	قُلْنَا	

قِيْلَ اصل میں قُوِلَ تھا۔ کسرہ واو ی سے بدل گئی۔ قُلْنَ اصل میں قُوِلْنَ تھا واؤ گر گئی ایسا ہی اخیر تک۔

گردان مضارع معروف

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	يَقُوْلُ	يَقُوْلَانِ	يَقُوْلُوْنَ
	مونث	تَقُوْلُ	تَقُوْلَانِ	يَقُلْنَ
مخاطب	مذکر	تَقُوْلُ	تَقُوْلَانِ	تَقُوْلُوْنَ
	مونث	تَقُوْلِيْنَ	تَقُوْلَانِ	تَقُلْنَ
متکلم	مذکر مونث	اَقُوْلُ	نَقُوْلُ	

يَقُوْلُ اصل میں يَقْوُلُ تھا۔ واؤ کا ضمہ ماقبل کو دیا گیا۔

يَقُلْنَ اصل میں يَقْوُلْنَ تھا۔ واؤ کا ضمہ ماقبل کو دیا اور واؤ گر گئی ایسا ہی تَقُلْنَ ہے۔

گردان مضارع مجہول

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	يُقَالُ	يُقَالَانِ	يُقَالُوْنَ
	مونث	تُقَالُ	تُقَالَانِ	يُقَلْنَ
مخاطب	مذکر	تُقَالُ	تُقَالَانِ	تُقَالُوْنَ
	مونث	تُقَالِيْنَ	تُقَالَانِ	تُقَلْنَ
متکلم	مذکر مونث	اُقَالُ	نُقَالُ	

يُقَالُ اصل میں يُقْوَلُ تھا۔ واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا اور واؤ الف سے بدل گئی۔

يُقَلْنَ اصل میں يُقْوَلْنَ تھا۔ فتحہ واؤ سے ماقبل کو ملا اور واؤ اجتماع ساکنین کے باعث جو باعث ثقل ہے گر گئی۔

گردان امر حاضر

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مخاطب	مذکر	قُلْ	قُوْلَا	قُوْلُوْا
	مونث	قُوْلِیْ	قُوْلَا	قُلْنَ

قُلْ دراصل اُقْوُلْ تھا۔ واؤ کا ضمہ ماقبل پر آیا اور واؤ بسبب اجتماع ساکنین کے گر گئی اور پھر بسبب متحرک ہونے فاکلمہ یعنی قاف کے ہمزہ وصل کی بھی ضرورت نہ رہی قُلْ ہو گیا۔

قُوْلَا اصل میں اُقْوُلَا تھا۔ واؤ کا ضمہ ماقبل پر آیا اور پھر بسبب متحرک ہونے فاکلمہ کے ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی۔ قُوْلَا ہو گیا۔ اس طرح قُوْلُوْا قُوْلِیْ اور قُوْلَا بن گئے۔

گردان اسم فاعل

قَائِلٌ اصل میں قَاوِلٌ تھا۔ واؤ الف فاعل ہونے کے باعث ہمزہ سے بدل گئی۔ ایسا ہی اگلے صیغوں پر عمل کیا گیا۔

گردان اسم مفعول

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	مَقُوْلٌ	مَقُوْلَانِ	مَقُوْلُوْنَ
مونث	مَقُوْلَۃٌ	مَقُوْلَتَانِ	مَقُوْلَاتٌ

مَقُوْلٌ اصل میں مَقْوُوْلٌ تھا۔ واؤ کا ضمہ ماقبل پر آیا اور واؤ بسبب اجتماع ساکنین گر گئی مَقُوْلٌ ہو گیا۔

اجوف واوی (باب سَمِعَ یَسْمَعُ)

گردان ماضی معروف

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	خَافَ	خَافَا	خَافُوْا
	مونث	خَافَتْ	خَافَتَا	خِفْنَ

مخاطب	مذکر	خِفْتَ	خِفْتُمَا	خِفْتُمْ
	مونث	خِفْتِ	خِفْتُمَا	خِفْتُنَّ.
متکلم	مذکر مونث	خِفْتُ	خِفْنَا	

خَافَ اصل میں خَوِفَ تھا۔ واؤ متحرک ماقبل مفتوح الف سے بدل گئی۔

خِفْنَ دراصل خَوِفْنَ تھا۔ واؤ کا کسرہ ماقبل پر آیا اور واؤ بسبب اجتماع ساکنین گر گئی خِفْنَ ہو گیا۔

گردان ماضی مجہول

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	خِيْفَ	خِيْفَا	خِيْفُوْا
	مونث	خِيْفَتْ	خِيْفَتَا	خِفْنَ
مخاطب	مذکر	خِفْتَ	خِفْتُمَا	خِفْتُمْ
	مونث	خِفْتِ	خِفْتُمَا	خِفْتُنَّ
متکلم	مذکر مونث	خِفْتُ	خِفْنَا	

خِيْفَ دراصل خُوِفَ تھا۔ واؤ کا کسرہ اس کے ماقبل پر آیا اور واو ی سے بدل گئی۔

خِفْنَ دراصل خُوِفْنَ تھا۔ واؤ کا کسرہ ماقبل کو ملا اور واؤ بسبب اجتماع ساکنین گر گئی۔ خِفْنَ بن گیا۔

گردان مضارع معروف

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	يَخَافُ	يَخَافَانِ	يَخَافُوْنَ
	مونث	تَخَافُ	تَخَافَانِ	يَخَفْنَ
مخاطب	مذکر	تَخَافُ	تَخَافَانِ	تَخَافُوْنَ
	مونث	تَخَافِيْنَ	تَخَافَانِ	تَخَفْنَ

متکلم	مذکر	اَخَافُ	نَخَافُ
	مونث		

یَخَافُ دراصل یَخْوَفُ تھا واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا گیا اور واؤ الف سے بدل گئی۔

یَخَفْنَ اصل میں یَخْوَفْنَ تھا۔ واؤ کی حرکت اس کے ماقبل کو دینے کے بعد واؤ الف ہو کر گر گئی۔

نوٹ: مضارع مجہول کی گردان مضارع معروف کی طرح ہے صرف حرف اتین پر ضمہ آئے گا جیسے یُخَافُ، یُخَافَانِ وغیرہ۔

گردان امر حاضر

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	خَفْ	خَافَا	خَافُوْا
مونث	خَافِیْ	خَافَا	خَفْنَ

خَفْ دراصل اِخْوَفْ تھا۔ واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا اور واؤ الف ہو کر اجتماع ساکنین کے باعث گر گئی اور اِخَفْ ہوا پھر ہمزہ وصل کی بھی ضرورت نہ رہی کیونکہ فاء کلمہ متحرک ہے وہ گر گیا خَفْ رہ گیا۔

اجوف یائی

ماضی معروف:

اس کی گردان بعینہٖ خَافَ کی گردان کی طرح ہوتی ہے جیسے بَاعَ بَاعَا بَاعُوْا وغیرہ۔

تعلیل:

بَاعَ دراصل بَیَعَ تھا۔ یاء متحرک ماقبل مفتوح الف سے بدل گئی۔

بِعْنَ دراصل بَیَعْنَ تھا۔ یاء الف سے بدل کر گر گئی اور ب کو کسرہ دیا گیا بِعْنَ ہو گیا۔
اسی طرح بِعْتُ سے بِعْنَا تک ہوگا۔

ماضی مجہول:

خِیْفَ کی گردان کی طرح بِیْعَ کی گردان ہے۔

تعلیل:

بِیْعَ اصل میں بُیِعَ تھا۔ یاء کا کسرہ فاء کلمے پر بجائے ضمہ کے آیا بِیْعَ ہو گیا۔

بِعْنَ دراصل بُيِعْنَ تھا۔ یاء گر گئی اور فاء کلمے کو اس کا کسرہ دیا گیا۔

گردان مضارع معروف

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	يَبِيعُ	يَبِيعَانِ	يَبِيعُونَ
	مونث	تَبِيعُ	تَبِيعَانِ	يَبِعْنَ
مخاطب	مذکر	تَبِيعُ	تَبِيعَانِ	تَبِيعُونَ
	مونث	تَبِيعِينَ	تَبِيعَانِ	تَبِعْنَ
متکلم	مذکر مونث	اَبِيعُ	نَبِيعُ	

تعلیل:

يَبِيعُ اصل میں يَبْيِعُ کسرہ یاء سے نقل ہو کر حرف ماقبل پر آیا۔
